والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ
اسلامی محمدی بڑی تقویم
بمبئی
سنہ ۱۳۹۵ ہجری
مطبوعہ مطبع محمدی بمبئی ۱۰
تلا
میزان
حمل
میکھ
برچھک
عقرب
ثور
برکھ
دھن
قوس
متھن
جوزا
مکر
جدی
سرطان
کرک
اسد
سنگھ
سنبلہ
کنیا
مین
حوت
کنبھ
دلو
مؤلفین و مرتبین
جناب حکیم منجم شمس الدین صاحب کمال قلندری بنارسی
جے ۹۷/۳۳ کچی باغ بنارس
جناب مولانا ابراہیم عمادی صاحب ندوی
بی آئی ٹی بلاک
علی بھائی شرف علی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ
۳۷۳۔ ابراہیم رحمت اللہ روڈ۔ بمبئی ۳

نمونہ قرآن الحمید مترجم عکسی مع تفسیر موضح القرآن

مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ

بوجھ بھاری ہوں گے وہ فلاح پانے والے ہیں۔ اور جن کے بوجھ ہلکے ہوں گے وہ

فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

وہ لوگ ہیں، جنھوں نے اپنے تئیں خسارے میں ڈالا۔ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ

آگ ان کے منہوں کو جھلس دے گی اور وہ اس میں تیوری چڑھائے ہوں گے۔ ف۱ کیا تم کو میری

اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا

آیتیں پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں (نہیں) تم ان کو سنتے تھے (اور) جھٹلاتے تھے اے ہمارے پروردگار

غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا

ہم پر ہماری کمبختی غالب ہوگئی اور رستے سے بھٹک گئے۔ اے پروردگار! ہم کو اس

مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا

میں سے نکال دے، اگر ہم پھر (ایسے کام) کریں، تو ظالم ہوں گے (خدا) فرمائے گا کہ اسی میں ذلت کے ساتھ

موضح القرآن

ف۱ جلتے جلتے بدن سو
جائے گا۔ نیچے کا ہونٹ
ناف تک اور اوپر
کھوپڑی تک اور زبان
گھسٹتی زمین میں لوگ
اس کو روندتے۔ ۱۲ م
ف۲ یعنی فرشتوں
جنھوں نے نیکی اور

قرآن الحمید مترجم عکسی از مولانا فتح محمد خانصاحب جالندھری مع تفسیر موضح القرآن

شاہ عبدالقادر صاحب محدث دہلوی

ہدیہ حوالہ ۱

ہدیہ حوالہ ۲

ہدیہ حوالہ ۳

علی بھائی شرف علی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ ۳۷۳ ابراہیم رحمت اللہ روڈ بمبئی نمبر ۳

فہرست مضامین اسلامی محمدی بڑی تقویم بمبئی ۱۳۹۵ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ

اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم لا تأخذہ سنۃ ولا نوم ط لہ ما فی السموات وما فی الارض ط

لہ ملک السموات والارض ـ وما من الٰہ الا الٰہ واحد ط ـ ان الحکم الا للہ ط امر الا تعبدو

اللہ قادر مطلق کے لئے زمین اور آسمانوں کی حکومت ہے ـ اس ذات واحد کے کوئی اور اللہ نہیں ـ حکم تو سوائے اللہ کے کسی اور کا نہیں، اسی کا

الا ایاہ ـ بدیع السموات والارض ـ قل اللھم مالک الملک

فرمان ہے کہ اسکے سوا کسی اور کی بندگی نہ کرو ـ اسی اللہ نے زمین اور آسمانوں کو (مادہ اور مثال کے بغیر) پیدا کیا کہہ دے

تؤتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء ط

اے اللہ ملک کا حقیقی مالک تو ہی ہے جسے چاہے حکومت دے اور جس سے چاہے چھین لے (آل عمران)

صنع اللہ الذی اتقن کل شیء وقل رب ادخلنی مدخل

یہ اللہ ہی کی صفت ہے کہ اس نے ہر چیز کو درست اور صحیح بنایا اور دعا کر کہ اے اللہ مجھ کو

صدق واخرجنی مخرج صدق واجعل لی من لدنک

جہاں بھی تو لے جا سچائی کے ساتھ اور جہاں سے بھی نکال سچائی کے ساتھ، اور میری پوری پوری تو

سلطانا نصیرا ط بنی اسرائیل

مدد کر ـ وہ اللہ ہی کی ذات ہے

اللہ الذی خلقکم من ضعف

جس نے تم کو (شروع میں) کمزور پیدا کیا ـ

ثم جعل من بعد ضعف قوۃ ـ ان اللہ فالق

پھر کمزوری کے بعد طاقت بخشی ـ بے شک اللہ ہی دانے اور گٹھلی کو پھاڑ کر

الحب والنوی ط یخرج الحی من المیت ومخرج

درخت اگاتا ہے ـ وہی جاندار کو بے جان سے پیدا کرتا ہے ـ وہی جلاتا ہے

المیت من الحی ط ھو الذی انزل من السماء

وہی اللہ ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا

لا الٰہ الا اللہ

خودی کا سرِ نہاں لا الٰہ الا اللہ
خودی ہے تیغ فساں لا الٰہ الا اللہ

یہ دور اپنے ابراہیم کی تلاش میں ہے
صنم کدہ ہے جہاں لا الٰہ الا اللہ

کیا ہے تو نے متاع غرور کا سودا
فریب سود و زیاں لا الٰہ الا اللہ

یہ مال و دولت دنیا یہ رشتہ و پیوند
بتانِ وہم و گماں لا الٰہ الا اللہ

خرد ہوئی ہے زمان و مکاں کی زناری
نہ ہے زماں نہ مکاں لا الٰہ الا اللہ

یہ نغمہ فصلِ گل و لالہ کا نہیں پابند
بہار ہو کہ خزاں لا الٰہ الا اللہ

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

ماء لکم منہ شراب ومنہ شجر فیہ تسیمون ـ یایھا الناس انا خلقنکم من ذکر وانثی وجعلنکم

جسے تم پیتے ہو اور اس سے درخت بھی ہرے بھرے ہوجاتے ہیں ـ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے لوگو ہم نے تمکو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہاری قومیں

شعوبا وقبائل لتعارفوا ط ان اکرمکم عند اللہ اتقکم ط ان اللہ علیم خبیر ط ینبت لکم بہ

اور قبیلے بنائے تاکہ آپس میں پہچانے جاسکو، یاد رکھو اللہ کے نزدیک تم میں بڑی عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار اور اچھا ہے بیشک اللہ سب کچھ جانتا ہے وہی اللہ پانی سے

الزرع والزیتون والنخیل والاعناب ومن کل الثمرات (النحل)

(تمہارے لئے کھیتی اگاتا ہے اور زیتون اور کھجور اور انگور اور قسم قسم کے پھل پیدا کرتا ہے)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی زندگی کے روشن پہلو

(مولانا ابراہیم عمادی ندوی مؤلف)

نبی آخر الزماں کی آمد :-

هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَ یُزَكِّیْهِمْ وَ یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ ط البقرہ

وہی اللہ ہے جس نے جاہلوں میں خود انہیں میں سے ایک رسول پیدا کیا جو انہیں اللہ کی نشانیاں بتلاتا ہے۔ ان کے نفس (دل ود ماغ) کا تزکیہ کرتا ہے اور ان لوگوں کو کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے۔"

یہ دنیا نئے دور میں داخل ہونے والی تھی، نبوت کا سلسلہ بھی ختم ہونے والا تھا۔ دین کی تکمیل کا یہ آخری درجہ تھا۔ انسانی ذہن ودماغ اب مکمل ہو چکے تھے۔ ایسے وقت میں قدرت نے انبیاء کرام کے آخری ترجمان حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ معظمہ میں پیدا کیا۔ آپ کی ولادت بحساب قمری ۱۲ ربیع الاوّل دوشنبہ کا دن صبح سویرے ہوئی، بحساب شمسی تاریخ ۲۰ اپریل ۵۷۱ء تھی۔

دین اسلام کیا ہے!

دین اسلام اللہ تعالیٰ کا مقرر کردہ نصاب تعلیم و تربیت ہے یہ نصاب تعلیم و تربیت درجہ بدرجہ انبیاء کرام کے ذریعہ آنا رہا اور نبی آخر الزماں کے دور میں اس کی تکمیل ہوگئی۔

اس نصاب تعلیم و تربیت کا مقصد یہ تھا کہ انسانوں میں انسانیت پیدا ہو۔ وہ صحیح تہذیب کی اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے مہذب اور متمدن اور پاکیزہ زندگی گذاریں اور اس طرح صحت مند معاشرہ کی تعمیر ہو۔ دنیا میں امن اور سکون پیدا ہو۔ اور لوگ اپنے مالک کے شکر گذار بندے بنیں۔

دین اسلام کی نصاب و تربیت کی ابتدا حضرت آدم علیہ السلام سے ہوئی اور درجہ بدرجہ حضرت نوحؑ اور حضرت ابراہیمؑ، حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ علیہم السلام کے ذریعے اقوام کی تعلیم و تربیت کرتے ہوئے نبی آخر الزماں پر آ کر یہ نصاب تعلیم و تربیت مکمل ہو گیا اور اللہ کا فرمان جاری ہو گیا۔

اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ط

اے رسول! آج کے دن آپ کے لئے دین اسلام کو مکمل کر دیا اور اپنی نعمتیں آپ پر پوری کر دیں اور دین اسلام تمہارے لئے پسند کیا۔

دین اسلام کی تبلیغ واشاعت :-

دین اسلام مکمل نصاب تعلیم و تربیت کا نام ہے، آپؐ کو حکم دے دیا گیا کہ دین اسلام کی تبلیغ واشاعت کا کام شروع کر دیجئے۔

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَ اَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ط

اے رسول! آپؐ کو جو حکم دیا گیا ہے اسے کھل کر سنائیے اور مشرکین کی کوئی پروا نہ کیجئے!

مکہ معظمہ عرب میں مشہور شہر ہے اس شہر کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آباد کیا تھا اور اس شہر میں اللہ کے حکم سے اللہ کا گھر (بیت اللہ شریف) کی تعمیر کوئی چار ہزار برس پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسمٰعیلؑ کے ہاتھوں ہوئی تھی۔

شہر مکہ میں حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد میں آباد تھیں ان کو قریش کہتے تھے۔ قریش حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تعلیم کو بھول گئے۔ اور غلط راستے پر پڑ کر بت پرستی کرنے لگے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو صلاح و فلاح کے لئے بھیجا آپ نے مقرر نصاب تعلیم و تربیت کی تکمیل فرمائی۔

قریش پورے عرب میں معزز اور محترم سمجھے جاتے تھے یہ لوگ کعبۃ اللہ کے مجاور اور حاجیوں کے خدمت گذار تھے حج کے موقع پر جملہ انتظامات قریش کے ہاتھوں میں تھے۔

مکہ جو اہل عرب کا دینی مرکز تھا۔ وہاں کسی اور مذہب یا رسم و رواج کے بارے میں بات کرنا یا سوچنا بھی دشوار تھا اس لئے حکمتِ الٰہی کا تقاضہ یہ ہوا کہ ابتداء دین اسلام کی تبلیغ واشاعت کا کام نہایت خاموشی سے کیا جائے اور صرف ان لوگوں کے سامنے دین کی تعلیم پیش کی جائے جو اچھا ذہن ودماغ رکھتے ہوں اور حق بات پر غور وفکر کرنے کی عادت ان میں ہو۔ چنانچہ آپؐ نے دین کی تعلیم کو پہلے اپنے خاص خاص دوستوں تک محدود رکھا اور صرف ان لوگوں کو حق کی دعوت دیتے تھے، جن میں حق پسندی کا جذبہ دیکھتے تھے۔

اس ابتدائی دور میں صرف یہ چار آدمی قابل ذکر ہیں جو فوراً ایمان لائے اور دین اسلام کی حقانیت کو سوچ کر قبول کر لیا ان میں آپؐ کی محترم بیوی حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ جو اس وقت آٹھ یا نو سال کے تھے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت زید بن حارث رضؓ ہیں۔ ان بزرگوں کے اسلام لانے سے آپ کو خاص تقویت پہنچی اور اب آپ آگے بڑھے۔

حق حق ہے اس کا دائرہ کبھی تنگ نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ دین اسلام کی

تبلیغ واشاعت کا حلقہ رفتہ رفتہ وسیع سے وسیع تر ہوتا گیا اور اب حضرت عثمان بن عفان، حضرت زبیر بن عوّام، حضرت عبدالرحمان بن عوف حضرت سعد بن ابی وقاص، طلحہ بن عبید اللہ اور ابوعبیدہ بن الجراح۔ ابوسلمہ ارقم مخزومی عبید بن حارث، سعید بن زید مع اپنی بیوی فاطمہ بنت خطاب یہ سب لوگ دین کے دائرے میں داخل ہو گئے رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

مکہ معظمہ کی سماجی زندگی میں اب دین اسلام کوئی اجنبی دین نہ تھا ان بزرگوں کے اسلام قبول کر لینے سے اسلام کی طاقت بہت بڑھ گئی لیکن مخالفت کا جذبہ بھی اب تیز ہو گیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جملہ مسلمانوں کے ساتھ خاموشی سے حضرت ارقم مخزومی کے گھر سے جمع ہوتے تھے۔ یہ اجتماع تقریباً روزانہ ہوتا تھا اور آپ یہاں نئے اسلام لانے والوں کو اچھی اچھی باتیں اور زندگی کے آداب سکھاتے تھے اور دین کی تعلیم دیتے تھے۔ تین برس تک اس طرح خاموشی سے دین کا کام ہوتا رہا اور اب اس کے اثرات ظاہر ہونے لگے اور دین کا دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوتا گیا۔

مکہ معظمہ میں قدیم سے بت پرستی کے مذہب میں کوئی دخل دینے والا نہیں تھا۔ لیکن اب مقابلے میں ایک اور مذہب آ گیا جو ہر حیثیت سے بہتر اور قابل قبول تھا آپ نے تبلیغ واشاعت کا کام نہایت حوصلے اور ہمت کے ساتھ شروع کر دیا۔ اب کفار قریش دشمن بن کر مقابل میں آ گئے۔ اور پوری دشمنی پر اتر آئے۔ طرح طرح کے حربے اور طریقے دین واسلام کو ختم کر دینے کے اختیار کرتے رہے لیکن اسلام کا دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوتا گیا۔

منصب نبوت اور دین کے فرائض:

آپ کی ذات گرامی انسان کامل کی حیثیت رکھتی تھی اور اہل عالم کے لئے ایک اعلیٰ ترین نمونہ تھی۔ اعلیٰ ترین شہری زندگی اور کامیاب شہری آپ ہی کی مقدس ذات تھی۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں آپ کی زندگی اور منصب نبوت کی مختلف حیثیتوں کا ذکر کثرت سے کیا ہے یعنی منصب نبوت اور شہری زندگی کے جتنے مختلف پہلو تھے آپ ان پر من جانب اللہ مامور تھے۔ تاکہ آپ تعلیم اور تربیت کر سکیں اور سب کے لئے نمونہ بھی آپ کی ذات بن سکے!

آپ کی پہلی نمایاں حیثیت معلّم دین اور مربّی اور سرپرست کی اللہ تعالیٰ نے اس حیثیت کا ذکر یوں فرمایا ہے۔

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ ط

اے ہمارے پروردگار ان لوگوں کے پاس انہیں میں سے ایک رسول بھیج جو ان کو تیری آیات پڑھ کر سنائے اور ان کو کتاب الحکمت کی تعلیم دے۔ اور ان کے نفس (دل) و دماغ کو پاک وصاف کرے۔

یعنی وہ رسول انہیں لوگوں کے خاندان سے ہونا ہے تاکہ وہ لوگ اس رسول کے طور وطریقوں کی نقل کر سکیں، اس کی پیروی کر سکیں۔ نیز وہ رسول ان کے خیالات کو بدل دے وہ برائیوں سے پاک وصاف کر کے ان میں اچھے خیالات پیدا کر دے نیز خود غرضی لالچ، دشمنی اور نفرت مال و دولت سے محبت، ان جملہ برائیوں سے ان لوگوں کو تربیت دے کر بچائے، ان لوگوں میں زندگی کا مقصد واضح ہو جائے اور زندگی کا شعور جاگ اٹھے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ ط

اے مسلمانو! تمہارے لئے رسول اللہ کی پاک زندگی ایک بہترین نمونہ عمل ہے ہر اس شخص کے لئے جو اللہ اور یوم قیامت میں اپنی نجات کی امید رکھتا ہے۔

اس رسول کی حیثیت ہر طرح بلند ہے جس نے اس رسول کی بیعت کی اور فرماں بردار بنا گویا وہ اللہ کا فرمانبردار بن گیا۔ اور اللہ سے بیعت کی۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ ط

اے نبیؐ! یقیناً جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں گویا وہ حقیقتاً اللہ سے بیعت کرتے ہیں!

رسول اللہ کا حکم اللہ کا حکم ہے۔ جس نے رسول اللہ کے حکم کے مطابق عمل کیا رسول اور نبی اللہ تعالیٰ کے خاص بندے ہوتے ہیں وہ جو کچھ کہتے ہیں وہ اللہ کی مرضی ہوتی ہے وہ رسول اور نبی اللہ کی طرف سے انسانوں کی صلاح وفلاح کے لئے مقرر کئے جاتے ہیں۔ وہ انسانوں کو اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ نصاب تعلیم وتربیت کے مطابق تعلیم دیتے اور تربیت دیتے ہیں اور انسانیت کی باتیں سکھاتے ہیں۔

آپؐ کی حیثیت جن کا ذکر قرآن میں ہے

آپ کی ایک حیثیت معلّم اور مربّی کا ہے آپ اچھی باتیں سکھاتے ہیں اور تربیت دیتے ہیں یہ تعلیم وتربیت کئی طرح سے ہوتی ہے۔ مثلاً

الف (۱) کتاب اللہ کی تعلیم دیتے ہیں۔ اور اللہ کے احکام من وعن بندوں تک پہنچا دیتے ہیں۔

(۲) منشاء الٰہی کے مطابق ان احکام پر آپؐ نے عمل فرمایا اور جو تشریح کر دی بس وہی صحیح اور مستند ہے اور وہی عمل صالح ہے۔

(۳) ہر شہری کی انفرادی زندگی کو تربیت دے کر پاکیزہ اور بہتر بناتے ہیں۔ وہ اپنے اعمال کس طرح انجام دے اور مرد مومن کیسے بن سکتا ہے۔

(۴) اجتماعی اور معاشی زندگی اس کی کیسی ہونی چاہیئے۔ وہ خاندان اور سوسائٹی میں کیسے اپنے کو پیش کرے اور کب نمونہ بنے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس زندگی کا ایک خاص پہلو یہ بھی ہے۔

ب:- (۱) دوسری حیثیت آپ کی مفسر قرآن حکیم کی ہے۔

آپ من جانب اللہ قرآن حکیم کی تفسیر وتشریح کے ذمہ دار تھے آپ نے جن حکم کی جو تفسیر بیان فرما دی بس وہی صحیح ہو گی۔ قرآن حکیم میں فرائض کا ذکر نہایت مختصر آیا ہے۔ نماز کی فرضیت کا ذکر تو ہے مگر رکعتوں کی تعداد اور دیگر شرائط وغیرہ کا ذکر نہیں آیا ہے ان سارے مسائل کی تشریح آپ نے فرما دی ہی مستند ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَاَنْزَلْنَا اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ ط

اور (اے نبی) یہ ذکر قرآن حکیم، ہم نے آپؐ اتارا تاکہ آپؐ کتاب اللہ کے احکام اور آیات کی تشریح وتفسیر فرماویں جو ان لوگوں کے لئے بھیجی گئی ہے۔

گویا آپؐ من جانب اللہ مامور تھے۔

(۲) صفائی اور پاکیزگی جو ایمان کا جزو ہے قرآن حکیم میں اس کا ذکر اس قدر آیا ہے۔

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ط

(اے رسول اپنے کپڑے پاک وصاف رکھئے

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ط

اللہ پاک وصاف رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

شارع اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ طہارت کے سلسلے میں پوری تفصیل بیان فرمادی اور اس کے درجے مقرر کئے اور اصول بتائے، مثلاً استنجا کرنا۔ نیز طہارت جسم ولباس کے طریقے اور استعمال میں آنے والی جملہ اشیاء کے متعلق مفصل ہدایات اور اصول آپ نے بیان فرمایا ہے اور ان پر خود عمل کر کے دکھایا تاکہ کوئی چیز مبہم نہ رہے۔

(۳) ناپاکی کے درجے قائم ہیں۔ اس ناپاکی میں جنابت بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ:

حالت جنابت میں پاک ہوئے بغیر نماز درست نہیں! (النساء المائدہ)

جنابت جیسی ناپاکی سے کیوں پاکیزگی حاصل ہو سکتی ہے اس کا کہیں ذکر نہیں آیا ہے اور نہ کوئی طریقہ بتایا گیا ہے۔ آپ نے جنابت سے پاک وصاف بن جانے کے اصول اور طریقے بیان فرمائیے اور اس کے لئے غسل کا طریقہ مقرر فرمایا۔ آپ نے جنابت کی تشریح فرمائی۔ جنابت کیا ہے اور اس کا اطلاق کن حالتوں میں ہوتا ہے اور اس سے پاک ہونے کے طریقے کیا ہیں۔

(۴) قرآن پاک میں وضو کا طریقہ صرف اس قدر آیا ہے۔ جب نماز کے لئے کھڑے ہو تو:۔

اپنا منہ دھوؤ اور کہنیوں تک ہاتھ دھوؤ اپنے سروں کا مسح کرو۔

اور پاؤں ٹخنوں تک دھولو۔

شارع اعظم نے فرمایا:۔

منہ دھونے کے حکم کا مطلب یہ ہے کہ کلی کرنا۔ ناک میں پانی ڈالنا بھی شامل ہے کان سر کا ایک حصہ ہے اس لئے سر کے ساتھ اس پر بھی مسح کرلینا چاہیئے۔

پاؤں دھو لینا چاہیئے۔ اگر پاؤں میں جراب ہیں پاؤں پاک پہلے سے ہے تو اس پر مسح کرلینا کافی ہے۔

(۵) روزے میں صرف روزہ فرض کیا گیا اتنا بتایا گیا ہے اس کی تفصیلات شارع اعظم نے بیان فرمادیں۔ روزہ کھولنے کا طریقہ بتادیا گیا۔

حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ط

ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ط

(سحر کے وقت شب میں) اس وقت تک کھایا پیا جا سکتا ہے یہاں تک کہ آسمان پر سپیدی صبح نمودار ہو جائے۔ پھر رات تک روزے رکھے جائیں۔

شارع اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے کے سلسلے میں جملہ جزئیات بیان فرمادیں۔

(۶) قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ نے کھانے پینے کی چیزوں میں طیبات کا ذکر ہے اور حلال وحرام کا ذکر آیا ہے اور پھر باقی اشیاء کے متعلق عام ہدایت یہ فرمائی گئی ہے کہ تمہارے لئے پاک چیزیں حلال ہیں اور ناپاک چیزیں حرام کی گئی ہیں تفصیلات نہیں بیان کی گئی ہیں۔

شارع اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوری تفصیلات بیان فرمادیں اور اپنے قول اور عمل سے اس کو واضح کردیا۔ کیا چیزیں ناپاک ہیں اور کون چیزیں پاک ہیں طیبات کا کیا مطلب ہے فقہا نے اس سے اصول بنائے۔

(۷) قرآن حکیم میں قانون وراثت کا ذکر تفصیل سے ہے نہیں مثلاً قانون وراثت بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اگر میت کی نرینہ اولاد نہ ہو اور صرف ایک لڑکی ہو تو نصف ترکہ وہ پائے گی۔ اور اگر دو سے زائد لڑکیاں ہوں تو ان کو ترکہ کا دو تہائی (⅔) حصہ ملے گا۔

یہاں یہ بات واضح نہ تھی کہ اگر دو لڑکیاں ہوں تو وہ کتنا کتنا حصہ پائیں گی۔

شارع اعظم صلے اللہ علیہ وسلم نے توضیح فرمادی کہ دو لڑکیوں کا بھی اتنا ہی حصہ ہے جتنا دو سے زائد لڑکیوں کا مقرر کیا گیا ہے۔

(۸) قرآن حکیم نے جواز نکاح میں دو حقیقی بہنوں کو نکاح میں جمع کرنے سے منع کردیا ہے۔ شارع اعظم نے اس کی مزید تشریح فرمادی کہ پھوپھی بھتیجی اور خالہ بھانجی کو جمع کرلینا بھی اسی حکم میں شامل ہے۔

(ج):۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حیثیت پیشوا اور قابل تقلید شخصیت کی ہے۔ آپ نمونہ ہیں اور آپ کا ہر قول اور فعل، عادات و اطوار سب باتیں سنت میں اور دین میں داخل ہیں جن کی تقلید لازم ہے یہی عین اسلام ہے اور اللہ کا منشاء بھی وہی ہے کوئی شخص کیسا ہی صوم صلوٰۃ کا پابند ہو اگر سنت کے خلاف اس کے طریقے ہیں تو وہ صحیح نہیں۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ ط

اے نبی کہدیجئے، کہ اگر تم لوگ اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تعالیٰ تم کو پسند کرے گا۔

یہ اچھی طرح واضح رہنا چاہیئے کہ کوئی پیر فقیر یا صوفی اگر اس کے طور طریقے سنت رسول کے خلاف ہے یا وہ سنت پر عامل نہیں تو وہ پیر فقیر یا صوفی کے صحیح درجے پر فائز نہیں ہوسکتا، دین میں ایسے اشخاص کی کوئی اہم حیثیت نہیں جب تک کہ وہ سنت رسول پر صحیح طور سے پابند نہ ہو۔

(د): چوتھی حیثیت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقنن اور شارع کی ہے۔

مقنن یعنی قانون داں قانون بنانے والا۔ شارع کا مفہوم بھی یہی ہے یعنی آپ نے زندگی کے جس پہلو میں یا جن امور میں جو کچھ اصول اور قانون بتا دیئے ہیں بس وہ قانون کا درجہ رکھتے ہیں اور منشاء الٰہی یہی ہے۔

مَا اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا وَاتَّقُوا اللّٰہَ (الحشر)

اے مسلمانو! جو کچھ رسول تم کو دے (تعلیم اور اچھی باتیں) اسے لے لو اور (اس پر عمل کرو) اور جس سے وہ منع کرے اس سے دور ہو جاؤ، اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور خوف کھاؤ۔!

ایک جگہ آپؐ کے بارے میں قرآن حکیم نے بیان کیا:۔

یَاْمُرُھُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھٰھُمْ عَنِ الْمُنْکَرِ وَیُحِلُّ لَھُمُ الطَّیِّبٰتِ وَیُحَرِّمُ عَلَیْھِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَیَضَعُ عَنْھُمْ اِصْرَھُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِیْ کَانَتْ عَلَیْھِمْ ط

رسول ان سب کو اچھی باتوں کا حکم دیتا ہے اور منکرات (بری باتوں) سے وہ روکتا ہے اور ان کے لئے پاک چیزوں کو حلال کرتا ہے اور ناپاک کو حرام کرتا ہے اور رسول ان پر سے وہ بوجھ اور بندھن (رسم ورواج) دور کر دیتا ہے جن میں وہ پھنسے ہوئے تھے جائز اور ناجائز حرام اور حلال ان سب باتوں کے بارے میں آپؐ نے جو قانون بنا دیا ہے بس وہی شریعت کا قانون ہے اور اس سے الگ کوئی چیز نہیں۔

اسی طرح مسلم پرسنل لا جو مسلمانوں کے شادی بیاہ، نکاح وطلاق جائداد اور وراثت وغیرہ سے متعلق قوانین شریعت نے بنا دیئے ہیں اور جو قرآن حکیم اور سنت رسول سے ثابت ہیں ان میں کسی قسم کی تبدیلی کسی حالت میں نہیں کی جا سکتی۔

۵۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیثیت سردار قوم، امام اور منصف وعادل کی ہے کسی مسئلہ میں کسی مقدمہ میں جو کچھ فیصلہ دیدیا بس وہی فیصلہ صحیح ہے اور وہی انصاف ہے۔

مدینہ منورہ میں جب آپ ہجرت کر کے تشریف لائے تو ضروری تھا کہ مدینہ کی آبادی میں کوئی مکھیا، پٹیل، شریف اور سردار چن لیا جائے جو شہریوں کا نمائندہ تسلیم کیا جائے۔ آپؐ من جانب اللہ نبی تھے مگر دنیا میں اس حیثیت سے بھی آپ کو وہ درجہ دیا جا سکتا تھا آپ کے مقابل میں کسی اور کو یہ درجہ نہیں دیا جا سکتا۔ چنانچہ اہل مدینہ نے آپ کو یہ درجہ دیا اور صدر اور مکھیا تسلیم کر لیا منصف اور جج مان لیا چاہے وہ مسلمان ہوں یا یہود ونصاریٰ یا بت پرست سب کے لئے یہی صورت ہو سکتی تھی اور کوئی صورت نہیں۔

مثلاً آپؐ نے کسی مقدمہ میں فریقین کا بیان سنے اور جملہ مناسب کارروائیوں کے بعد کوئی فیصلہ کر دیا۔ فریقین مطمئن ہو گئے اور اگر ان میں کوئی مطمئن نہیں ہوا تو کسی اور کے پاس جا کر وہ اپنا مقدمہ پیش نہیں کر سکتا نہ کسی جماعت اور سردار قوم کو یہ حق ہو سکتا ہے کہ نبی اور رسول کے مقابلے میں کوئی فیصلہ کرے۔

وَمَا کَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَۃٍ اِذَا قَضَی اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَمْرًا اَنْ یَّکُوْنَ لَھُمُ الْخِیَرَۃُ مِنْ اَمْرِھِمْ ط (الاحزاب)

اور (سن لو) کسی مومن اور مومنہ کے لئے یہ حق نہیں کہ جب کسی معاملہ اور مقدمے میں اللہ اور اس کا رسول فیصلہ کر دے تو وہ اس پر پھر کوئی فیصلہ کریں۔ ان کے لئے اب کوئی اختیار نہیں ہے۔

اِنَّا اَنْزَلْنَا اِلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْکُمَ بَیْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰکَ اللّٰہُ ط (القرآن)

اے رسول ہم نے یہ کتاب (قرآن حکیم) اب یہ حق کے ساتھ نازل کی ہے تاکہ آپؐ لوگوں کے درمیان اللہ تعالیٰ کے دکھلائے ہوئے راستے کے مطابق فیصلہ کریں۔

۶: مدینہ منورہ میں اللہ کی حکومت قائم ہوئی، منشاء الٰہی کے مطابق آپؐ اس حکومت کے صدر تھے۔ اور جملہ اختیارات عاملانہ اور وضع قوانین کے نیز وزارت عظمیٰ کے اختیارات سب آپؐ ہی کی ذات والاصفات میں جمع تھے۔ کسی اور شخص کو آپؐ کے مقابلے میں کوئی درجہ حاصل نہیں ہو سکتا تھا اللہ نے آپؐ کو حکومت الٰہیہ کا صدر نامزد فرمایا اس صورت میں ریاست میں جملہ آباد شہریوں پر لازم بنا کر وہ آپ کے حکم احکام کی بےچون وچرا پابندی کریں۔ آپ کی فرمانبرداری اور اطاعت گویا اللہ کی فرمانبرداری اور اطاعت ہوگی۔

وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ ط

(اے مسلمانو) جو شخص رسول کی اطاعت کرتا ہے، وہ حقیقتاً اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتا ہے۔

اللہ کے رسول کو ہر حقیقت سے ترجیح حاصل ہے اور کسی کو آپؐ کے مقابلے میں ترجیح نہیں دی جا سکتی دنیا کی صلاح وفلاح اور اصلاح کے لئے۔ بہت سے ہادی قائد معلم، مصلح اور رہنما۔ نبی کا درجہ ان سب پر عزیز رکھتا ہے۔ اس طرح انبیاء کرام بھی اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے دنیا میں بھیجے۔

مگر ان کی تعلیم جزوی تھی اس دور اور درجے کے مطابق درمیانی نصاب تعلیم وتربیت تھا۔ لیکن آخری دور میں نبی آخر الزماں تشریف لائے اس آخری دور میں خدا کا نصاب تعلیم وتربیت مکمل ہو چکا تھا آپؐ نے انسانوں کو مکمل تعلیم وتربیت دی اور انسانی عظمت کو نمایاں اور روشن کر دیا آپ کی تعلیم اور تربیت حسن واخلاق اور حسن وعمل دونوں حیثیتوں سے اعلیٰ اور افضل تھی اس تعلیم و تربیت نے مسلمانوں کو اعلیٰ ترین پاکیزہ تہذیب وتمدن عطا کر کے نہایت مہذب متمدن اور کامیاب شہری بنا دیا۔ کوئی اور دین ایسا نمونہ نہیں پیش کر سکتا۔ مسلمان اگر صحیح دین پر عمل کریں تو آج بھی یہ بلند درجہ حاصل ہو سکتا ہے مگر وہ ان اسلامی اوصاف سے عاری ہو گئے۔ نمازیں بھی بے روح بن گئیں اور خود بے حقیقت بن گئے۔

سبق پھر پڑھ صداقت کا عدالت کا شجاعت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

اُمہات المومنین رضؑ کی مقدس حالاتِ زندگی

شیخ محمد اسمٰعیل شرابوردھن

روشن ماضی سے روشن تاریخ ظہور میں آتی ہے۔ معاشرہ اسی روشن تاریخ کا مرہون منت ہے۔ ملت محمدیؐ بھی اسلام کے روشن اور تابناک ماضی اور مسلمانوں کی دینی، علمی، تہذیبی، تمدنی اور اخلاقی تاریخ کو مشعل راہ اور دین و دنیا کی رہنمائی کا سنگ بنیاد اور عقیدہ اور ایمان کا جز واعلیٰ سمجھتی ہے۔ اگر اس بے بہا زندگی بخش اور ایمان و اخلاق افروز ماضی کی تاریخ مسلمان فراموش کر بیٹھیں اور اپنی اس مطاع حیات اور قابل تحفظ انمول "میراث ماضی" سے روگردانی کریں اور اس سے اپنے اخلاق وعادات کے سنوارنے اور روح وایمان کو مستحکم کرنے اور معاشرہ کی اصلاح کے لئے اسے چراغ حیات نہ سمجھیں تو سوائے تنزل اور ضلالت کے کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ دنیا سے بھی ہاتھ دھونا پڑے گا اور آخرت بھی برباد ہوگی۔

انقلابات خواہ سیاسی ہوں یا اقتصادی، معاشرتی ہوں یا تمدنی انسانوں کو جو بلا امتیاز اپنے دور کا پابند بنا دیتے ہیں۔ اور وہ انسان بنائے زمانہ کے ساتھ جدید تہذیب وتمدن کے دھارے میں بہہ کر اپنے اسلاف کے پاکیزہ زندگیوں کو فراموش کر بیٹھتے ہیں۔ آج رفتار زمانہ اسی کوشش میں ہے کہ مسلمان اپنی تہذیب ومعاشرت اور اسلاف کے بلند کردار سے دست بردار ہو جائیں اور جدید ملکی معاشرت اور تہذیب میں ضم ہو کر اپنی ملی انفرادیت کو ختم کر دیں اس ناہموار اور ایمان باختہ زمانہ کی رفتار کے مدنظر ہم "امہات المومنینؓ" کی باعظمت قابل صد احترام اور سراپا مقدس زندگیوں کے حالات نہایت اختصار کے ساتھ ذکر کرتے ہیں۔ ان کی زندگیوں کے نقش پا میں امت مسلمہ کے لئے بلند معیار زندگی پاکیزہ اخلاقی ضابطے صالح طرز معاشرت اور خوش کن خانگی زندگی کے رموز پوشیدہ ہیں جن کی اتباع عالم اسلام کے لئے نجات دائمی اور پاک مدنی زندگی کی حامل ہے۔

امید ہے کہ ناظرین "محمدی بڑی تقویم" امت کی ماؤں کے مندرجہ ذیل حالات زندگی پڑھ کر اپنی معاشرتی اور خانگی زندگیوں کو ان کی قدروں پر استوار کریں گے۔

ام المومنین حضرت خدیجہ رضؓ

آپ کا نام خدیجہ اور لقب طاہرہ تھا۔ والد کا نام خویلد تھا۔ قریش کے ایک معزز اور صاحب ثروت رکن تھے۔ پانچویں پشت پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کا نسب مل جاتا ہے۔ حضرت خدیجہ قریش کی ایک معزز پاکیزہ اخلاق صاحب ثروت اور دولت مند خاتون تھیں۔ آپ کی تجارت وسیع پیمانے پر عرب اور مضافات عرب میں پھیلی ہوئی تھی حضرت خدیجہ رضؓ نے حضورؐ کی امانت داری تجارتی تجربات اور دیانت داری کی واقفیت کی بنا پر اپنے تجارت کا سامان فروخت کرنے کے لئے شام لے جانے کے لئے پیش کش کی اور دوگنا معاوضہ پیش کیا۔ حضورؐ نے اس پیش کش کو بخوشی منظور فرمایا۔ حضورؐ حضرت خدیجہ رضؓ کے غلام میسرہ کے ہمراہ سامان تجارت لے کر تشریف لے گئے۔ اس کامیاب تجارتی مہم سے جب واپس آئے تو میسرہ نے اپنے مالکہ سے حضورؐ کے پاکیزہ اخلاق وعادت جن سے حضرت خدیجہ رضؓ بھی واقف تھیں۔ بیان کئے۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو حضورؐ کے حسن وسلوک سے معلوم ہو گیا کہ میری دولت کیا دنیا کی ساری دولت محمدؐ کے خاک پا کی قیمت نہیں ہو سکتی حضورؐ کے اخلاق عالیہ حضرت خدیجہ رضؓ کی بڑی سی بڑی توقع کے عین مطابق تھے۔ آپ بیوہ تھیں اور عمر کی ۴۰ منزلیں گذار چکی تھیں۔ انہوں نے حضورؐ سے شادی کی درخواست کی آپؐ نے برضا منظور فرمالیا۔ اس وقت حضورؐ کی عمر شریف ۲۵ سال کی تھی۔ آپ کے چچا ابوطالب نے پانسو طلائی درہم مہر پر نکاح پڑھایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت خدیجہ رضؓ سے بڑی محبت تھی۔ سوائے ایک کے سب اولادیں حضورؐ کو حضرت خدیجہ رضؓ سے ہوئیں۔ حضورؐ نے تا حیات حضرت خدیجہ رضؓ کسی دوسری شادی نہیں کی۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنی پاکدامنی کی وجہ سے عورتوں میں طاہرہ کے نام سے معروف تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے ام المومنین کے بے بہا لقب سے آپ کو پکارا۔ طلوع اسلام اور پیغمبر آخر الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کے منصب کی سب سے پہلے تصدیق کرنے والی پہلی آپؓ ہی تھیں۔ اور یہ فخر عالی ایک خاتون ہی کو ملا نہ کہ کسی مرد کو تاکہ دنیا کے منہ پر قفل لگ جائیں اور عورت کو ہیٹا نہ کہہ سکیں۔ نبوت کا وہ انوکھا واقعہ جبکہ غار حرا کی تاریکیوں میں لیلۃ القدر کی سعید ساعت کو خدا کے فرشتہ جبرئیل علیہ السلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پہلا پیغام لے کر آیا اور کہا کہ پڑھ! حضورؐ نے فرمایا کہ میں پڑھنا تو نہیں جانتا۔ تب حضرت جبرئیل نے آپؐ کو سینے سے لگا کر خوب زور سے دبایا۔ تین بار اسی طرح کیا اور کہا پڑھ! تیسری بار یہی جواب سننے کے بعد حضرت جبرئیل نے سورہ علق کی پانچ آیتیں پڑھیں تب حضورؐ نے پڑھیں۔ اس واقعہ سے بے حد متاثر ہو کر حضور اکرم گھر واپس آئے تو رفیقہ حیات حضرت خدیجہ رضؓ سے اس کی سرگزشت من وعن سنائی اور کہا کہ مجھے تو اپنی جان کا خوف ہے۔ اس واقعہ کو سن کر حضرت خدیجہ کبریٰ پکار اٹھیں کہ یہ واقعہ آپ کو مبارک ہو۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے منصب نبوت سے سرفراز فرمایا ہے۔ خدا آپ کو ہرگز ہرگز رسوا نہ کرے گا کیونکہ خدا مخلوق کی خدمت کرنے والے کو رسوا نہیں کرتا۔ یہ تھی منصب رسالت کی سب سے پہلی تصدیق اور اسلام کی شہادت جس کا اعزاز صاحب ایمان اور پیکر ایثار وقربانی کرنے والی

عزیز بیوی کو نصیب ہوا۔ حضرت خدیجہ رضؓ کے حیات طیبہ سے ظاہر ہے کہ نیک بیوی شوہر کی سچی شریک حیات ہوتی ہے۔ حضرت خدیجہ رضؓ کا ہجرت مدینہ سے کئی سال پہلے مکہ میں ہی انتقال ہوگیا۔

ام المومنین حضرت سودہ رضؓ

آپ کا نام سودہ اور والد کا نام زمعہ تھا۔ آغاز اسلام میں اسلام کی دعوت پر آپ اور آپ کے شوہر سکران حلقہ بگوش اسلام ہوئے تھے۔ میاں بیوی نے کفار مکہ کے مظالم کی وجہ سے اور مسلمانوں کے ساتھ حبشہ کو ہجرت کر گئے۔ سکران حبشہ یا راستہ میں کفار کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ جب ذرا مکہ کی لیورش کم ہوئی تو حضرت سودہ رضؓ مکہ واپس آئیں اور اپنے قدیم مکان میں بے چارگی کی زندگی گزارنے لگیں۔ حضورؐ کو آپ کی بے چارگی تنہائی اور کسمپری پر رحم آیا۔ یہ دیکھ کر کہ بی بی سودہ رضؓ کا کوئی پرسان حال نہیں ہے حضورؐ کو آپ رضؓ پر ترس آیا اور آپؐ نے حضرت سودہ رضہؓ کو نکاح کا پیغام دیا۔ حضرت سودہ رضؓ کا نکاح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے والد زمعہ کی مرضی سے ہوا تھا یہ حضرت سودہ کی جانثاری محبت اسلام کا سب سے بہترین ثبوت تھا۔ اس وقت حضرت سودہ رضؓ کی عمر ۵۰ برس کی تھی۔ نکاح کے بعد ۳ سال تک حضرت سودہ رضؓ نبی کریمؐ کے ساتھ رہیں بعد میں ہجرت کر کے مدینہ میں آئیں اور حضرت ابوایوبؓ انصاری کے گھر میں نبی کریمؐ کے ساتھ فروکش ہوئیں آپؓ کے حرم رسول میں آتے ہی اپنی بردباری لیاقت اور خوش اخلاقی سے ان تمام کاموں کو سنبھال لیا جن کا شیرازہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کے بعد بکھیر گیا تھا۔ حضرت سودہ نہایت عابدہ پرہیزگار متوکل واقع ہوئی تھیں آپ کی عادات سے کوئی ایسا نہ تھا جو خوش نہ ہو۔ حضرت سودہ رضؓ اسلام کی سچی محبت لے کر دائرہ اسلام میں آئی تھیں اور آخری دم تک وہ اسلام کی سچی خادمہ رہیں۔ نکاح سے ان کا مقصد خواہشات کا پورا کرنا نہ تھا۔ بلکہ نبی کریم کے ازدواج مطہرات میں نام لکھوا کر ام المومنین کا لقب پانا مقصود تھا اور اور یہ مقصد خدا نے نہایت کامیابی اور خوبصورتی کے ساتھ پورا کیا۔ حضرت سودہ رضؓ رسول کریمؐ کی زندگی تک شریک حیات رہیں۔ اور اپنے اخلاق سے ہمیشہ سب کو خوش دل رکھا۔ آپ کی سیر چشمی اور بے نفسی کا ثبوت اس روایت سے ملتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ خلافت میں درہم سے بھری ہوئی تھیلی حضرت سودہ رضؓ کے پاس بھیجی۔ آپ نے خادم سے جو تھیلی لایا تھا پوچھا کہ اس میں کیا لائے ہو؟ کیا کھجوریں ہیں۔ خادم نے عرض کیا نہیں ام المومنین اس میں درہم ہیں۔ حضرت سودہ رضؓ بولیں کہ ہم درہم لے کر کیا کریں گے۔ کھجوریں ہوتیں تو کچھ کام آتیں۔

ام المومنین حضرت سودہ رضؓ کی بڑی فضلیت ہے اس لئے کہ آپ نے دوسری چند بیبیوں کی طرح زمانۂ نبوت سے عہد وفات تک جناب رسول خدا کو مدد دی ہے۔ اور ایسے ایسے زمانے دیکھے ہیں کہ جن کے دیکھنے کی بڑے بڑے تابعین کو حسرت رہ گئی۔ خوش نصیب تھیں وہ ام المومنین سودہ رضؓ جو کامل ۳۰ سال تک رسول خدا کی خدمت گذاری میں رہیں جن میں سے چند سال عہد نبوت میں گذرے اور چند سال بعد وفات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صبر و توکل اور استقلال کی زندگی میں بسر کئے آپ کی وفات سنہ ۱۹ ھ میں ہوئی جبکہ حضرت عمر رضؓ کا آخری زمانہ خلافت تھا۔ آپ مدینہ ہی میں دفن ہوئیں۔ خلیفہ وقت اکثر بعض احادیث و واقعات کی تفصیل دریافت کرنے کے لئے آپ کے پاس جایا کرتے تھے۔ اس لئے کہ ذکاوت خداداد اور فکر مستقل نے آپ رضہؓ کو بہت سی احادیث نبوی کا حافظ بنا دیا تھا۔ آپ غیر مسلم پیدا ہوئیں مگر مرتے وقت اور مرنے کے بعد ام المومنین کہلائیں۔ خدا حضرت رضؓ کی قبر پر قیامت تک اپنی رحمت کا مینہ برسائے اور جنت میں انہیں اعلیٰ ترین درجے عطا کرے (آمین)

ام المومنین حضرت عائشہ رضؓ

آپ کا نام عائشہ اور والد ماجد کا نام ابوبکر رضؓ تھا۔ آپ ہجرت مدینہ سے نو برس پہلے مکہ میں پیدا ہوئیں۔ آپ کے والد حضرت ابوبکر رضؓ صدیق رضؓ نبوت کے پہلے برس کے اول ایام میں ۱۳ برس قبل ہجرت مشرف بہ اسلام ہوئے۔ آپ کے والدہ ماجدہ ام رومان بھی تھوڑے دنوں میں ایمان لے آئیں۔ اسی لئے حضرت عائشہؓ نے اسلام ہی کی گود میں ابتدائے پیدائش سے پرورش پائی۔ آپ شروع میں ہی غیر معمولی ذہین اور تیز طبیعت دار ثابت ہوئیں۔ آپ کی خداداد قابلیت حسن صورت حسن سیرت، سلیقہ شعاری اور بلند خیالی نے دوسرے بھائی بہنوں میں آپ کو خاص امتیاز دے رکھا تھا اور والدین سب سے زیادہ آپ کو چاہتے تھے۔ جب آپ چھ سال کی ہوئیں تو خولہ بنت حکیم بن الاوقص سے مشورہ کر کے آپؐ نے حضرت عائشہ کو پیغام نکاح بھیجا اور والدین کی رضامندی سے حضرت عائشہ رضؓ آپکے نکاح میں آئیں۔ چونکہ آپ رضؓ کم عمر تھیں اس لئے والدین نے آپ کو اس وقت تک رخصت نہیں کیا جب تک آپ کی عمر ۱۰ سال کی نہیں ہو گئی۔ حضورؐ کو حضرت عائشہ رضؓ صدیقہ سے بے حد محبت تھی۔ جس کی وجہ یہ تھی کہ آپ رضؓ خوش اخلاق ذہین ذکی اور قوی حافظہ تھیں۔ اس وجہ سے آپ نے آنحضرتؐ کے دل میں جگہ پیدا کی تھی۔ اکثر حالات میں آپؐ صرف حضرت عائشہ رضؓ ہی سے مشورہ لیا کرتے تھے۔ اور آپ رضؓ کی رائے اس قدر صائب اور درست ہوتی تھی کہ اس رائے کے بعد پھر دوسری رائے کی ضرورت نہ رہتی تھی۔ حضرت عائشہ رضؓ نہایت فصیح و بلیغ گفتگو کرتی تھیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہایت خاموشی کے ساتھ سنا کرتے۔

جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وصلعم دنیا سے رحلت فرما گئے تو اس وقت حضرت عائشہ صدیقہ کی عمر کل اٹھارہ برس کی تھی۔ اس حساب سے آپ کو صرف ۹ سال حضورؐ کا ساتھ نصیب ہوا لیکن اس قلیل زمانہ میں آپ رضؓ نے اپنی خداداد ذہانت اور قابلیت کی وجہ سے احادیث رسول اللہ پر کافی سے زیادہ عبور پا لیا تھا۔ یہاں تک کہ بڑے بڑے صحابہ اور خلفائے راشدین بھی آپ سے مستفید ہوا کرتے تھے۔ اور اکثر مسائل کی تحقیق کے لئے حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ کے دروازے پر تشریف لایا کرتے

تھے مشکل سے مشکل مسئلہ آپ نہایت آسانی سے حل کر دیتی تھیں۔ اور آپ کی رائے کے خلاف کوئی اپنی رائے پیش نہیں کر سکتا تھا۔

عطا بن ابی رباح جو اپنے زمانے کے ایک مشہور تابعی ہیں فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضؓ اپنے عہد میں تمام لوگوں سے زیادہ فقیہہ تھیں علم حدیث و فقہ اور ایام جاہلیت کے واقعات شعرائے متقدمین کے اشعار اور فن طب کے بہترین رموز آپ کو یاد تھے۔ اور آپ سے زیادہ ان باتوں کو اور کوئی نہیں جانتا تھا۔

عروہ جو ایک بہت بڑے عالم تھے کہتے تھے کہ میں نے فقہ اور طب و شعر میں بی بی عائشہ رضؓ سے زیادہ ماہر نہیں دیکھا۔ تمام مورخ بالاتفاق اس بات کو مانتے ہیں کہ اگر حضور کریم کی وفات کے بعد حضرت عائشہ رضؓ زندہ نہ رہتیں تو علم حدیث کا آدھا حصہ ضائع ہو جاتا۔ اسی علم و فضل کا نتیجہ تھا کہ خلفائے راشدین آپ کی بے حد عزت کرتے تھے۔ یوں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام ازواج مطہرات کی تعظیم و تکریم کی جاتی تھی مگر حضرت عائشہ صدیقہ کے سامنے سر عجز جھکانے کا سب سے بڑا سبب آپ کا علم حدیث میں ماہر ہونا تھا۔ حضرت عائشہ کا وجود نہ ہوتا تو وہ ہزاروں مسائل جن کا عورتوں سے رازدارانہ تعلق ہے پردہ میں رہ جاتے اور مسلمانوں کو اصلاح معاشرت میں بہت زیادہ مشکلیں پڑ جاتیں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ کے سخاوت و خیرات کا یہ عالم تھا کہ عروہ بن زبیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضؓ کو ستر ستر ہزار درہم صدقہ کرتے دیکھا ہے۔ حالانکہ آپ کے کپڑوں میں پیوند لگے ہوئے تھے۔ بعض لوگ جو یہ آپ پر الزام لگاتے ہیں کہ آپ کو اہل بیت اطہار سے عداوت تھی بالکل لغو اور غلط ہے۔ اس لئے کہ آپ نے ہمیشہ امیر معاویہ کے مقابلے میں حضرت امام حسینؓ کی بڑی سرگرمی سے تائید فرمائی اور اکثر اوقات تلوار کھینچ کھینچ کر امیر معاویہ کے سامنے کھڑی ہو گئیں اور ہمیشہ حضور انور کے نواسوں کا ساتھ دیا۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ جب بیمار ہوئیں تو بعض اصحاب مثلاً حضرت ابن عباسؓ حضرت عبد اللہ اور ابن زبیر آپ سے ملنے کو آتے تھے مگر بڑی مشکل سے اجازت پاتے تھے حضرت ابن عباس مرض الموت میں آپ سے ملنے آئے تو اجازت سے اندر بلائے گئے حضرت صدیقہ رضؓ کو متفکر دیکھ کر ابن عباس بولے آپ خوف نہ کیجئے کیونکہ آپ بخشش کے وعدہ پر جا رہی ہیں۔ پھر یہ آیت پڑھی الطیبات للطیبین والطیبون للطیبات اور کہا کہ یہ آیت آپ ہی کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ اتنا سن کر حضرت عائشہ رضؓ بہت مسرور ہوئیں اور مسکرائیں مگر ساتھ ہی بے ہوشی طاری ہوئی پھر جب ہوش آیا تو آپ نے اپنی فضیلت بیان فرمائی اور کہا کہ خدا کرے مجھے ہنسی خوشی اس دنیا سے اٹھائے میں بے حد اس بات کو پسند کرتی ہوں۔

۵۸ھ میں رمضان کی سترھویں تاریخ جبکہ آپ کی عمر ۶۷ برس کی تھی آپ رضؓ کا وصال ہوا۔ موت سے پہلے لوگوں نے آپ سے دریافت کیا کہ آپ کو روضہ مبارک میں دفن کریں یا کہیں اور۔ آپ نے فرمایا کہ نہیں میں اس قابل نہیں ہوں مجھے بقیع میں دفنانا۔ جلیل القدر صحابی ابوہریرہؓ نے جنازہ کی نماز پڑھائی اور زبیر ابن عوام کے دونوں بیٹے عبداللہ اور عروہ اور حضرت ابوبکر رضؓ کے پوتے قاسم بن محمد اور عبداللہ بن عبدالرحمٰن قبر میں اترے اور آپ کو رات کے وقت جنت البقیع میں دفن کر دیا۔

حضرت عائشہ رضؓ نہایت نیک دل، عالم، پارسا، زاہدہ، عابدہ عاقلہ اور مدبرہ بی بی تھیں جن کا آج تک عام مسلمانوں میں نام عزت و احترام کے ساتھ لیا جاتا ہے اور جن کا نام قیامت تک رہے گا۔ انشاء اللہ

ام المومنین حضرت حفصہ رضؓ

آپ کا نام حفصہ اور والد کا نام عمر رضؓ ابن خطاب تھا آپ کے والد امیر المومنین اسلام کے دوسرے خلیفہ ہوئے ہیں حضرت حفصہ رضؓ کا پہلا نکاح خنیس بن حذافہ سے ہوا تھا دونوں میاں بیوی مسلمان تھے۔ مکے سے ہجرت کر کے نبی کریمؐ کے ساتھ مدینہ تشریف لے آئے تھے خنیس جنگ بدر میں شریک تھے زخموں سے جانبر نہ ہو سکے اور مدینہ میں آپ کا انتقال ہو گیا اور حضرت حفصہ رضؓ بیوہ ہو گئیں۔ اس وقت آپ کی عمر ۳۵ سال کی تھی۔

حضرت عمر رضؓ نے اپنی لڑکی کا پیام حضرت ابوبکر رضؓ اور حضرت عثمان رضؓ کے پاس بھیجا اتنا تو زہرہ نہ تھا کہ حضور کریمؐ سے براہ راست تحریک کی جاتی لیکن ان دونوں سے کہنے کا منشا یہی تھا کہ اس کی خبر رسول خدا کے کانوں تک پہنچے گی اور وہ حقوق ہجرت مشکلات بیوگی اور مبری خدمات خادمانہ کا خیال کر کے حضرت حفصہ رضؓ کے نکاح کی طرف خود ہی عنقریب ہو جائیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ حضرت عمر رضؓ نے حضرت ابوبکر اور حضرت عثمان کے سامنے یہ تذکرہ چھیڑا تو حضور کریم نے حضرت حفصہ کو اپنے عقد میں لانے کی خواہش کی اور اس طرح بی بی حفصہ رضؓ نبی کریم کے نکاح میں آئیں۔

حضرت حفصہ رضؓ پڑھی لکھی اور تعلیم یافتہ خاتون تھیں اور انہیں کی وجہ سے حضرت عمر رضؓ کے خاندان میں تعلیم کا چرچا عام تھا۔ حضرت ابوبکر رضؓ نے اپنی خلافت میں جب پہلی مرتبہ قرآن کریم کی آیات کو ایک جگہ جمع کرایا تو اس کا پہلا نسخہ حضرت حفصہ ہی کی امانت میں محفوظ تھا۔ حضرت حفصہ رضؓ ایک بہت بڑی عابدہ اور پرہیزگار بی بی تھیں بعض راویوں نے یہاں تک لکھا ہے کہ ازواج مطہرات میں کوئی ان سے زیادہ عبادت گزار نہ تھا۔ جب رسول کریمؐ کی وفات ہو گئی تو آپ گوشہ نشین ہو گئیں۔ ملنا جلنا بہت کم کر دیا۔ حضرت عائشہ رضؓ اور حضرت حفصہ رضؓ میں باہم نہایت گہرا اتحاد تھا جس طرح کہ حضرت عمر رضؓ اور حضرت ابوبکر صدیق میں دوستی تھی۔ آپ رضؓ نے ۴۵ھ جمادی الاول میں ۵۹ برس کی عمر میں انتقال کیا

آپ کا نام

ام المومنین حضرت زینبؓ

(ام المساکین) زینب اور والد کا نام خزیمہ بن حارث تھا۔ آپ کا لقب ام المساکین تھا۔ آپ کا پہلا نکاح حضرت صلعم کے پھوپی زاد بھائی جحش سے ہوا تھا۔ جب وہ جنگ احد میں شہید ہو گئے تو اسلام اور ہجرت اور بیوگی کے خیال نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کے ساتھ نکاح کرنے پر مائل کر دیا۔ نیز بعض خصائل و اخلاق حمیدہ کی شہرت بھی آپ کی ترقی مدارج کی داعی ہوئی۔ جب آپؓ کا نکاح جناب رسول کریم صلعم سے ہوا ہے اس وقت آپؓ کی عمر شریف ۲۹ برس تھی اور جناب رسول کریم صلعم کی ۵۶ برس کی تھی آپ کا نکاح جناب رسول کریم صلعم سے ۳ھ کے نویں مہینہ میں ہوا۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نہایت عابدہ اور پرہیزگار و مخیر تھیں۔ آپؓ حضور علیہ صلوٰۃ والسلام کے نکاح میں صرف دو تین مہینے ہی رہیں۔ مدینہ میں حضرت زینب نے وفات پائی۔ حضور پرنور نے خود حضرت زینب کے جنازے کی نماز پڑھائی اور خود ہی اپنے ہاتھوں سے قبر میں اتارا۔ آپ رضؓ جنت البقیع کے رشک فردوس قبرستان میں ہمیشہ کے لئے مصروف خواب ہو گئیں۔

حضرت زینبؓ کی قسمت میں یہ سعادت لکھی تھی کہ آپ ام المومنین کہلائیں اور حضور کریم صلعم کے سامنے وفات پائیں۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

ام المومنین حضرت سلمہؓ

آپ کا نام ہند اور کنیت ام سلمہ تھی اور آپ کے والد کا نام ابو امیہ تھا۔ آپ کی ولادت ۲۲ سنہ قبل ہجری میں ہوئی تھی۔ کفار عرب کے مظالم پر آپ اپنے شوہر ابو سلمہ کے ساتھ حضور صلعم کی اجازت سے حبشہ چلی گئیں۔ کئی سال حبشہ میں رہنے کے بعد یہ دونوں میاں بیوی مکہ واپس چلے آئے۔ حضور پرنور نے جب تو مسلموں کو ہجرت کا حکم دیا تو آپؓ اپنے شوہر کے ہمراہ مدینہ ہجرت کرنے کے ارادہ سے قافلہ کے ساتھ جا ملیں لیکن ام سلمہ کو ان کے قبیلہ بنو مغیرہ نے ان کو جانے کی اجازت نہیں دی اور زبردستی ان کو روکا۔ آخر ابو سلمہ ان کے شوہر اپنے بچوں کو لیکر مدینہ تشریف لے گئے اس جدائی کا ام سلمہ پر یہ اثر ہوا کہ اسلام کی محبت اور شوہر اور بچوں کی جدائی نے انہیں پاگل بنا دیا تھا۔ وہ اس رنج وغم میں وحشی ہو گئیں۔ دن نکلتے ہی گھر سے نکل کر ایک ٹیلے پر شام تک برابر روتے رہتی اور شام کو گھر واپس آتیں اور شب و روز آہ و بکا میں گذارتیں۔ اسی طرح ایک سال گذر گیا۔ آخر ایک سال کے بعد آپ کے خاندان والوں نے مدینہ ہجرت کر کے جانے کی اجازت دے دی۔

ام سلمہ مدینہ آ کر اپنے شوہر اور بچوں کے ساتھ رہنے لگیں۔ آپ کے شوہر ابو سلمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ معرکہ جنگ میں شریک ہوئے اور اس معرکہ میں شہید ہوئے۔ اب ام سلمہ بے آسرا یتیم چار بچے تھے۔ اس ناقابل برداشت صدموں نے بی بی ام سلمہؓ کو بہت زیادہ پریشان کر دیا تھا۔

آپ کی سیرت اور اخلاق کو دیکھ کر حضور اکرم صلعم نے آپ پر حضرت عمر رضؓ کی معرفت بی بی ام سلمہ کے پاس شادی کا پیغام بھیجا۔ بی بی ام سلمہ نے جواب میں کہا کہ میں لاوارث ہوں اور میرے چار بچے ہیں۔ حضور صلعم نے کہا کہ بچوں کا میں کفیل ہوں۔ اس طرح بی بی ام سلمہ کا نکاح حضور پرنور سے ہوا۔

حضرت ام سلمہ رضؓ نے ۸۴ برس کی عمر پائی تھی۔ ازواج مطہرات میں سب سے زیادہ آپ نے عمر پائی تھی اور تمام امہات المومنین کے بعد آپ کا انتقال ہوا۔ بہت سی حدیثیں آپ سے مروی ہیں۔ واقعہ کربلا آپ کے حیات پاک میں ہی ہوا ہے۔ حضرت ام سلمہ کا انتقال شوال کے مہینے میں ۶۲ سنہ ھ میں ہوا۔ بہت سے صحابہ اور تابعین آپ کے جنازے کے ہمراہ تھے۔ حضرت ابو ہریرہ رضؓ نے آپ کے جنازے کی نماز پڑھائی اصحاب کبار نے "جنت البقیع" میں آپ کو سپرد خاک کیا۔

خواتین اسلام ام المومنین حضرت ام سلمہ کی سیرت پاک سے مصیبت میں استقلال، مشکلات میں ہمت اور غربت میں صبر کرنا سکھیں ان کے اطوار سے شوہر پرستی کی تعلیم حاصل کریں اور ان کے غیور ہونے سے غیرت و حمیت کا سبق لیں۔

ام المومنین حضرت زینبؓ

آپ کا نام زینب اور آپ کے باپ کا نام جحش تھا۔ آپ کی والدہ امیمہ عبد المطلب کی بیٹی تھیں اور حضرت عبد اللہ رضؓ کی حقیقی بہن۔ اس طرح بی بی زینب حضور صلعم کی پھوپی زاد بہن تھیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کی پہلی شادی زید بن حارث کے ساتھ کر دی تھی۔ بی بی زینب اس تعلقات سے ناخوش تھیں کیونکہ زید حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام رہ چکے تھے۔ اس لئے حضرت زینب اس رشتہ کو پسند نہیں کرتی تھیں اور آپس میں دونوں میاں بیوی میں ہمیشہ رنجش رہا کرتی تھی۔ جب حضرت زید کی برداشت اور ضبط سے معاملہ بڑھ گیا اور زندگی اجیرن معلوم ہونے لگی تو آپ نے حضرت زینب کو طلاق دے دی۔

اس طلاق کے بعد عدت کے دن ختم ہو چکنے کے بعد جناب رسول کریم صلعم نے بی بی زینب کو اپنے نکاح میں لے لیا۔ اس نکاح سے دو مصلحتیں ظہور میں آئیں۔ اول یہ کہ حضرت زینب، کہ بمشکل حضور صلعم نے راضی کر کے حضرت زید کے ساتھ بیاہا تھا اب چونکہ حضرت زید نے حضرت زینب کو طلاق دیدی تو بی بی زینب کو ناگوار ہونا ہی چاہیئے تھا۔ ان کی سب سے بڑی دلجوئی یہی تھی کہ آپؐ نے خود حضرت زینب سے نکاح کر لیا جس کے بعد حضرت زینب کو کسی قسم کی شکایت باقی نہ رہی۔ دوسرے کہ اس نکاح سے حضور صلعم عرب کی ایک قدیم رسم قبیح کو توڑنا چاہتے تھے۔ وہ رسم یہ تھی کہ جو لڑکا متبنیٰ کر لیا جاتا تھا اسے اصلی لڑکے کی طرح مانا جاتا تھا۔ حضرت زید رضؓ کو حضور کریم صلعم سے گہری محبت تھی۔ اس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید کی محبت کا یہ عالم دیکھ کر اور ان کی خاندانی شرافت و نجابت

کا حال تحقیق کر کے انہیں آزاد کر دیا اور اپنا بیٹا بنا لیا اور فرمایا کہ متبنی بیٹے کو اصلی بیٹے کے حقوق کبھی نہیں مل سکتے۔

حضرت زینب رضؓ ہی کے نکاح کے سلسلہ میں سورۂ احزاب اتری۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں (ترجمہ) کسی مسلمان مرد یا عورت کو سزاوار نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول ؐ ان کے بارے میں کوئی رائے قائم کرے تو وہ اپنی رائے کو دخل دیں اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول ؐ کا حکم نہ مانے گا وہ کھلی ہوئی گمراہی میں پڑے گا۔ اسی لئے حضرت زینب رضؓ فخر کے ساتھ کہا کرتی تھیں کہ میرے نکاح کا فیصلہ خدا نے خود کیا ہے۔ حضرت زینب نہایت سخی اور فیاض سمجھدار تھیں۔ آپ کی طبیعت میں رحمدلی اور ہمدردی کا قدرتی مادہ تھا۔ آپ رضؓ اپنے ہاتھ سے چمڑے کو دباغت دیا کرتی تھیں اور اس لئے جو آمدنی ہوتی تھی محلے کے یتیموں اور محتاجوں کو دیدیتی تھیں۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ امہات المومنین کے سامنے فرمایا کہ تم میں سے جس کے ہاتھ دراز ہیں وہی مجھ سے جلد ملے گا۔" حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ اس حدیث کو سن کر تمام ازدواج مطہرات اپنے اپنے ہاتھ ناپنے لگے حالاں کہ حضور کی مراد یہ تھی کہ جو تم میں سب سے زیادہ سخی اور فیاض ہوگی اسے میری قربت حاصل رہے گی۔ اور یہ صفت حضرت زینب میں تھی کہ وہ اپنے ہاتھ سے محنت کر کے مزدوری کرتی تھیں اور مزدوری سے جو کچھ حاصل ہوتا تھا وہ خدا کی راہ میں صرف کر دیتی تھیں۔ جو منادی اسلام سن کر قبل ہجرت مسلمان ہوگئی تھیں پھر محض اسلام کی خاطر آپ ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئیں اور ہمیشہ سرور کائنات کی مطیع و فرماں بردار رہیں۔ حضرت زینب کو جو رقم ملتی یہ اسے اپنے محتاج رشتہ داروں اور یتیموں میں صرف کر دیتیں۔ ایک دفعہ حضرت عمر رضؓ نے ان کا سالانہ وظیفہ ان کے پاس بھیجا اور حضرت زینب نے وہ تمام روپیہ اسی وقت غربا اور مساکین میں خیرات کر دیا۔ حضرت عمر رضؓ کو جب یہ بات معلوم ہوئی تو وہ ایک ہزار درہم اور لے کر حضرت زینب کی خدمت میں خود آئے اور درہم سامنے لاکر رکھ دیئے۔ حضرت زینب نے اپنی لونڈی سے کہا کہ جا اور یہ درہم بھی غریبوں، یتیموں، بیواؤں اور مسکینوں کو خیرات کر دے اور دعا کی یا رب العلمین اس کے بعد مجھے عمر بن الخطاب کی عطا نہ پاسکے۔ چنانچہ دوسرا سال شروع ہونے سے پہلے ہی آپ کی وفات ہوگئی۔

سنہ ۲۰ھ میں جبکہ آپ کی عمر پچاس برس کی تھی انتقال فرمایا۔ حضرت عمر رضؓ نے آپ کے جنازے کی نماز پڑھائی اور اسامہ بن زید اور محمد بن عبداللہ بن جحش نے قبر میں اتارا۔ آپ کی شریف جنت البقیع میں اب تک زیارت گاہ اہل اسلام ہے۔

ام المومنین حضرت حبیبہ رضؓ

آپ کا نام رملہ تھا اور کنیت ام حبیبہ۔ اسی نام سے آپ مشہور تھیں۔ آپ کے والد ابوسفیان قبیلہ بنو امیہ کے ایک معزز اور جاہ وجلال والے تھے۔ ایسے شخص جن کی شاہوں کے درباروں میں بڑی عزت و وقعت تھی جس وقت رسول خدا ؐ نے نبوت کا دعویٰ کیا اس وقت حضرت ام حبیبہ رضؓ کی عمر ۱۷ برس کی تھی۔ اگرچہ ان کے باپ ابو سفیان اور معاویہ اسلام کے سخت مخالف تھے۔ مگر ام حبیبہ رضؓ نے ان کے رعب و داب اثر وجلال اور دھوم دھام کی ذرا بھی پرواہ نہ کی اور وہ اسلام کے جھنڈے تلے بغیر کسی خوف کے آگئیں۔

قابل داد و صد آفرین ہیں حضرت ام حبیبہ رضؓ کہ ایسے جابر باپ کی بیٹی ایک ایسے ظالم اور شر پسند خاندان کی خاتون ہوتے ہوئے بھی اپنے خاندانی مذہب کے خلاف دوسرے مذہب کو مستعدی سے قبول فرمایا یہ آپ کی ہمت شجاعت صداقت اور معاملہ فہمی کا اعلیٰ ترین نمونہ ہے۔

حضرت حبیبہ رضؓ کے خاندان والوں نے آپ کو اپنے مذہب کے خلاف دیکھ کر طرح طرح کی تکلیفیں دینی شروع کیں مگر آپ مستقل مزاج تھیں اپنی ذہن کی پکی اور ارادوں کی پوری تھیں۔ اسلام کا دامن مضبوط تھامے رہیں۔ عبداللہ بن جحش سے آپ کی شادی ہوچکی تھی۔ وہ بھی آپ کے کہنے سے ایمان قبول کر کے مسلمان ہوچکا تھا اس لئے حضرت حبیبہ رضؓ کو اپنی خاندانی مخالفت کی ذرا پرواہ نہ تھی۔

لیکن دشمن زبردست تھے۔ طرح طرح کی آپ کو تکلیفیں اور اذیتیں دیں آخر کار حضرت ام حبیبہ ہجرت کر کے مہاجرین کے ساتھ حبشہ روانہ ہوگئیں۔ اور وہاں رہنے لگیں حبشہ پہنچنے کے بعد ان کے شوہر عبیداللہ کے خیالات میں انقلاب پیدا اور اس نے اسلام چھوڑ کر نصرانیت قبول کی حضرت ام حبیبہ رضؓ نے ہر چند سمجھایا مگر وہ نہ مانا۔ بلکہ عبیداللہ نے حضرت ام حبیبہ کو ہر قسم کا لالچ دے کر کوشش کی کہ آپ بھی نصرانی ہوجائیں۔ مگر جو دل خدا اور اس کے رسول کی محبت کا سامان روز ازل سے لے کر آیا ہو وہ ان پاک سامانوں سے خالی کیوں کر ہو سکتا ہے۔ حضرت ام حبیبہ مسلمان ہی رہیں اور عبیداللہ سے طلاق لے لی۔

اس واقعہ کی خبر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی تو آپ کو سخت رنج ہوا۔ حضرت ام حبیبہ رضؓ کا استقلال آپ کے دل میں جگہ پکڑ گیا۔ اس استقلال اور اسلامی محبت کا تقاضہ یہی تھا کہ حضور ؐ انور حضرت ام حبیبہ کی بے بسی اور بے کسی کا معاوضہ دیں چنانچہ آپ ؐ نے عمرو بن امیہ ظمیری کو اپنا خط دے کر نجاشی بادشاہ حبشہ کے پاس روانہ کیا اور خط میں نجاشی کو لکھا کہ اپنی وکالت سے میرا نکاح ام حبیبہ کے ساتھ کر دو اور ساتھ ہی مہر جو مقرر ہو ادا کر دو۔

نجاشی کے پاس جب آپ ؐ کا خط پہنچا تو وہ تعمیل حکم کے لئے تیار ہوگیا۔ حضور کریم ؐ کے حکم کی تعمیل کے لئے نجاشی نے اپنی لونڈی ابرہہ کو حضرت ام حبیبہ کے خدمت میں بھیجا۔ ابرہہ آئی اور کہا کہ بیٹی بادشاہ نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے اور پیغام دیا ہے کہ جناب پیغمبر صلی اللہ علیہ

وصلعم نے اسے خط میں لکھا ہے کہ اپنی وکالت سے آپؐ کا نکاح ہمارے ساتھ کر دیا جائے۔ یہ پیغام سن کر حضرت ام حبیبہ بہت خوش ہوئیں اور فرمایا کہ اسے ابرہہ تو نے یہ پیغام دے کر مجھے خوش کیا۔ خدا تجھے خوش کرے اور اپنی انگوٹھی اتار کر ابرہہ کو انعام دے دی۔ حضرت ام حبیبہ رضؓ نے خالد بن سعید کو اپنا وکیل مقرر کیا۔ نجاشی نے جعفر رضؓ بن ابی طالب اور عثمان ابن عفان وغیرہ مسلمان مہاجرین کو بلا کر ایک جگہ جمع کیا اور اس بھرے مجمع میں حضور انور کے پیام کا اعلان کر دیا۔ خالد بن سعید کی طرف سے ایجاب وقبول ہوا۔ نجاشی نے مبلغ چار سو درم جو مہر کے مقرر ہوئے تھے اسی وقت خالد بن سعید کو دیدیئے۔ وہ مہر خالد رضؓ نے فوراً حضرت ام حبیبہؓ کو پہنچا دیا۔ اس طرح حضرت ام حبیبہ رضؓ نے ام المومنین کا لقب پایا

ایک روز ام المومنین حضرت حبیبہ کے مکان پر ان کے والد ابوسفیان اپنی بیٹی کو دیکھنے آئے۔ آپ نے عزت کے ساتھ باپ کو اندر بلایا۔ مگر فوراً اس گدے کو ہٹا دیا جس پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم رونق افروز ہوا کرتے تھے۔ ابوسفیان نے حضرت ام حبیبہ کی یہ حرکت دیکھ کر تعجب سے پوچھا کہ کیا تم نے یہ گدا اس لئے اٹھا لیا کہ میں اس پر بیٹھ نہ سکوں۔ حضرت ام حبیبہ نے نہایت جوشیلے لہجے میں جواب دیا "بے شک اس لئے کہ تم مشرک ہو اور اس پر حبیب خدا صلعم تشریف رکھتے ہیں"۔ ابوسفیان کو یہ سن کر غصہ آگیا۔ ام المومنین حضرت ام حبیبہ کا انتقال سنہ ۴۴ھ میں ہوا اور جنت البقیع میں دفن کی گئیں۔

اُم المومنین حضرت جویریہ رضؓ

آپؓ کا اصل نام برہ تھا۔ مگر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نام کو بدل کر جویریہ رکھا۔ باپ کا نام حارث بن ضرار تھا حارث بن ابی ضرار اپنے خاندان کے نامور سردار بہادر شجاع اور مشہور شہسوار تھے۔ یہ خاندان بنو المصطلق سے منسوب ہے۔ حارث اور اس کا قبیلہ ہمیشہ رسول خدا اور مسلمانوں کے خلاف توڑ میں لگے رہتے تھے کہ کسی طرح مسلمانوں کو زک پہنچے۔ وہ مدینہ پر حملہ کرنے کی فکر میں رہتے تھے۔ ایک موقعہ پر جب کہ مدینہ پر حملہ کی تیاری کر رہے تھے حضورؐ کو اس سازش کی خبر ملی۔ آپؐ زید بن حارث کو اپنا قائم مقام مدینہ منورہ میں مقرر کر کے مسلمانوں کا لشکر لے کر مدینہ سے نکلے اور ماہ شعبان المبارک سنہ ۵ھ کو چشمہ مریسیع پر جا پڑے۔ ادھر حارث اور اس کا لشکر بھی مقابلہ کے لئے صف آراء تھا۔ چشمہ رحمت حضور اکرمؐ نے حارث اور اس کے ساتھیوں کو پیغام صلح دیا اور اسلام کی دعوت پیش کی۔ اعلان فرمایا کہ اپنی جانوں کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔ جہالت سے باز آؤ اور بتوں کی پرستش چھوڑ دو جو انسانی زندگی کے خلاف ہے۔ صرف خدائے واحد پر ایمان لے آؤ۔ ہم وعدہ کرتے ہیں کہ تم میں سے کسی کی جان و مال اور آبرو کو کچھ ایذا نہ پہنچے گی۔ بلکہ تم میں سے ہر ایک ہمارا بھائی بہن ہو جائے گا مگر عقل کے دشمن مریدان جہالت حارث اور اس کے ساتھیوں نے اس پیغام صلح کی ذرا پرواہ نہ کی اور لڑائی شروع کر دی مسلمانوں نے میدان جیت لیا اور بنو مصطلق نے ہتھیار ڈال دیئے۔ سردار لشکر حارث بھاگ گیا۔ مگر اس کے گھر والے مرد اور عورتیں قید ہو گئے۔ ان ہی قیدیوں میں بی بی جویریہ رضؓ بھی تھیں۔ نبی کریمؐ نے مال غنیمت کو صحابہ میں تقسیم کیا تو حضرت جویریہ رضؓ ثابت بن قیس کے حصہؓ میں آئیں۔ ثابت قبیلہ غزاعہ میں سے تھے اور بنو مصطلق کے قرابت دار تھے۔ اس وجہ سے بی بی جویریہ رضؓ سے یہ شرط کر لی کہ ایک معین رقم انہیں ادا کر دیں تو آپ آزاد ہو سکتی ہیں۔

حضرت جویریہ رضؓ کو رسول خداؐ کی رحمدلی اور فیاضی کا علم ہو چکا تھا۔ وہ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور کہا کہ یا رسول اللہ میں مسلمان ہو چکی ہوں اور بنو المصطلق کے سردار حارث بن ضرار کی بیٹی ہوں۔ مگر اب میرا شمار لونڈیوں میں ہے۔ ثابت مجھ سے آزاد کرنے کے بدلے میں روپیہ مانگتے ہیں۔ مگر میرے پاس ایک پیسہ نہیں جو بطور فدیہ دے سکوں آپ مجھ پہ رحم فرمایئے اور میری مدد کیجئے۔ نبی کریمؐ پر جویریہ کی تقریر کا اثر ہوا۔ آپ نے ثابت بن قیس کو فوراً مقررہ رقم ادا کر کے ان کو آزادی بخشی۔

ام المومنین حضرت جویریہ رضؓ کا پہلا بیاہ ان کے ہی خاندان کے ایک نوجوان مانع بن صفوان کے ساتھ ہوا تھا۔ یہ شخص نہایت دلیر اور بہادر تھا۔ مگر چونکہ اس نے اسلام سے منہ موڑا اور ایمان نہ لاسکا اب آزاد تھیں جہاں چاہے رہ سکتی تھیں اور جس سے چاہے نکاح کر سکتی تھیں۔ مگر ان کی قسمت میں ام المومنین ہونا تھا۔ کچھ دن بعد آپ کو نبی کریمؐ کی طرف سے پیغام نکاح پہنچا حضرت جویریہ رضؓ اس عزت افزائی کو اپنی بلند قسمتی سمجھ کر فوراً رضامندی دیدی اور اس طرح حرم رسول اللہ کی رکن بن گئیں۔

اس وقت حضرت جویریہؓ کی عمر ۲۰ سال کی تھی جو ہر عورت کے لئے ایک پختگی کا زمانہ ہوتا ہے۔ اور اپنا فیصلہ آپ کر سکتی ہے۔ اور نبی کریم کا سن شریف ۵۸ سال کا تھا۔

رسول خداؐ کی یہ عنایت و شفقت اور حکیمانہ تدبیر دیکھ کر بہت سے بنو مصطلق مسلمان ہو گئے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ فرماتی ہیں کہ بی بی جویریہؓ کا نکاح ان کی قوم کے لئے نہایت ہی بابرکت ہوا کہ ساری قوم (بنی مصطلق) اسی روز سے غلامی سے آزاد ہو گئی۔ اور بہت سے لوگ مشرف بہ اسلام ہوئے۔ میرے خیال میں کوئی عورت اپنی قوم کے لئے ایسی مبارک ثابت نہیں ہوئی

کچھ عرصہ بعد حارث بن ضرار والد ماجد حضرت جویریہ رضؓ بہت سے اونٹ اور مال واسباب لے کر بیٹی کو آزاد کرانے کے لئے مدینہ آئے۔ راستہ میں جب موضع عقیق کے متصل پہنچے تو ۲ اونٹ جو بہت اچھے اور خوب صورت تھے ان کو گھاٹی میں پوشیدہ کر دیا

باقی مال واسباب لے کر مدینہ پہونچے۔ پھر رسول خدا کے خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ اے محمد صلعم تم نے میری بیٹی کو قید کر کے رکھا ہے اس کا فدیہ لے لو اور بہ (حضرت جویریہ رض) کو میرے ساتھ کر دو۔ اسی طرح تمام مال واسباب اور شتر جو مدینہ لائے تھے پیش کر دیئے۔ رسول خدا نے فرمایا کہ وہ اونٹ کہاں ہیں جن کو تم عقیق کی گھاٹی میں پوشیدہ کر آئے ہو۔ حارث یہ سنتے ہی مسلمان ہو گیا۔ اور کہا کہ واللہ تم خدا کے بھیجے ہوئے سچے نبی ہو کیونکہ ان اونٹوں کے چھپانے کا علم بجز خدا کے کوئی نہیں جانتا تھا۔ اسی نے آپ کو بتلایا ہے۔ حارث جب مسلمان ہوئے تو انہیں معلوم ہوا کہ ان کی دختر نیک اختر رسول خدا کے نکاح میں ہیں۔ اسی وقت حارث بہت خوش ہوئے اپنی بیٹی سے ملے اور خوش خوش اپنے گھر لوٹ گئے۔

ام المومنین حضرت جویریہ نہایت عابدہ، زاہدہ، متقی تھیں نماز پنجگانہ کے علاوہ بسا اوقات نوافل اور دعا و استغفار میں مصروف رہا کرتی تھیں اور حالت بیداری میں بہت کم مصلے سے علیحدہ ہوتی تھیں آپ کا انتقال ۵۶ھ میں مدینہ میں ہوا۔ حضرت ابن عباس اور جابر بن عبداللہ نے آپ رض سے بہت سی احادیث روایت کی ہیں۔ آپ بقیع میں مدفون ہیں۔

ام المومنین حضرت صفیہ رض

آپ کا نام صفیہ اور والد کا نام حی بن اخطب تھا

بی بی صفیہ براہ راست ہارون علیہ السلام کی اولاد ہیں اور بنی اسرائیل کے مشہور قبیلہ بنی لادی بن یعقوب سے ہیں۔ اسی وجہ سے یہودیوں میں آپ کا حسب نسب نہایت معزز اور باوقار تسلیم کیا جاتا تھا۔ حی بن اخطب کی خیبر کے تمام یہودی قبائل بیحد قدر و منزلت کرتے تھے۔ اور یہ ان میں ایک معزز سردار کی حیثیت شمار کئے جاتے تھے۔ بی بی صفیہ کا پہلا نکاح سلام بن مشکم یہودی سے ہوا تھا اس نے طلاق دی تو دوسرا نکاح کنانہ بن ابی الحقیق سے ہوا تھا جو جنگ خیبر میں مارا گیا

۷ھ میں جب خیبر فتح ہوا تو حضرت صفیہ رض یہودی قیدیوں کے جھرمٹ میں نئی دلہن کی حیثیت سے گرفتار ہوئیں۔ جب اسیران جنگ نبی کریم کی خدمت میں پیش کئے گئے تو حضرت بلال رض بی بی صفیہ کو لے کر حضور صلعم کی خدمت میں لے آئے۔ بی بی صفیہ ایک طرف بیٹھ گئیں۔ بی بی صفیہ جب حضور صلعم کے سامنے آئیں تو حضور نے ان کے چہرے پر چند ابھرے ہوئے نشانات ضرب دیکھے تو استفسار کیا کہ یہ نشان کیسے ہیں۔ حضرت صفیہ رض نے عرض کیا کہ عرصہ ہوا میں نے ایک خواب دیکھا تھا کہ چاند آسمان سے ٹوٹ کر میری گود میں آپڑا ہے۔ میں نے اس خواب کا ذکر اپنے باپ سے کیا۔ اس نے نہایت غضبناک ہو کر اس زور سے طمانچہ مارا کہ آج تک اس کا نشان موجود ہے۔ اور کہا کیا تو اپنی گردن یہاں تک بلند کرے گی کہ ملکہ عرب بن کر دنیا میں مشہور ہو گی جب خیبر کا مال غنیمت تقسیم ہوا تو بی بی صفیہ رض وحید کلبی کے حصہ میں آئیں۔ چونکہ بی بی صفیہ رض کی شکل سے وجاہت و رعب و داب سرداری عیاں تھا اور آپ رض معزز سردار کی بیٹی تھیں اس لئے صحابہ کرام نے رسول خدا سے درخواست کی کہ بی بی صفیہ آپ کے سوا کسی کے لائق نہیں ہیں۔ حضور اکرم صلعم نے اس خیال سے قبول فرمایا کہ اگر بی بی صفیہ آپ کے نکاح میں آئیں تو عزیزانہ تعلقات ہو جانے سے یہود کی مخالفت میں کمی ہو جائے گی۔ اور اسی مصلحت کی بنا پر حضور صلعم نے بی بی صفیہ کو وحید کلبی سے واپس لے لیا اور آزاد کر کے نکاح کیا۔ اس وقت آپ صلعم کی عمر شریف ۶۰ سال کی تھی۔

ام المومنین حضرت صفیہ نہایت نیک دل خلیق اور متواضع بی بی تھیں۔ اسی وجہ سے آپ ہر ایک سے ہمدردی اور محبت سے پیش آتی تھیں۔ ازواج مطہرات میں سے بعض نے آپ رض کے ساتھ اکثر مرتبہ سختی برتی لیکن انہوں نے کبھی کسی سے کچھ نہ کہا اور نہ کسی کی دل آزاری کی ایک دفعہ ام المومنین حضرت عائشہ اور حفصہ نے ان کے نسب وحسب کے متعلق کوئی سخت کلمہ کہہ دیا۔ حضرت صفیہ رض نے خود تو کوئی جواب نہ دیا مگر اللہ کے رسول سے شکایت کی۔ آپ صلعم نے فرمایا اگر وہ تمہیں ایسا کہتی ہیں کہ ہم خاندان میں بڑی ہیں تو تم بھی کہہ دو کہ میرے باپ ہارون ہیں اور چچا موسیٰ اور شوہر محمد صلعم۔

ام المومنین حضرت صفیہ حضور اکرم صلعم کی اولاد سے بالخصوص محبت رکھتی تھیں۔ چنانچہ جب آپ خیبر سے مدینہ آئیں تو فاطمہ الزہرا رض آپ کو دیکھنے کو آئیں۔ حضرت صفیہ رض نے اپنے گوشوارے (جھمکے) جو بیش قیمت اور جواہر سے جڑے ہوئے تھے ان کی نذر کئے اور جتنی سہیلیاں بی بی فاطمہ رض کے ہمراہ آئی تھیں ان کو بھی ایک ایک چیز از قسم زیور عنایت فرمایا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت صفیہ رض سے بڑی محبت اور عزت کرتے تھے۔

ام المومنین حضرت میمونہ رض

آپ کا نام میمونہ اور والد کا نام حارث تھا

ان کی پہلی شادی مسعود بن عمرو کے ساتھ ہوئی تھی۔ اس نے طلاق دے دی۔ طلاق کے بعد ابو درہم بن عبدالعزامی نے نکاح کیا۔ ان کا انتقال ہو گیا۔ ان کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عقد میں آئیں۔ ان کے سن وفات میں اختلاف ہے۔ بہ روایت صحیح ۵۱ھ میں مقام سرف میں ام المومنین حضرت میمونہ کا انتقال ہوا۔

اسمائے مبارک اولادِ پاک صاحبزادے صاحبزادیاں سردارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم

۱۔ سیدنا حضرت قاسم فرزند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یہ آپ کے بڑے صاحبزادے ہیں انہیں کے نام سے آپ کی کنیت ابوالقاسم ہے قبل البعث مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے حضرت خدیجہ رضؓ کے بطن مبارک دو سال کی ہوئی تو وفات فرمائی۔ مکہ معظمہ کے قریب طائف شریف میں مزار ہے یہ حضور کے سب سے بڑے صاحبزادے ہیں

۲۔ سیدنا حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ

یہ حضرت بی بی ماریہ قبطیہ رضؓ کے بطن مبارک سے پیدا ہوئے ماہ ذالحجہ ۸ھ میں ایک سال چھ ماہ آٹھ روز کی عمر شریف پاکر ۱۶ ربیع الاول ۱۰ھ کو انتقال فرمایا اور مدینہ منورہ جنت البقیع میں مدفون ہوئے مزار مبارک زیارت گاہ خاص و عام ہے۔

۳۔ سیدنا حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ کا لقب طیب طاہر بھی تھا آنحضرت کو نبوت ملنے کے بعد مکہ معظمہ میں حضرت خدیجہ رضؓ کے بطن مبارک سے تولد ہوئے اور نبوت کے دسویں سال جبکہ ایک سال چھ ماہ کی عمر میں وصال ہوا اور مکہ معظمہ کے قریب طائف شریف میں آپ کا مزار مبارک ہے

۱۔ حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا

سردار دو عالم محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چہیتی صاحبزادی ہیں یہ بھی حضرت بی بی خدیجہ رضؓ زوجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بطن مبارک سے پیدا ہوئیں۔ حضورؐ کی نبوت کو ایک سال گزر چکا تھا آپ سے حضرتؐ بیحد محبت فرماتے تھے جس کی فضیلت میں بہت سی حدیثیں ہیں آپ کی نسبت حضورؐ کا فرمان ہے کہ آپ جنت میں سب بیبیوں کی سردار ہوں گی۔ اور فاطمہ زہرا رضؓ میرے جگر کا ٹکڑا ہے اور حضرت فاطمہ کا زہد و تقویٰ بے حد تھا آپ کا نکاح اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق حضرت علی رضؓ سے اس وقت حضرت فاطمہ رضؓ کا زہد و تقویٰ بے حد تھا اس وقت حضرت فاطمہ رضؓ کی عمر ۱۵ سال کی تھی آپ کی چھ اولادیں ہوئیں۔ (۱) حضرت امام حسن رضؓ (۲) حضرت امام حسین رضؓ (۳) حضرت محسن رضؓ (۴) حضرت بی بی رقیہ رضؓ (۵) بی بی زینب رضؓ (۶) ام کلثوم رضؓ حضرت بی بی فاطمہ رضؓ کی وفات آنحضرتؐ کی وفات کے بعد ۶ ماہ بعد ۳ رمضان المبارک ۱۱ھ میں ہوئی بی بی ام کلثوم رضؓ کا نکاح حضرت عمر فاروق خلیفہ ثانی رضؓ سے ہوا حضرت عمر رضؓ کی وفات کے بعد ان کا دوسرا نکاح عون بن جعفر بن ابوطالب سے ہوا اور عون کے انتقال کے بعد تیسری دفعہ ان کا نکاح محمد بن جعفر کے ساتھ ہوا جو عون کے بھائی تھے ان کے ہاں ان سے ایک لڑکی ہوئی۔ اور ام کلثوم رضؓ کا اور زائدہ لڑکی کا انتقال ہو گیا اور بی بی زینب کا

۲۔ حضرت بی بی زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا

آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے بڑی صاحبزادی ہیں یہ حضرت بی بی خدیجہ رضؓ کے بطن مبارک سے پیدا ہوئیں آپ کی اولاد بعثت کے قریب دس سال پہلے جبکہ حضورؐ کی عمر شریف ۳۰ سال کی تھی ہوئی ان کا نکاح بی بی خدیجہ رضؓ کے بھانجے ابوالعاص بن الربیع کے ساتھ ہوا تھا۔ ان سے ایک لڑکا علی رضؓ اور ایک لڑکی امامہ رضؓ پیدا ہوئیں۔ علی رضؓ بن ابوالعاص کا انتقال حضورؐ کی حیات ہی میں ہو گیا اور مساۃ امامہ رضؓ کا نکاح حضرت بی بی فاطمہ رضؓ کے انتقال کے بعد حضرت علی رضؓ کی وفات کے بعد ان کا دوسرا نکاح حضرت مغیرہ بن نوفل سے ہوا۔ ان سے ایک لڑکا یحییٰ نامی ہوا حضرت زینب رضؓ کا انتقال ۸ھ میں ہوا۔

۳ حضرت بی بی رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

حضرت بی بی رقیہ رضؓ حضرت بی بی خدیجہ رضؓ کے بطن مبارک سے پیدا ہوئیں سات سال بعثت کے قبل یہ پیدا ہوئیں ان کا نکاح عتبہ بن ابی لہب سے ہوا تھا مگر تبت یدا کی سورۃ نازل ہونے کے بعد عتبہ نے طلاق دیدی اور پھر ان کا عقد مبارک حضرت عثمان غنی رضؓ سے آنحضرتؐ نے فرما دیا اور ان سے ایک لڑکا عبداللہ ہوا وہ بھی ۶ سال کی عمر میں انتقال فرما گیا حضور سردار دو عالمؐ جب جنگ بدر تشریف لے گئے تو آپ کے جانے کے بعد مدینہ منورہ میں بی بی رقیہ رضؓ ۲ھ میں خرابی صحت کی وجہ سے انتقال فرمایا حضرت عثمان رضؓ کو اس کا بے حد صدمہ ہوا۔

۴ حضرت بی بی ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا

آپ بھی حضرت بی بی خدیجہ رضؓ کے بطن مبارک سے تھیں آپ حضور سردار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تیسری صاحبزادی ہیں۔ بعثت سے چھ سال پہلے مکہ معظمہ میں آپ کی ولادت ہوئی آپ کا عقد بھی ابولہب کے بیٹے عتیبہ سے ہوا تھا ابھی آپ کی رخصتی نہ ہونے پائی تھی کہ پیغمبر خدا کو پیغمبری مل گئی۔ عتیبہ اور اس کا باپ ابولہب کافرہ دونوں مسلمان نہ ہوئے اور اپنے باپ کے کہنے سے حضرت ام کلثوم رضؓ کو طلاق دیدی۔ جب ان کی بہن رقیہ رضؓ کا انتقال ہوا تو پھر ان کا نکاح حضرت عثمان رضؓ سے آنحضرتؐ نے کر دیا نکاح کے دو ماہ بعد جمادی الآخر ۳ھ میں آپ کی رخصتی ہوئی اور جب مکہ معظمہ کے کفار نے مسلمانوں کی زندگی تنگ کی تو آپ نے بھی مدینہ منورہ ہجرت فرمائی آپ کے ہاں کوئی اولاد نہیں ہوئی شادی کے ۵ سال بعد ۹ھ مدینہ منورہ میں ام کلثوم نے اس دنیائے فانی سے انتقال فرمایا

اسمائے مبارک پنجتن پاک رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

۱	۲	۳	۴	۵
محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔	حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔	حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا	حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ	حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اسمائے عشرہ مبشرہ فی قطعۂ عجیبہ

وہ یار بہشتی ابوبکر رضؓ و عمر رضؓ علی رضؓ و عثمان رضؓ

سعد و سعید و ابوعبیدہ طلحہ و زبیر و عبدالرحمٰن

اسمائے اعمام و عمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ان تینوں نے اسلام قبول فرمایا

۱۔ سید الشہداء حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ہیں آپ کے دادا عبدالمطلب کے فرزند ہیں آپ کی والدہ ہالہ بنت وہب بن عبدمناف ہیں حضورؐ سے دو سال بڑے تھے۔ جنگ احد میں ۱۲ رجب بروز جمعہ ۳ھ میں شہادت پائی مزار مدینہ منورہ میں ہے۔ (۲) حضرت عباس رضؓ آپ بھی حضرت عبدالمطلب کے صاحبزادے ہیں آپ کی والدہ نتیلہ بنت جناب ہیں قبل تین سال اصحاب فیل آپ کی ولادت ہوئی اور ۱۲ رجب ۳۲ھ بروز جمعہ کو وفات پائی۔ آپ کی عمر ۸۸ سال کی ہوئی مدینہ منورہ میں وفات پائی۔ جنت البقیع میں مزار ہے۔ (۳) حضرت بی بی صفیہ رضؓ یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی ہیں۔

ان دونوں کے متعلق بعض کا قول ہے کہ ایمان لائے

۱۔ حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲) حضرت اروی اور ضرار رضؓ

ان سب لوگوں نے اسلام قبول نہیں کیا

۱	۲	۳	۴	۵	۶
حارث	قثم	ابی طالب	عبدالکعبہ	حجل	ضرار
۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
مقوم	ابولہب	بیضہ	امینہ	برہ	عاتکہ

٭ نکاح حضرت علی رضؓ نے عبداللہ بن جعفر کے ساتھ کر دیا ان سے اولاد اور نسل باقی رہی۔ ایک دفعہ کا عجیب واقعہ درج ہے کہ حضور حضرت فاطمہ رضؓ کے گھر تشریف لے گئے حضرت علی رضؓ کو گھر میں نہ پایا دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ وہ خفا ہو کر باہر چلے گئے۔ آنحضرتؐ نے تلاش کیا تو مسجد میں حضرت علی رضؓ لیٹے ہوئے تھے اور چادر گر کر مٹی بھر گئی تھی آپ نے فرمایا کہ ابوتراب اٹھو اٹھ کر مکان لے گئے جب سے آپ کا نام ابوتراب ہوا۔

فضائل خلیفہ اوّل امیر المومنین سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق رضؓ

اللہ جل شانہ نے فرمایا ہے۔ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِہٖ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کا مرتبہ عالی اور شان بلند ہے کہ کوئی صحابی اس مرتبہ کو نہیں پہنچا۔ مراد لِصَاحِبِہٖ سے حضرت صدیق رضؓ اکبر ہیں۔ اور رسول صلعم خدا نے شریک کیا۔ ان کو اپنی جان کے ساتھ کر فرمایا لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا۔ غار میں کہ مت غم کھا اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔ اس سے یہ ظاہر ہوا کہ بے غم کر دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موت تک اور بعد موت کے بھی بھلا جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ ہو اس کی تعریف و توصیف کس کی قدرت ہے کہ لکھے اور بیان کرے اور ایک جگہ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ ان کی شان میں فرماتا ہے اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ ؕ بے شک اللہ تعالیٰ ساتھ ہے متقیوں کے اور محسنوں کے تو نتیجہ یہ ہوا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ محسن اور متقی تھے۔ آپ نے چالیس ہزار دینار سب کے سب اسلام کی مدد میں صرف کئے اور بڑے بڑے کفار ان کی دعوت سے ان کے ہاتھ پر ایمان لائے اور کیسے کیسے صحابہ کو قید غلامی سے نکال کر آزاد کر دیا۔ ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کسی کا مجھ پر احسان نہیں ہے۔ میں نے سب کا احسان ادا کر دیا۔ مگر ابوبکر رضؓ کا کہ اس کا بدلہ اللہ ان کو قیامت میں دے گا۔

خلیفہ دوم امیر المومنین سیدنا حضرت عمر فاروق رضؓ

آپ سے پہلے چالیس مرد اور گیارہ عورتیں ایمان لائی تھیں۔ ان کے سب کے ایمان لانے سے پہلے اسلام مخفی تھا۔ ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ خداوند عزت دے اسلام کو عمر رضؓ سے۔ حضرت عمر فرماتے ہیں کہ میں پیچھے لگا رہتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے۔ ایک دن میں نے آپ کو مسجد حرام میں پایا۔ آپ تلاوت فرما رہے تھے۔ سورہ حاقہ کی۔ میں آپ کے پیچھے کھڑا ہو گیا اور سننے لگا۔ اور میں تعجب کرتا تھا فصاحت قرآن شریف پر۔ میں نے کہا قسم اللہ کی یہ شخص شاعر ہے۔ جب آپ نے پڑھا۔ اِنَّہٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ کَرِیْمٍ وَّمَا ھُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ۔ یعنی یہ قول رسول صلعم کریم کا ہے پس آگیا میرے دل میں اسلام اچھی طرح سے اور جب حضرت عمر رضؓ اسلام لے آئے تو عزت دی اللہ تعالیٰ نے اسلام کو۔ حضرت عمر رضؓ نے فرمایا کہ جھوٹے معبودوں کی بندگی تو ظاہر کی جائے اور پیدا کرنے والے کی بندگی مخفی کی جائے یہ بات مجھے ہرگز پسند نہیں۔ جب پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حرم شریف کی طرف تو حضرت صدیق اکبر رضؓ دائیں طرف اور حضرت حمزہ رضؓ بائیں طرف اور حضرت علی مرتضیٰ رضؓ پیچھے اور میں آگے آگے تھا۔ جب ہم سب داخل ہوئے حرم شریف میں تو کفار قریش نے میری طرف دیکھا اور پھر حضرت حمزہ رضؓ کی طرف دیکھا اور پوچھا حضرت عمر رضؓ سے کیا حال تیرا۔ کہا حضرت عمر رضؓ نے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور کہا حضرت عمر رضؓ نے کہ اگر تم میں سے کوئی اپنی جگہ سے ہلے گا تو قتل کر دوں گا۔ انھوں نے حضرت عمر رضؓ پر حملہ کیا اور آپ نے نہایت بہادری سے اسے دفع کیا اور سب کو حرم شریف سے نکال دیا۔ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز دوگانہ مع جمیع صحابہ کے اندر کعبہ شریف کے ادا فرمائی اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ حَسْبُکَ اللّٰہُ وَمَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ

خلیفہ سوم امیر المومنین سیدنا حضرت عثمان غنی رضؓ

حضرت عثمان ذوالنورین رضؓ آپ صلعم کے داماد ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور صلعم نے اپنی صاحبزادی حضرت رقیہ رضؓ ان کے نکاح میں دی اور بہت خوش تھے حضرت عثمان رضؓ سے اور اوّل ہجرت کی بعد حضرت ابراہیم رضؓ اور حضرت لوط علیہ السلام کے آپ نے مع اپنی بیوی کے طرف حبشہ کے مکہ معظمہ سے اور جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت فرما کر مدینہ منوّرہ میں داخل ہوئے میں داخل ہوئے تو تھوڑے دنوں کے بعد آپ بھی مع اپنی بیوی کے حضرت صلعم سے آملے۔ مکہ معظمہ میں سب سے زیادہ صحابہ رضؓ میں آپ کو وجاہت تھی۔ جب آپکی بیوی حضرت رقیہ رضؓ کا انتقال ہو گیا تو آپ ملول رہنے لگے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان رضؓ کیا حال ہے تیرا۔ عرض کیا کہ مجھ سے زیادہ صدمہ کس کو ہوگا کہ وفات پائی بیٹی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو قطع ہو گیا رشتہ میرا آپ سے ہمیشہ کو فرمایا اے عثمان رضؓ کیا خیال کر رہا ہے تو کہ جبرئیل علیہ السلام حکم لائے اللہ جل شانہ کا کہ ام کلثوم رضؓ ہمشیرہ رقیہ رضؓ کا نکاح کر دو۔ حضرت عثمان سے اتنے ہی مہر پر۔ پس نکاح کر دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی واسطے آپ کا لقب ذی النورین ہے۔ تمام آدم کی اولاد میں یہ بات کسی کو میسّر نہیں ہوئی کہ دو بیٹیاں نبی صلعم کی اس کے گھر میں آئی ہوں۔ پھر بعد وفات ام کلثوم رضؓ کے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر میری چالیس بیٹیاں ہوتیں سب عثمان رضؓ کو دیتا۔ ایک کے بعد

خلیفہ چہارم امیر المومنین حضرت سیّدنا علی مرتضیٰ

حضرت علی مرتضیٰ رضؓ بڑی عظمت والے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کفار مکہ نے سخت ایذائیں دینی شروع کیں تو اللہ تعالیٰ نے ہجرت کا حکم دیا۔ آپ صلعم نے فرمایا اے علی رضؓ تم بچھونے پر آج کی رات سو رہو اور میری چادر اوڑھ لو اور انشا اللہ تعالیٰ تمہیں کچھ ایذا نہ پہنچے گی۔ اور ایک مٹھی سنگریزوں کی آنحضرت صلعم نے اٹھائی اور سورہ یٰسین شریف لَا یُبْصِرُوْنَ تک پڑھ کر کافروں کے منہ پر ماری۔ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اس وقت ان کو اندھا کر دیا۔ آپ ان کے سامنے سے نکلے چلے گئے۔ اور ان کو نظر نہ آئے جناب شاہ ولایت حضرت علی مرتضیٰ بعد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تین رات مکہ معظمہ میں رہے اور امانات حضرت رسول اللہ کے پاس جو لوگوں کی تھیں انہیں پہنچائیں اور پھر مدینہ منورہ میں جا ملے۔ سبحان اللہ یہ سفر صعب اس وحشت کے ساتھ تھا۔ بلا رفیق آپ نے طے فرمایا آپ کی شجاعت وجنگ بدر میں بھیجا۔ حضرت علی اللہ علیہ وسلم نے عبیدہ بن حارث اور حضرت حمزہ بن عبد المطلب اور حضرت علی رضؓ بن ابی طالب کو دوڑ لے حضرت حمزہ رضؓ لشکر کے مقابلہ کو اور ایک ہی ضرب میں قتل کیا۔ دشمن شیبہ کو نہ مہلت دی اس کو بات کرنے کی اور لپکے حضرت علی رضؓ اور قتل کیا ایک ہی وار میں۔ دشمن ولید کو اور نہ فرصت دی بات کرنے کی اس کو اور عبیدہ رضؓ بوڑھے آدمی تھے۔ وہ مقابل ہوئے دشمن عتبہ کے تو زخم آیا دونوں کو۔ یہاں تک کہ جھپٹے حضرت حمزہ رضؓ اور حضرت علی رضؓ اور قتل کیا عتبہ کو۔ اس وقت غیب سے آواز آئی لَا فَتٰی اِلَّا ذُوالْفَقَارِ ط ترجمہ۔ نہیں کوئی جوان مگر علی رضؓ نہیں کوئی تلوار مگر ذوالفقار۔

ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام

ابوالشیخ وغیرہ محدثین نے رسول خدا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت کی ہے جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا تو ستر ہزار برس تک حضرت آدم علیہ السلام کا قالب بنتا رہا جب وہ تیار ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے اس میں روح پھونک دی آخر جمعہ کے روز آدم علیہ السلام کو فرشتے شاہانہ لباس پہنا کر جنت میں تخت پر بٹھا کر لے گئے جب آپ وہاں آئے تو ہوائے خوش فضائے دل کش، لطیف میوے شیریں شربت تیار پائے اور اللہ تعالیٰ کا شکر بجالائے حکیم ترمذی نے روایت کی ہے کہ جس تخت پر بٹھایا گیا تھا وہ سونے کا پایا یاقوت سرخ کا تھا اور اس کے ۹ سو پائے تھے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس تخت کو حضرت جبرئیلؑ، حضرت میکائیل، حضرت اسرافیلؑ حضرت عزرائیل نے اپنے کاندھوں پر اٹھایا تھا اور حکم دیا تھا کہ تمام آسمانوں میں پھراؤ اور تمام عجائبات دکھاؤ اسی لئے اولاد آدم کے جنازے کو چار آدمی اٹھاتے ہیں حضرت آدم گندمی رنگ کے تھے اور ان کی کنیت ابوالبشر ہے۔ قسطلانی نے شرح بخاری میں ابن قتیبہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ حضرت آدم کے ڈاڑھی نہیں نکلی تھی ان کے بعد ان کی اولاد کو ڈاڑھی نکلنا شروع ہوئی اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو علم ملائکہ سے زیادہ عطا فرمایا تاکہ خلافت حضرت آدم کی ملائکہ بھی قبول کریں۔ اور جانیں کہ واقعی یہ خلافت کے لائق ہیں خلیفہ کے واسطے ضروری ہے کہ جن چیزوں پر خلیفہ مقرر ہوں ان کے حالات سے واقف ہو اور ان کے نام اس کو معلوم ہوں کیونکہ ایک دوسرے کا امتیاز ناموں سے ہوتا ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے اول کل چیزوں کے نام سکھلائے بعض علما کے نزدیک اسماء سے یہ مراد ہے کہ حضرت آدم کو کل زبانیں سکھائی گئیں۔ پس ان کی اولاد میں سے ہر شخص ایک ایک زبان میں گفتگو کرنے لگا جب وہ جابجا متفرق ہو گئے تو ایک ایک زبان ایک ایک فرقہ کی خاص ہو گئی۔ حاکم وغیرہ نے روایت کی ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک ہزار صفتیں بھی سکھائیں پھر ملائکہ کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو پس سجدہ کیا تمام ملائکہ نے مگر ابلیس نے سجدہ نہیں کیا اور کہا کہ یہ مٹی سے پیدا کیا گیا ہے اور میں آگ سے، اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا کہ تو مردود ہے قیامت تک تجھ پر لعنت ہے حضرت آدم اور حضرت حوا کو یہ مرتبہ اللہ تعالیٰ نے عنایت فرمادیا تو شیطان کو حسد پیدا ہوا۔ وہ آدم اور بنی آدم کا دشمن ہو گیا۔ اور اسے یہ فکر ہوئی کہ انہیں جنت سے نکلوا دوں آخر کار حضرت حوا کو بہکا کر اس درخت کا پھل جس سے منع فرمایا گیا تھا دونوں کو کھلوا دیا اس دانہ کا مزہ حضرت آدم کے حلق تک نہ پہنچا تھا کہ تمام حلۂ بہشتی بدن سے گر گئے اور جنت سے اتارے گئے حضرت آدم کو ایک گناہ کی بدولت سیکڑوں برس گریہ زاری کرنی پڑی جب انکی توبہ قبول ہوئی ہمیں بھی اس واقعہ کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے ڈر کر اپنے گناہوں کی معافی مانگنا اور توبہ کرنا چاہیئے وہ ارحم الراحمین ہے ہماری خطاؤں کو معاف فرمادے گا۔

حضرت حوا علیہا السلام

یہ حضرت آدم علیہ السلام کی بی بی ہیں اور تمام دنیا کے آدمیوں کی ماں ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی کامل قدرت سے حضرت آدم کی بائیں پسلی سے پیدا کیا ہے اس وقت آپ سو رہے تھے یہی وجہ ہے کی عورتیں عیش و آرام رہتی ہیں۔ کیونکہ حضرت حوا کی پیدائش جنت میں ہوئی کہ وہ راحت کا مقام ہے جب حوا بائیں پسلی سے حضرت آدم کے پیدا ہوئیں تو آپ کو کوئی تکلیف نہیں ہوئی جب حضرت آدم نیند سے جاگے تو دیکھا کہ پہلو میں ایک ہم جنس موجود ہے دریافت فرمایا کہ تو کون ہے ندا ہوئی کہ یہ ہماری کنیز ہے اور اس کا نام حوا ہے اور اس کی کنیت ام البشر ہے یہ تمہاری انسیت کے لئے پیدا کی گئی ہے آدم علیہ السلام نے ہاتھ لگانا چاہا ارشاد باری ہوا کہ اس کا مہر ادا کر کے اس کو ہاتھ لگانا حضرت آدم نے التماس کیا کہ مہر کیا ہے حکم ہوا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر دس مرتبہ درود شریف بھیجو حضرت آدم نے درود شریف پڑھا۔ اور یہ حکم ہوا کہ تم اور تمہاری بیوی دونوں بہشت میں رہو سہو مگر شیطان ان کا دشمن تھا اپنے مکروفریب سے دونوں کو گندم کھلا دیا اور دونوں کو جنت سے زمین پر اتار دیا گیا حضرت حوا کو جدہ میں اور حضرت آدم کو سراندیپ میں اتار دیا گیا ان دونوں مقاموں میں سات سو فرسنگ کا فاصلہ ہے ایک فرسنگ تین میل کا اور ایک میل چار ہزار گز کا ہوتا ہے جب زمین پر گئے تو بھوک کی شدت معلوم ہوئی تو حضرت جبرئیل سرخ سیاہ گھاس، لوہا، دھونکنی، دستپناہ، اور تھوڑی لکڑیاں اور دوزخ سے بہت ہی ذرا سی آگ اور گیہوں کے تین دانے لائے دو حضرت آدم کو اور ایک حضرت حوا کو دیا۔ مورخین نے اس گیہوں کے دانے کا وزن آٹھ سو اٹھاسی درم لکھا ہے اور ایک درم تین ماشہ چار جو کا ہوتا ہے حضرت حوا کے حصہ کا گیہوں جو کا درخت اگا اور حضرت آدم کے حصے کے گیہوں پیدا ہوئے جب درخت کاٹے گئے تو جبرئیل ہی نے ایک اوکھلی میں کوٹ کر بھوسی الگ کر دی اور ایک چکی بنا کر اس میں دانوں کو پیس دیا پھر اسی آٹے کا خمیر بنایا۔ اور ایک گڑھا کھود کر اس میں آگ جلائی اور کئی روٹیاں پکائیں۔ حضرت حوا حضرت آدم سے سو برس تک جدا رہیں اور حضرت آدم کے فراق میں شب و روز گریہ زاری کرتی رہیں زمین پر حضرت حوا کے جو آنسو گرتے تھے اُن سے حنا زعفران اور ہر چیز سرخ رنگ کی پیدا ہوئی اور جو دریا میں گرے ان سے جواہر اور موتی اور جو پہاڑ پر گرے ان سے سونا چاندی یاقوت، فیروزہ پیدا ہوئے اس وجہ سے یہ چیزیں عورتوں کے حلال ہوئیں اور مردوں پر حرام ایام حج میں حضرت حوا جدہ سے کوہ عرفات پر جاتی تھیں سو برس کا زمانہ گزر چکا تھا کہ مزدلفہ میں حضرت آدم سے ملاقات ہوئی اور جب آپس میں پہچان ہوئی تو اس مقام کا نام عرفات اور وہ دن عرفہ ہوا اس کے بعد حضرت آدم اور بی بی حوا سراندیپ میں آ گئے۔

حضرت شیث علیہ السلام

حضرت آدم علیہ السلام کے بعد حضرت شیث علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے پیغمبری عطا فرمائی۔ یہ سب بھائیوں میں بڑے اور فضیلت میں زیادہ تھے حضرت آدم نے اپنے انتقال کے وقت ان کو اپنا ولی عہد مقرر کیا اور چند وصیتیں فرمائیں اول فرمایا اے شیث دنیا میں غفلت و آرام کے طالب نہ بننا اور دوسرے تم عورت کے کہنے پر ہرگز عمل نہ کرنا میں نے حوا کے کہنے پر عمل کیا بلا میں گرفتار ہوا تیسرے جو کام کرو پہلے اس کے انجام اور نتیجہ پر خوب غور کر لینا چوتھے جس کام کو تمہارا دل نہ قبول کرے اسے ہرگز نہ کرنا پانچویں جو کام تم کو درپیش آئے اس میں اپنے دوستوں سے مشورہ ضرور کر لینا اور سوچ سمجھ کر اس پر کاربند ہونا حضرت شیث ہابیل کے مرنے کے ۱۵ برس بعد پیدا ہوئے تھے اسی وقت حضرت آدم کے پاس حضرت جبرئیل کو بھیجا کہ تیرے اس بیٹے کی نسل سے محمد رسول اللہ سردار بنی آدم کا پیدا ہوگا حضرت شیث دنیا کی تمام لذتوں کو ترک کر کے اپنے مولا کی اطاعت میں ہر وقت مشغول رہتے تھے ان کے سب بھائی ان سے بہت خوش تھے اور وہ بھی ان پر ایمان لے آئے تھے حضرت شیث کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام نوش تھا جب وہ بالغ ہو گیا تو حضرت شیث نے تمام باتیں دین کی تعلیم فرمائیں اور حضرت شیث علیہ السلام اس دنیا سے رحلت کر گئے۔

حضرت ادریس علیہ السلام

کہتے ہیں کہ انکا نام اخنوخ یا افنوخ تھا ادریس نام اس لئے ہوا کہ آپ درس کتب میں بہت مشغول رہا کرتے تھے علم نجوم ان کے معجزات میں سے ہے اور لکھنا پڑھنا آپ ہی سے شروع ہوا آپ زمین پر عبادت کرتے تھے اور فرشتے ان کو آسمان پر لے جاتے آپ صائم الدہر تھے جب شام ہوتی افطار کیلئے وقت کھانا بہشت سے آپ کے لئے آتا تھا ایک روز ملک الموت آپ کی ملاقات کے لئے آئے اور کہا میں آپ سے ملنا چاہتا ہوں آپ نے فرمایا کہ میں تلخی موت کو دیکھنا چاہتا ہوں تاکہ خوف اور عبرت زیادہ ہو اور پھر میں عبادت الٰہی زیادہ کروں ملک الموت نے کہا بغیر حکم الٰہی میں کسی کی جان قبض نہیں کرتا حکم الٰہی ہوا کہ جان ادریس کی قبض کر ملک الموت نے آپ کی جان قبض کی اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا کی آپ زندہ ہو گئے تو کہا بھائی مجھکو جنت و دوزخ بھی دیکھنے کا شوق ہے مجھے ساتھ لے کر انہیں دکھا دے تاکہ میں اسے دیکھ لینے کے بعد اور زیادہ عبادت کروں حکم الٰہی ہوا کہ ان کا یہ ارمان بھی پورا کر دے ملک الموت نے انہیں دوزخ اور بہشت دکھائی ملک الموت سے کہا مجھے پیاس لگ رہی ہے اجازت ہو تو ایک پیالہ بہشت میں جا کر پی آؤں اجازت لے کر بہشت میں گئے اور پھر واپس نہ آئے۔

حضرت نوح علیہ السلام

حضرت نوح علیہ السلام کا اسم مبارک عبد الغفار شکر تھا لیکن اللہ تعالیٰ کے خوف اور اپنی کوتاہیٔ عمل کے باعث کثرت آہ و بکا اور نوحہ کے باعث نوح نام ہو گیا چونکہ لوگوں میں کفر و معاصی زیادہ پھیل گیا تھا اس لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو پیغمبر بنا کر قوم پر بھیجا آپ اپنی قوم کو ۹ سو برس تک ہدایت فرماتے رہے مگر وہ اپنے کفر سے باز نہ آئے اس تمام عمر میں صرف اسّی آدمی ایمان لائے جب آپ کو پورا یقین ہو گیا یہ لوگ اور ان کی اولادیں ایمان نہ لائیں گی تو حضرت نوح نے ان کے لئے بددعا کی حکم الٰہی ہوا ساکھ کا درخت بوؤ جب چالیس برس گزر چکے تو کشتی بنانے کی تعلیم ہوئی چھ سو گز لمبی اور تین سو گز چوڑی اور خشکی اور تری کے جانوروں کا ایک ایک جوڑا بٹھا لیا گیا کہ نسل منقطع نہ ہو اور حضرت نوح علیہ السلام بحکم خدا ایمان داروں کو لیکر کشتی پر سوار ہو گئے ان کفاروں کی شومئ قسمت کی وجہ سے چالیس دن تک باران طوفان آسمان سے گرا۔ تمام عالم اور روئے زمین دریا بن گیا حضرت نوح ۱۰ ماہ رجب کی دوسری تاریخ سے عشرۂ محرم الحرام تک چھ مہینے آٹھ دن تک کشتی پر رہے پھر زمین کو اللہ نے حکم دیا کہ سب پانی اپنا نگل جا۔ اور اے آسمان تھم جا الغرض آپ کی کشتی کوہ جودی جو ملک شام میں ہے جا کر ٹھہری وہاں وہ سب آباد ہو گئے اس بستی کا نام ثمانین رکھا جس کے معنی ہیں اسّی آدمیوں کی بستی اور چند روز کے بعد حضرت نوح علیہ السلام نے وہاں وفات پائی۔ حضرت نوح علیہ السلام کی عمر شریف چودہ سو برس کی تھی اور دوسری روایت میں ایک ہزار برس بتائی ہے۔

حضرت ہود علیہ السلام

حضرت نوح علیہ السلام کے بعد حضرت ہود علیہ السلام پیغمبر ہوئے آپ کے والد عبد اللہ بن رباح بن خلود بن ارم بن نوح تھے جو یمن کی بلندیوں پر رہتے تھے یہ ساٹھ گز اور سو گز تک لانبے تھے نہایت قوی اور زبردست لوگ تھے ان کو ظلم اور بت پرستی سے روکتے تھے اور عذاب الٰہی سے ڈراتے تھے وہ کہتے تھے کہ ہم سے زیادہ زبردست کون ہے جس کی ہم اطاعت کریں حضرت ہود کا کہنا نہ مانا اور نہ ایمان لائے اللہ تعالیٰ نے ان پر دو عذاب نازل کئے ایک یہ کہ تین برس تک پانی نہ برسا دوسرا یہ کہ انکی عورتوں کو بانجھ کر دیا آخر عاجز آکر یہ لوگ کعبہ میں آئے خانہ کعبہ کی عظمت اس وقت بھی کی جاتی تھی تو ابر کے دو ٹکڑے ایک سیاہ اور ایک سفید نمایاں ہوئے اور آواز آئی کسے پسند کرتے ہو انہوں نے سمجھا سیاہ ابر خوب برستا ہے اسے پسند کیا وہ ان کے ساتھ ہو لیا قوم عاد اس ابر کو دیکھ کر خوش ہوئی اور حضرت ہود علیہ السلام کو جھٹلانے لگی۔ آٹھ دن تک آندھی خوب چلی جس کے سبب سے نہ کوئی درخت بچا اور نہ کوئی آدمی سب کو برباد کر دیا۔

حضرت صالح علیہ السلام

حضرت صالح علیہ السلام کو اولاد ثمود پر پیغمبر بنا کر بھیجا۔ یہ لوگ شام اور حجاز کے درمیان رہتے تھے حضرت صالح نے ان سے کہا کہ اے قوم بندگی کرو اللہ تعالیٰ کی اور اقرار کرو کہ سوائے اس کے کوئی بندگی کے لائق نہیں ہے اور نہ کوئی اس کا شریک ہے منکرین قوم نے کہا تمہارے پاس پیغمبری کی کیا دلیل ہے کہا بتاؤ کیا چاہتے ہو سبھوں نے کہا کہ ایک اونٹنی اس پتھر سے نکل کر اسی وقت بچہ جنے اور دودھ دے جب ہم یقین کریں گے کہ تم خدا کے رسول ہو اسی وقت جبرئیل نازل ہوئے اور کہا کہ ان سب سے اقرار کرلو حضرت صالح نے ان سب سے اقرار کرلیا اور خدا سے دعا مانگی تو اس پتھر سے عجیب آواز نکلی اور فوراً ایک اونٹنی اس میں سے نکلی بعد ایک ساعت کے اس نے بچہ دیا اور حکم خدا سے ایک چشمہ اور چراگاہ پیدا ہو گئی وہ اس میں چرنے لگی حضرت صالح کا یہ معجزہ دیکھ کر جندع بن عمر مع چھ ہزار آدمیوں کے ایمان لائے اور باقی لوگ انہیں جادوگر بتا کر پیچھے ہٹ گئے صالح علیہ السلام نے فرمایا کہ تم اس اونٹنی اور اس بچے کو ہرگز نہ ستانا بس یہی تمہارے لئے امان ہے جب روز اونٹنی چرنے جاتی تو اس چراگاہ میں چر کر کنویں کا سارا پانی پی لیتی اور شہر میں اس قدر دودھ دیتی کہ تمام شہر کو کافی ہوتا اور دوسرے دن شہر والوں کے جانور وہاں جا کر چرتے تھے اور اس کنویں سے پانی بھر کر لے آتے تھے پھر قدار بن سالف نے قوم سے مشورہ کر کے اونٹنی کو قتل کر ڈالا صالح نے سنا تو بڑا صدمہ ہوا بچے نے صالح کو دیکھ کر تین آوازیں کیں تو وہ پتھر جس پر وہ کھڑا تھا شق ہو گیا اور بچہ اس میں سما گیا۔ حضرت صالح نے قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا تم تین دن اور جی لو اس کے بعد تم پر عذاب خداوندی نازل ہوگا اور تم ہلاک ہو جاؤ گے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام

طوفان حضرت نوح کے ایک ہزار دو سو تریسٹھ بعد نمرود بادشاہ کے زمانہ میں پیدا ہوئے مورخین کے نزدیک یہ بادشاہ ہفت اقلیم کا تھا اپنے آپ کو رب کہلواتا تھا نجومیوں نے خبر دی کہ تیرے ملک میں ایک لڑکا پیدا ہونیوالا ہے جو تیرے ملک کو برہم کر دیگا نمرود نے حکم دیا جو بھی بچہ پیدا ہو اُسے قتل کر ڈالا جائے خدا کی قدرت سے آپ اسی سال پیدا ہوئے ان کی ماں نے آپ کو پہاڑ کی کھوہ میں لے جا کر چھپا دیا اللہ تعالیٰ نے ان کی انگلیوں سے انکی غذا کیلئے دودھ جاری فرمادیا جب بڑے ہوئے تو دریافت کیا کہ میرا اور تیرا رب کون ہے کہا نمرود، کہا اس کا رب کون ہے ماں نے کہا چپ رہ۔ میرا رب وہ ہے جس نے زمین و آسمان اور سارے جہان کو بنایا ہے اور بتوں کو توڑنا شروع کر دیا نمرود نے حکم دیا کہ اسے آگ میں جلادو۔ خدائے تعالیٰ کا حکم آگ کو ہوا اے آگ تو ٹھنڈک اور سلامتی بن جا ابراہیم پر ہر شعلہ پھول بن گیا یہ امتحان سولہ برس کی عمر میں ہوا۔

حضرت لوط علیہ السلام

حضرت لوط علیہ السلام ابن ہاران بن تارخ حضرت ابراہیم کے بھتیجے اور ملک شام میں آپ کے سفر میں ان کے ہمراہ تھے رومی قوم نے آپ کو قید کر لیا تھا حضرت ابراہیم نے جہاد کر کے انہیں چھڑایا اور حضرت لوط اردن میں اہل سدوم کے پیغمبر ہوئے یہ لوگ اغلام اور بے حیائی کے عادی تھے حضرت لوط نے انہیں ہدایت کی مگر وہ اپنی برائیوں سے باز نہ آئے آپ نے اللہ تعالیٰ سے ان کیلئے بد دعا کی اللہ تعالیٰ نے عذاب کے فرشتے بھیجے اور حضرت لوط سے کہا گھبراؤ نہیں ہم انہیں برباد کرنے آئے ہیں حضرت جبرئیل نے اپنی اصل صورت بدل کر دونوں بازو کھول دیئے اور اپنا ایک پر ان کے منہ پر مارا وہ سب اندھے ہو گئے اور دوسرا زمین کے نیچے رکھ کر پورا شہر اٹھا کر آسمان پر لے گئے اور اوپر سے پتھراؤ کیا انہیں اس نافرمانی کی سزا مل گئی کہتے ہیں کہ یہ سب پانچ شہر تھے

حضرت یعقوب علیہ السلام

حضرت یعقوب علیہ السلام بن اسحٰق بن ابراہیم تھے آپ کی اولاد کو بنی اسرائیل کہتے ہیں۔ ان کے ہاں اکیس برس کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام پیدا ہوئے ان کے بیٹے حضرت یوسف کو دنیا میں سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ نے حسن مرحمت فرمایا تھا ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دنیا بھر کا آدھا حسن حضرت یوسف کو ملا تھا یہ آپ کا خاص معجزہ تھا سب بھائی اس وجہ سے جلتے تھے کہ حضرت یعقوب سب بیٹوں میں آپ سے زیادہ محبت کرتے تھے اور ان کو ایک گھڑی کے لئے بھی جدا نہ کرنا چاہتے تھے اللہ تعالیٰ یعقوب علیہ السلام کو مال اور اولاد بہت عنایت فرمایا تھا۔

حضرت یوسف علیہ السلام

اللہ تعالیٰ نے آپ کا قصہ قرآن شریف میں احسن القصص کر کے بیان فرمایا ہے آپ نے خواب میں دیکھا کہ گیارہ ستارے چاند سورج مجھے سجدہ کر رہے ہیں یہ خواب حضرت یعقوب سے فرمایا آپ نے فرمایا کہ اپنے بھائیوں سے ہرگز نہ کہنا وہ دشمن بن جائیں گے اور تیرا رب تجھکو خواب کی تعبیر سکھائے گا پس یہ تعبیر بھائیوں نے سن لی اور حسد کرنے لگے موقعہ پا کر انہیں لے جا کر کنوئیں میں ڈال دیا ایک قافلہ ادھر سے گزرا اور انہیں نکال کر مصر لے گیا اور وہاں عزیز مصر کے ہاتھ فروخت کر دیا زلیخا نے انہیں پہلے خواب میں دیکھا تھا وہ ان کی عاشق ہو گئی تھی اور عزیز مصر سے شادی ان کے باپ نے کر دی تھی اللہ تعالیٰ نے ان کی عصمت کو محفوظ رکھا۔ اور خدا کے حکم سے زلیخا کی شادی حضرت یوسف سے ہو گئی۔

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام

آپ بی بی ہاجرہ کے شکم مبارک سے پیدا ہوئے تھے آپ کے والد حضرت ابراہیم ہیں اور بی بی سارہ سے حضرت اسحٰق پیدا ہوئے تھے چونکہ آپ پہلے پیدا ہوئے تھے اس لئے حضرت سارہ کو رشک ہوا حضرت ابراہیم سے کہا کہ ان ماں بیٹوں کو کہیں اور لے جاکر چھوڑ دو حضرت ابراہیم نے دونوں ماں بیٹوں کو وادی مکہ میں لاکر چھوڑ دیا بی بی ہاجرہ نے کہا یہاں مجھ کو کس پر چھوڑے جاتے ہو کہا حکم الٰہی یہی ہے اس پر چھوڑے جاتا ہوں پھر آپ نے دعا کی کہ الٰہی میں نے انہیں تیرے گھر کے پاس لا یا ہے تو اپنے فضل وکرم سے نواز اور رزق دے یہ انہیں چھوڑ کر چلے گئے حضرت ہاجرہ پیاس سے بے چین تھیں کہ حضرت جبرئیل نے آکر زمین پر ٹھوکر ماری چشمۂ زمزم نکل آیا پانی نکل آنے کی وجہ سے کچھ لوگ قبیلہ جراہم آکر آباد ہو گئے۔

حضرت اسحٰق علیہ السلام

یہ حضرت ابراہیم کے چھوٹے لڑکے جو بی بی سارہ کے شکم سے پیدا ہوئے اور حضرت اسمٰعیل سے تیس برس چھوٹے ہیں آخر وقت میں نابینا ہو گئے تھے۔ حضرت اسحٰق نے حضرت عیص سے کہا کہ شکار کر کے لاؤ اور مجھے اس کے کباب بنا کر کھلاؤ میں دعا کروں گا کہ خدائے تعالیٰ تمہیں پیغمبری عطا کرے عیص شکار کو گئے بی بی سارہ نے اپنے بیٹے حضرت اسحٰق سے کہا کہ ایک بکری لاکر ذبح کر کے کباب بنا کر جلدی سے کھلا تا کہ تیرے باپ تیرے لئے وہ دعا کریں انہوں نے بکری ذبح کر کے کباب بنا کر اپنے باپ کو کھلائے۔ آپ نے دعا کی کہ یا رب اس کو اور اس کی اولاد کو پیغمبری عطا فرما۔

حضرت ایوب علیہ السلام

حضرت ایوب بن اموص نارح بن عیص بن اسحاق رومی تھے بڑے رحمدل اور عبادت گزار تھے پہلے بھوکوں کو کھلاتے پھر آپ کھاتے تھے شیطان نے کہا الٰہی ان کی عبادت اس وجہ سے ہے تو نے سب راحت وآرام دے رکھا ہے اگر تو اجازت دے تو آزماؤں حکم ہوا جا آزما لے ہمارا ایوب ہر حال میں ثابت قدم رہے گا اس نے ان کی جان مال سب کو برباد کر ڈالا۔ مگر ایوب نے ایسے شکر کے دم نہ مارا اور زبان اور بدن پر اختیار پا کر بدن اور زبان تک میں کیڑے پڑ گئے بدبو آنے لگی شہر والوں نے باہر نکال دیا کوڑی پر جا پڑے ان کی بیوی نے ان کی خدمت گزاری میں بڑا ساتھ دیا اس حالت میں سات برس گزرے مگر آپ صبر وشکر سے غافل نہ رہے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی صحت کے لئے دعا مانگتے رہے آخر خدا نے سن لی اور اس سے دو چند عطا فرما دیا

حضرت شعیب علیہ السلام

آپ حضرت لوط کے نواسے ہیں آپ مدین والوں کے پیغمبر تھے یہاں کے لوگ کم تولنا، ناپنا اور زیادہ لینے کے عادی تھے آپ نے سب کو ان بری باتوں سے روکنے کی ہدایت فرمائی مگر یہ نہ مانے آخر حضرت شعیب نے ان کے لئے بددعا کی عذاب آیا اور سب ہلاک ہو گئے۔ تمام کنوئیں خشک ہو گئے اور ایک آگ آئی جس سے بھن کر راکھ ہو گئے حضرت شعیب اس واقعہ کو دیکھ کر اس قدر روئے کہ اندھے ہو گئے جب آپ کسی پہاڑ پر چڑھتے تو وہ جھک جاتا تھا آپ مع ایمانداروں کے مکہ معظمہ میں آگئے۔ جب آپکی عمر دو سو برس کی ہوئی وفات پائی

حضرت موسیٰ علیہ السلام

آپ عمران بن لیصر بن قاہت بن لیعقوب کے بیٹے ہیں۔ جب یعقوب کا وصال ہو گیا تو یہ سب مصر پر قبضہ کرنے چلے آئے مصر کے بادشاہ کا لقب فرعون ہوتا تھا اور یعقوب کا لقب اسرائیل تھا اس لئے یہ سب بنی اسرائیل کہلائے فرعون خدائی کا دعویٰ کرتا تھا اس نے بنی اسرائیل پر طرح طرح کے ظلم شروع کئے حضرت موسیٰ کو اللہ تعالیٰ نے اسی کے ہاں پرورش فرمایا حضرت موسیٰ وہاں کے پیغمبر ہوئے

حضرت ہارون علیہ السلام

حضرت موسیٰ کو معلوم ہوا کہ وفات حضرت ہارون کی قریب آگئی ہے تو انہیں اور ان کے لڑکوں کو لیکر کوہ شویک کو روانہ ہوئے راستہ میں ایک مقام پر جو نہایت آراستہ تھا وہاں ایک تخت بلند تھا جس پر عمدہ فرش بچھا ہوا تھا اور درخت کا سایہ تھا حضرت ہارون نے حضرت موسیٰ سے کہا کہ میں اس تخت پر تھوڑی دیر آرام کرونگا اور آپ بھی آرام فرمائیں حضرت ہارون تکیہ پر سر رکھتے ہی فردوس بریں پہنچ گئے حضرت موسیٰ نے تجہیز وتکفین کا ارادہ کیا مگر وہ تخت نظروں سے غائب ہو گیا۔ آپ کی عمر شریف ایک سو تیس برس کی تھی

حضرت الیاس علیہ السلام

حضرت الیاس اسرائیلیوں کی ہدایت کے لئے بھیجے گئے جو بت پرست تھے حضرت الیاس نے قوم کو بہت نصیحت کی مگر وہ راہ راست پر نہ آئے وہاں کا بادشاہ ان کا دشمن ہو گیا حضرت الیاس شہر سے جنگل کی طرف چلے گئے اور آپ سب کی نظروں سے غائب رہا کرتے تھے اللہ تعالیٰ وہیں رزق پہنچا تا رہتا تھا آپ نے دعا فرمائی کہ الٰہی مجھے قبل عذاب کے اس قوم بدکار کے پاس سے اٹھا لے حکم الٰہی ہوا کہ فلاں مقام پر چلے جاؤ اور وہاں جو سواری نظر پڑے اس پر سوار ہو جائیے آپ اس پر سوار ہو کر نظروں سے غائب ہو گئے۔

حضرت ذی الکفل علیہ السلام

آپ کو اللہ تعالیٰ نے پیغمبر بنا کر بادشاہ کنعان کے پاس بھیجا تھا بادشاہ نے اقرار کیا کہ میں گناہ گار ہوں مگر جب تک کوئی آخرت کی کفالت نہ کرے میں اس کی بات کو کس طرح باور کروں حضرت ذی الکفل علیہ السلام نے کفالت نامہ لکھدیا اسی وجہ سے ذی الکفل کہلائے جو کفالت نامہ آخرت کے لئے اس کو لکھ دیا تھا وہ اس کی ہدایت کے مطابق اس کی قبر میں رکھدیا گیا تھا وہ ان پر ایمان لے آیا تھا اسی صورت سے جو آپ پر ایمان لے آتا تھا اسے کفالت نامہ لکھدیا کرتے تھے یہ بادشاہ آپ کی بڑی عزت کیا کرتا تھا۔

حضرت شموئیل علیہ السلام

خاندان نبوت میں سے ایک عورت حاملہ تھی اس کے ہاں بیٹا پیدا ہوا تو اس کا نام شموئیل رکھا اور توریت سیکھنے کے لئے بیت المقدس میں بنی اسرائیل کے علماء میں سے ایک شیخ انکے کفیل ہوئے جب پڑھ لکھ کر بالغ ہوئے تو ایک شب اللہ تعالیٰ کے حکم سے جبرئیل ان کے پاس آئے کہا کہ جاؤ اپنی قوم کو ہدایت کرو تم کو نبی مقرر کیا گیا ہے جب آپ نے اپنی قوم سے کہا تو سب نے انہیں جھوٹا ٹھہرایا اور کہا کہ تم سچے ہو تو ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کردو ہم اس کے ساتھ ہو کر اپنے دشمنوں سے لڑیں۔ اللہ تعالیٰ نے طالوت کو بادشاہ مقرر فرمایا کہ اس کے مثل اور کوئی نہ تھا اور تابوت سکینہ اللہ تعالیٰ نے اس کے گھر پہنچادیا جس کی برکت سے جالوت پر فتح حاصل ہوئی کہ اس کے پاس بیحد فوج تھی۔

حضرت داؤد علیہ السلام

حضرت داؤد علیہ السلام یہودا ابن یعقوب کی نویں پشت سے تھے جب آپ زبور پڑھتے تو جن وانس چرند پرند آپ کے پاس آجاتے تھے اس خوش الحانی سے پڑھتے تھے اسی لئے لحن داؤدی مشہور ہے لکھتے ہیں پانی تھم جاتا تھا اور ہوا رک جاتی تھی یہ الحان آپ کا اعجاز تھا۔ عرائش میں ہے کہ شیاطین نے آپ کے الحان سے مزامیر ایجاد کرکے عوام کو شیفتہ بنایا دوسرا معجزہ آپ کا یہ تھا کہ لوہا آپ کے ہاتھ میں موم ہو جاتا تھا جس سے آپ زرہ بنا کر فروخت کرتے تھے اور اسی کی اجرت سے کھاتے تھے اور اپنے گناہوں پر بہت رویا کرتے تھے۔ ۷۰ برس کی عمر میں وفات پائی۔

حضرت سلیمان علیہ السلام

حضرت سلیمان علیہ السلام داؤد کے بیٹے اور لطشابنت حنا کے بطن سے جو اودیا شہبا کی بی بی تھیں جن سے حضرت داؤد نے نکاح کرلیا تھا پیدا ہوئے تھے جب تخت سلطنت پر بیٹھے تو بڑے بڑے الجھے ہوئے مقدموں کو فوراً حل کردیا کرتے تھے آپ تمام جانوروں کی بولی سمجھتے تھے ان کے گھوڑے سواری کے دریائی اور پردار تھے جن انس اور چرند پرند اور ہوا آپ کی تابعدار تھی۔ ۵۳ برس کی عمر میں وفات پائی۔

حضرت یونس علیہ السلام

حضرت یونس علیہ السلام کا سلسلہ حضرت ہود تک اور بعض کے نزدیک یعقوب تک پہنچتا ہے۔ آپ نینوا کے پاس گئے اور فرمایا کہ تو نے اسرائیلیوں کو قید کر رکھا ہے انہیں چھوڑ دے اس نے آپ کا حکم نہ مانا آپ نے سب کو عذاب الٰہی سے ڈرایا مگر قوم اور بادشاہ نہ مانے آپ نے فرمایا چالیس دن کے اندر عذاب الٰہی میں مبتلا ہو جاؤ گے اور آپ شہر کے باہر چلے گئے حکم الٰہی ہوا کہ تم نے ہماری مرضی بغیر ۴۰ دن کی مدت کیوں لگائی کہا میری شرم تیرے ہاتھ میں ہے ۳۵ دن کے بعد ہوا میں دھواں اٹھنا شروع ہوا یہ سب حضرت یونس کی تلاش میں نکلے اور درگاہ الٰہی میں توبہ کی ادھر حضرت یونس کشتی میں سوار ہو کر دوسری جگہ جا رہے تھے کہ مچھلی نے انہیں نگل لیا پھر پیٹ سے نکال کر دریا کے کنارے پر ڈالدیا

حضرت زکریا علیہ السلام

بنی اسرائیل کی ہدایت کیلئے حضرت زکریا کو اللہ تعالیٰ نے پیغمبر بنا کر بھیجا قوم بغاوت پر آمادہ ہوگئی اور ان کی ہلاکت کے واسطے تعاقب کیا آپ شہر سے جنگل کی طرف چلے گئے ایک درخت پھٹ گیا اور بولا اے نبی اللہ مجھ میں آجایئے آپ فوراً اس میں چلے گئے اس درخت نے آپ کو چھپا لیا آپ کے قاتل درخت کے قریب پہنچے تو شیطان لعین انسان کی صورت میں آیا اور کہا زکریا اس میں ہے آپ کے قاتلوں نے اس درخت کو آرہ سے کاٹا زکریا نے اُف تک نہ کی اور راہی فردوس بریں ہوئے۔ آپ کی عمر شریف تین سو برس کی تھی

حضرت یحیٰ علیہ السلام

حضرت یحیٰ علیہ السلام بچپن سے ہی بڑے عابد و زاہد تھے آپ ٹاٹ کا لباس پہنتے تھے کہ جسم کو آرام نہ ملے اپنے والدین کی بہت زیادہ اطاعت کرتے تھے اور خدا کے خوف سے رویا کرتے تھے چہرہ کا گوشت رونے کی وجہ سے گل کر بہہ گیا تھا آپ کی والدہ رخساروں پر نمدے کے ٹکڑے لگا دیا کرتی تھیں مگر وہ بھی سیل اشک کی وجہ سے نہ ٹھہرتے تھے ایک روز آپ کے والد وعظ میں دوزخ کا حال بیان فرما رہے تھے کہ وہ گریہ وزاری کرتے جنگل کے کسی غار میں چلے گئے یحیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ کا ایک زمانہ تھا یہ خالہ زاد بھائی تھے آپ کی عمر ۷۵ برس کی تھی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام

آپ کی والدہ کا نام بی بی مریم ہے آپ بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے بڑے اولوالعزم پیغمبر تھے اللہ تعالیٰ کی کتاب انجیل آپ پر اتری بڑے بڑے معجزے آپ سے صادر ہوئے مردوں کو خدا کے حکم سے زندہ کر دیا کرتے تھے لوگوں نے آپ کے قتل کا ارادہ کرکے ایک ایسے مکان میں بند کر دیا کہ جس کی چھت میں ایک روزن تھا اللہ تعالیٰ نے اس روزن کے راستے آسمان پر اٹھا لیا عیسیٰ بیت المعمور میں آسمان پر زندہ موجود ہیں۔

فہرست وفیات اعراس اکابرین شہر بمبئی و اطراف بمبئی

نمبر شمار	تاریخ وفات	اسمائے شریف	جائے مدفن یا مزار پاک	نمبر شمار	تاریخ وفات	اسمائے شریف	جائے مدفن یا مزار پاک
۱	۸ر جمادی الآخر سنہ ۸۳۵ھ	حضرت مخدوم فقیہ علی صاحب رح	ماہم شریف بمبئی	۳۵	۲۶ر جمادی الآخر سنہ ۱۳۷۷ھ	حضرت گلاب شاہ صاحب رح	کھڑیل باڑی بمبئی
۲	۲ر شعبان سنہ ۱۲۹۹ھ	حضرت مسلم سید امیر الدین صاحب رح	〃 〃	۳۶	سنہ ۱۲۴۹ھ	حضرت رومی صاحب آفندی رح	〃 〃
۳	۶ر رمضان سنہ ھ	حضرت سید ابراہیم صاحب رح	تارواڑی	۳۷	سنہ ۱۲۸۷ھ	حضرت سید ابو الحسن صاحب رح	〃 〃
۴	۲۵ر ذیقعدہ سنہ ۱۳۷۰ھ	حضرت سید حافظ محمد ناصر شاہ اعظمی قادری رح	قبرستان باندرہ بمبئی	۳۸	۱۴ر شعبان سنہ ھ	حضرت سید علوی صاحب رح	بڑا قبرستان بمبئی
۵	۱۶ر رجب سنہ ھ	حضرت شیخ مصری صاحب رح	وڈالا	۳۹	سنہ ۱۲۶۰ھ	حضرت مولوی روح اللہ صاحب رح	〃 〃
۶	۱۶ر ربیع الآخر سنہ ھ	حضرت حاجی علی صاحب رح	درمیان دریا	۴۰	۶ر رجب سنہ ۱۲۴۸ھ	حضرت قاضی اکبر علی صاحب مہائمی رح	〃 〃
۷	سنہ ۱۲۳۵ھ	حضرت ددود شاہ صاحب رح	چنچ بندر	۴۱	شعبان سنہ ۱۲۳۲ھ	حضرت مولوی اکبر صاحب کشمیری رح	〃 〃
۸	ربیع الاول سنہ ۱۲۸۹ھ	حضرت عاشق شاہ صاحب رح	〃 〃	۴۲	۸ر محرم سنہ ۱۳۶۸ھ	حضرت مولوی حافظ محمد یونس صاحب رح	〃 〃
۹	۲ر شعبان سنہ ھ	حضرت سید بدر الدین صاحب رح	〃 〃	۴۳	۲ر رجب سنہ ۱۳۱۷ھ	حضرت حاجی عظمت اللہ صاحب قادری رح	کریل باڑی 〃
۱۰	〃	حضرت سید محی الدین صاحب رفاعی رح	قبرستان عمرکھاڑی بمبئی	۴۴	۲ر ربیع الاول سنہ ۱۳۲۷ھ	حضرت سید فقیر محمد صاحب چشتی صابری رح	در قبرستان بمبئی
۱۱	۱۰ر رمضان سنہ ھ	حضرت سید حسن صاحب رح	عمرکھاڑی جوناترنگ بمبئی	۴۵	۱۷ر صفر سنہ ۱۲۸۴ھ	حضرت مولوی بشارت اللہ صاحب رح	〃 〃
۱۲	۔	حضرت سید رجب صاحب رح	〃 〃	۴۶	سنہ ۱۲۹۲ھ	حضرت قاضی نور محمد صاحب مالک کریمی پریس بمبئی	〃 〃
۱۳	سنہ ۱۲۸۲ھ	حضرت حکیم عبداللہ شاہ صاحب رح	در مسجد خود سورتی محلہ	۴۷	۳ر ذیقعدہ سنہ ھ	حضرت مولوی قائم صاحب رح	〃 〃
۱۴	۲۱ر جمادی الآخر سنہ ھ	حضرت مستان شاہ صاحب رح	چوکی محلہ مستان تالاب بمبئی	۴۸	۲۰ر محرم سنہ ۱۳۶۲ھ	حضرت حاجی حسن شاہ صاحب رح قادری چشتی	احمد نگر
۱۵	۲۱ر شعبان سنہ ۱۲۸۵ھ	حضرت جمعہ شاہ صاحب رح	دوٹانکی بمبئی	۴۹	۷ر رجب سنہ ۱۲۹۵ھ	حضرت قاضی ابراہیم صاحب بلندری مالک کریمی پریس	در قبرستان بمبئی
۱۶	۔	حضرت مولانا شمس الدین صاحب نقشبندی رح	حجرہ محلہ بمبئی	۵۰	۶ر رمضان سنہ ۱۳۰۲ھ	حضرت مولوی نادر شاہ صاحب رح	〃 〃
۱۷	۔	حضرت سید زین العابدین صاحب رح	کھاراتالاب	۵۱	〃 〃	حضرت قاضی فتح محمد صاحب مالک کریمی پریس بمبئی	〃 〃
۱۸	۵ر ذی الحجہ سنہ ھ	حضرت سید عبدالرحمٰن صاحب رفاعی رح	چنڈی بازار مسجد خود بمبئی	۵۲	۱۱ر محرم سنہ ھ	حضرت مولوی محمد طاہر صاحب رح	〃 〃
۱۹	۲۱ر جمادی الاول سنہ ۱۳۰۳ھ	حضرت سید بدر الدین صاحب رفاعی رح	بھنڈی بازار بمبئی	۵۳	۲ر محرم سنہ ۱۲۸۳ھ	حضرت قاضی محمد یوسف مرگھے رح	〃 〃
۲۰	۱۷ر ربیع الآخر سنہ ھ	حضرت سید محمد شاہ صاحب	چھتری سرنگ محلہ بمبئی	۵۴	۷ر رجب سنہ ۱۲۹۰ھ	حضرت سید مغربی صاحب چشتی رح	〃 〃
۲۱	یکم جمادی الاول سنہ ۱۲۲۲ھ	حضرت سید حسام الدین صاحب رح	〃 〃	۵۵	۶ر ربیع الاول سنہ ۱۲۹۵ھ	حضرت سید احمد شاہ صاحب کشمیری رح	〃 〃
۲۲	۱۵ر محرم سنہ ۱۲۸۱ھ	حضرت سید اسمٰعیل صاحب رح	〃 〃	۵۶	۷ر جمادی الآخر سنہ ۱۲۸۰ھ	حضرت سید عبدالرحیم صاحب بخاری رح	〃 〃
۲۳	۳ر رجب سنہ ھ	حضرت سید محمود شاہ صاحب رح	〃 〃	۵۷	۲۱ر جمادی الاول سنہ ۱۲۹۰ھ	حضرت قاضی علی صاحب مہری رح	〃 〃
۲۴	جمادی الآخر سنہ ۷۶ھ	حضرت مولوی مظفر صاحب رح	در مسجد انس میاں بمبئی	۵۸	۷ر ربیع الآخر سنہ ھ	حضرت بابا فخر الدین صاحب رح	مرین لائن
۲۵	۔	حضرت مولوی عبداللہ صاحب رح	بلائی مسیمین محلہ بمبئی	۵۹	۲ر محرم سنہ ھ	حضرت سید عبداللہ صاحب قادری رح	متصل قلعہ
۲۶	۱ر رمضان سنہ ھ	حضرت مولوی صادق صاحب رح	در مسجد انس میاں بمبئی	۶۰	۹ر شوال سنہ ھ	حضرت بسم اللہ شاہ صاحب رح	بوری بندر
۲۷	۶ر ذی الحجہ سنہ ۱۲۶۲ھ	حضرت حافظ عبدالسلام صاحب رح	〃 〃	۶۱	سنہ ھ دوشنبہ	حضرت شیخ خلیل صاحب رح	چھوٹا قلابہ بمبئی
۲۸	۱۶ر شعبان سنہ ھ	حضرت مولوی میاں انس صاحب رح	در مسجد خود بمبئی	۶۲	۲۲ر محرم سنہ ھ	حضرت کریم شاہ صاحب رح	درمیان ہر دو قلابہ
۲۹	۱۱ر شعبان سنہ ھ	حضرت حکیم میاں اسمٰعیل صاحب رح	گولی محلہ	۶۳	سنہ ھ پنجشنبہ	حضرت شیخ حسن صاحب غزالی رح	بڑا قلابہ
۳۰	۱۷ر محرم الحرام سنہ ۱۲۸۰ھ	حضرت بڑے میاں صاحب رح	قریب مسجد اسمٰعیل حکیم	۶۴	جمادی الاول سنہ ۱۳۱۴ھ	حضرت مولانا مولوی عبداللہ صاحب رح	در قبرستان
۳۱	۲۹ر 〃 سنہ ھ	حضرت سید حسن شاہ صاحب رح	قریب مسجد سات تاڑ	۶۵	۱۶ر رجب سنہ ۱۳۰۲ھ	حضرت حاجی کریم شاہ صاحب چشتی رح	چھوٹا قبرستان بمبئی
۳۲	۱۷ر 〃 سنہ ۱۲۹۱ھ	حضرت شیخ مومن صاحب رح	عقب جامع مسجد بمبئی	۶۶	۔	حضرت کریم شاہ صاحب رح	سورتی محلہ
۳۳	۹ر رجب سنہ ھ	حضرت سید حسن شاہ صاحب رح	گرولی باڑی بمبئی	۶۷	۔	حضرت فضل علی شاہ صاحب رح	مسجد چوکی محلہ
۳۴	۱۴ر 〃 سنہ ۱۳۵۲ھ	حضرت حاجی مجمل حسین صاحب چشتی قادری رح	در قبرستان بمبئی	۶۸	۲ر محرم سنہ ۱۳۳۰ھ	حضرت مولوی سید غلام حسین ویرالی رح	〃 〃 〃

نمبر شمار	تاریخ وفات	اسمائے شریف	جائے دفن یا مزار مبارک	نمبر شمار	تاریخ وفات	اسمائے شریف	جائے دفن یا مزار مبارک
۶۹	۱۶ شعبان	حضرت سید محمود شاہ صاحب رح	مسجد جوگی محلہ	۸۴	٠	حضرت پیر پاؤں صاحب رح	دربان
۷۰	۸ شوال المکرم	حضرت سید حسن المعینی صاحب چشتی قادری رح	مسجد کھانڈا محلہ بمبئی ۳	۸۵	۲ر محرم	حضرت مقیم شاہ صاحب رح	پیر باڑی
۷۱	٠	حضرت چاند شاہ صاحب رح	لال باڑی	۸۶	〃	حضرت حاجی کرم علی صاحب رح	پنویل
۷۲	٠	حضرت مبارک شاہ صاحب رح	متصل اسٹیشن پایکلہ	۸۷	٠	حضرت بدرالدین صاحب رح	بہین
۷۳	یکم ذیقعدہ سنہ ۱۳۳۳ھ	حضرت شیخ بہاؤالدین صاحب اصغر رح	مرین لائن	۸۸	۲۷ر رجب سنہ ۱۲۸۴ھ	حضرت محمد ابراہیم صاحب رح	سورت
۷۴	۱۵ر محرم سنہ ۱۳۲۸ھ	حضرت صوفی محمد سلطان صاحب عرف پیر مولانا بابا رح	باندرہ مسجد	۸۹	〃	حضرت شاہ جمال الدین صاحب رح	جنگلی پیر
۷۵	۲۵ر رمضان سنہ ۱۳۳۶ھ	حضرت مولوی عبدالغفور صاحب امام مسجد زنگاری محلہ	در قبرستان	۹۰	〃	حضرت باوا عبدالحی صاحب گرگانی رح	دیوان
۷۶	۲۶ر ذی الحجہ سنہ ۱۳۴۲ھ	حضرت قاضی عبدالکریم صاحب مالک مطبع کریمی بمبئی	〃	۹۱	〃	حضرت محمد یحییٰ صاحب امان باجودی رح	کلیان
۷۷	سنہ یکشنبہ	حضرت حاجی عبدالرحمٰن صاحب رح	ڈونگر	۹۲	〃	حضرت محمد امین صاحب شفاف رح	〃
۷۸		حضرت محمد یوسف شاہ صاحب آفندی رح	زرد نگر	۹۳	〃	حضرت بڈھن شاہ صاحب رح	سادنت کی باڑی
۷۹	سنہ	حضرت شعار صاحب رح	کلیان	۹۴	۹ر ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۵ھ	حضرت سید سراج الدین صاحب رح	کرلا قصائی باڑہ
۸۰	۱۲ر رمضان	حضرت سانگرے سلطان صاحب رح	دیو دیوان	۹۵	۹ر ربیع الآخر سنہ ۱۳۶۱ھ	حضرت حاجی محمود شاہ صاحب قادری چشتی رح	احمد نگر
۸۱	٠	حضرت خواجہ دین صاحب رح	بھیمڑی	۹۶	۱۹ر جمادی الآخر ۱۳۴۰ھ	حضرت خواجہ شاہ محمد اسحٰق صاحب چشتی بمبئی	بڑا قبرستان
۸۲	٠	حضرت باوا چاند صاحب رح	کوڈال ساونت واڑی	۹۷	۶ر جمادی الآخر	حضرت شامی صاحب رحمۃ اللہ علیہ	سیوڑی قبرستان
۸۳	٠	حضرت حضوری شاہ صاحب رح	تھانہ	۹۸	۳۰ر جولائی سنہ ۱۹۶۷ء	حضرت سید ممتاز علی اثر دہلوی	بڑا قبرستان بمبئی

اعراس مبارک حضرات مشایخ اولیاء کرام خلد آباد، اورنگ آباد (دکن)، مہاراشٹر اسٹیٹ

نمبر شمار	تاریخ وفات	اسمائے شریف	جائے مزار	نمبر شمار	تاریخ وفات	اسمائے شریف	جائے مزار
۱	یکم محرم الحرام	سالانہ فاتحہ حضرت مولوی محمد علی صاحب قبلہ عاشق رح		۲۰	۲۵ر صفر	سید شاہ عنایت اللہ مجددی نقشبندی رح	بالاپور
۲	۵ر 〃	سالانہ عرس حضرت وحید الزماں صاحب قریشی رح		۲۱	۷ر ربیع الاول	حضرت خواجہ منتخب الدین زری زر بخش دولہ رح	خلد آباد
۳	۲۱ر 〃	سالانہ عرس حضرت سید شہاب الدین صاحب رح	شمس آباد	۲۲	۱ر 〃	سالانہ فاتحہ حضرت منور شاہ قادری رح	
۴	۲۷ر 〃	صندل حضرت گلاب شاہ صاحب رح	کبوتر خانہ قدیم	۲۳	۵ر 〃	سالانہ صندل حضرت بہار علی شاہ صاحب رح	
۵	۲۸ر 〃	صندل حضرت بلے میاں صاحب رح	آصف نگر	۲۴	۶ر 〃	سالانہ عرس حضرت منتخب الدین صاحب	نجشی جنگ اورنگ آباد
۶	۱۴ر 〃	حضرت پیر موسیٰ سیلانی رح	کاغذی پورہ	۲۵	۱۴ر 〃	حضرت پیر ملک صاحب رح	کاغذی پورہ
۷	۱۷ر 〃	حضرت نواب امیر احمد خان ناصر جنگ	خلد آباد	۲۶	۱۱ر 〃	سید شاہ اسم اللہ صاحب رح	اورنگ آباد
۸	۲۹ر 〃	حضرت خواجہ فرید الدین ادیب رح	〃	۲۷	۱۲ر 〃	حضرت سید کالے صاحب رح	کاغذی پورہ
۹	۵ر صفر	حضرت خواجہ العید روس رح	〃	۲۸	۱۳ر 〃	حضرت عبدالوہاب صاحب رح	دولت آباد
۱۰	۳ر 〃	صندل حضرت بہادر شاہ صاحب رح	〃	۲۹	۱۳ر 〃	حضرت پیر باگناس صاحب رح	〃
۱۱	۶ر 〃	صندل حضرت ڈھولکی شاہ صاحب رح		۳۰	۱۳ر 〃	حضرت شاہ بھکن صاحب سنگتراش رح	〃
۱۲	۶ر 〃	سالانہ فاتحہ و عرس حضرت برہان الدین اولیاء		۳۱	۱۳ر 〃	حضرت شاہ شہاب الدین سہروردی نگر تالاب	〃
۱۳	۱۱ر 〃	سالانہ عرس حضرت مومن صاحب رح		۳۲	۱۳ر 〃	حضرت شاہ راجل گنیش صاحب خلد آباد روڈ پہ	〃
۱۴	۱۳ر 〃	حضرت شاہ چاند شاہ بودے رح		۳۳	۱۳ر 〃	حضرت مانیک پیر صاحب بھنڈاری مالی واڑہ	〃
۱۵	۱۵ر 〃	سالانہ عرس حضرت شاہ راجو قتال حسینی صاحب رح		۳۴	۱۳ر 〃	حضرت محمد شاہ ولی صاحب	〃
۱۶	۱۶ر 〃	سالانہ عرس حضرت شیخ جی حالی حسینی صاحب رح		۳۵	۱۳ر 〃	حضرت بابو چشتی صاحب عیدگاہ قدیم	〃
۱۷	۱۷ر 〃	حضرت شاہ مردان الدین اولیاء	دولت آباد	۳۶	۱۳ر 〃	حضرت سید ضیاءالدین صاحب متصل ندی قلعہ	〃
۱۸	۱۹ر 〃	حضرت خواجہ مومن عارف باللہ نقشبندی رح	〃	۳۷	۱۳ر 〃	حضرت سلطان ابوالحسن تانا شاہ بادشاہ گولکنڈہ	خلد آباد
۱۹	۱۹ر 〃	حضرت خواجہ بہاؤالدین انصاری صاحب رح	〃	۳۸	۱۳ر 〃	حضرت سید رکن الدین صاحب	دولت آباد

نمبر شمار	تاریخ وفات	اسمائے گرامی	جائے مزار	نمبر شمار	تاریخ وفات	اسمائے گرامی	جائے مزار
۳۸	۱۳؍ ربیع الاول	حضرت پیر لوٹن شاہ رح	دولت آباد	۷۵	۵؍ رجب	حضرت خواجہ مسافر شاہ نقشبندی رح	اورنگ آباد
۳۹	۱۳؍ 〃	حضرت جوتیرہ تیغ بی بی ماں صاحبہ رح	〃	۷۶	۲۶؍ 〃	حضرت شاہ خاکسار رح	.
۴۰	۱۳؍ 〃	حضرت کھڑے پیر صاحب رح	〃	۷۷	۳؍ شعبان	سالانہ صندل حضرت سراج الدین صاحب رح	احاطہ درگاہ شیخ جی
۴۱	۱۳؍ 〃	حضرت بال راجے صاحب رح	〃	۷۸	۹؍ 〃	سالانہ صندل حضرت ڈنکا نواز صاحب رح	آصف نگر
۴۲	۱۳؍ 〃	حضرت چمن پیر صاحب رح	〃	۷۹	۱۶؍ 〃	سالانہ صندل حضرت بابا شمس الدین صاحب رح	
۴۳	۱۳؍ 〃	حضرت سید صاحب جونپوری مہندی بھیان	〃	۸۰	۱۶؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت جنگ پہاڑ صاحب رح	آصف نگر
۴۴	۱۳؍ 〃	حضرت دادا پیر صاحب روبرو مرزا مومن عارف باللہ رح	〃	۸۱	۷؍ 〃	حضرت سیدہ بی بی عائشہ دختر خواجہ گنج شکر رح	خلد آباد
۴۵	۱۳؍ 〃	حضرت جمال آرائی عرف درگا بائی	〃	۸۲	۲۲؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت جائے نشین صاحب رح	نلگنڈہ
۴۶	۱۸؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت عمر بن عبداللہ صاحب رح	〃	۸۳	۲۶؍ 〃	سالانہ عرس حضرت میر مومن صاحب رح	
۴۷	۲۰؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت سمیع اللہ صاحب رح	فتح دروازہ	۸۴	۱۳؍ 〃	حضرت پیر نصیر الدین صاحب رح	دولت آباد
۴۸	۲۰؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت محبوب علی شاہ صاحب رح		۸۵	۲؍ رمضان	سالانہ صندل حضرت مولوی شجاع الدین صاحب رح دوم	رین بازار
۴۹	۲۵؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت سید شاہ حسینی صاحب رح		۸۶	۷؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت بغدادی صاحب رح	
۵۰	یکم ربیع الآخر	سالانہ فاتحہ حضرت میر فتح علی شاہ صاحب رح		۸۷	۲؍ 〃	حضرت قبلہ سید سلطان علی صاحب رح چشتی	حیدرآباد
۵۱	۱۳؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت احمد علی شاہ دولہ رح	گلشن باغ	۸۸	۱۶؍ 〃	سالانہ صندل اور فاتحہ پیر حضرت شاہ خاموش صاحب رح	
۵۲	۱۶؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت فتاح علی شاہ صاحب فاروقی	شکر کوٹہ	۸۹	۷؍ 〃	حضرت خواجہ شاہ سعید پلنگ پوش رح	اورنگ آباد
۵۳	۲۰؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت جیلانی رح	〃	۹۰	۱۹؍ 〃	سالانہ عرس حضرت شیخ جی حالی صاحب رح	
۵۴	۱۱؍ جمادی الاول	سالانہ فاتحہ حضرت بیکے شاہ رح	باغ لنگم پلی	۹۱	۴؍ شوال	حضرت محمد خیر الدین خیر شاہ بابا کابلی دربار نقشبندی	تعلقہ چکلی
۵۵	۱۱؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت فرید الدین شہید رح		۹۲	۵؍ 〃	حضرت یوسف حسینی راجو قتال رح	خلد آباد
۵۶	۱۴؍ 〃	سالانہ عرس حضرت جمال بہار رح	بھونگیر	۹۳	۵؍ 〃	حضرت پیر مبارک کاروان صاحب رح	کاغذی پورہ
۵۷	۱۵؍ 〃	سالانہ عرس حضرت خواجہ سید شاہ محمد حسن عرف شاہ رسنہ		۹۴	۵؍ 〃	سالانہ عرس حضرت نور الدین شاہ قادری رح	
۵۸	۲۱؍ 〃	سالانہ عرس حضرت خواجہ میر محمود صاحب رح		۹۵	۵؍ 〃	سالانہ عرس حضرت عبدالنبی صاحب رح	
۵۹	۲۳؍ 〃	سالانہ فاتحہ و عرس حضرت میاں بیبہ صاحب رح		۹۶	۶؍ 〃	سالانہ عرس حضرت داور پاشاہ صاحب رح	
۶۰	۲۴؍ 〃	سالانہ عرس حضرت سید صاحب رح		۹۷	۱۱؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت چندہ شاہ صاحب رح	
۶۱	غرہ جمادی الآخر	سالانہ فاتحہ حضرت سید شاہ اسمٰعیل علی حسینی صاحب رح		۹۸	۱۳؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت میاں حسینی بغدادی صاحب رح	
۶۲	۱۱؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت خواجہ علی شاہ صاحب رح	کمان موکھی نیر	۹۹	۱۶؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت حبیب اللہ صاحب رح	متصل کمان حسینی علم
۶۳	۱۳؍ 〃	سالانہ صندل حضرت حسین شاہ ولی صاحب رح		۱۰۰	۲۱؍ 〃	سالانہ عرس حضرت غالب شہید صاحب رح	
۶۴	۲۱؍ 〃	سالانہ عرس حضرت محمد حسن صاحب	آغاپورہ	۱۰۱	۲۳؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت شاہ صاحب رح	
۶۵	۲۵؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت معبود اللہ شاہ صاحب رح		۱۰۲	۲۹؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت میر نواب صاحب رح	
۶۶	۲۷؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت خواجہ میاں صاحب رح	آصف نگر	۱۰۳	۲؍ ذیقعدہ	سالانہ فاتحہ حضرت شاہ خاموش صاحب رح	
۶۷	۲۸؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت سید میاں صاحب قبلہ	〃	۱۰۴	۵؍ 〃	حضرت خواجہ نظام الدین چشتی صاحب رح	اورنگ آباد
۶۸	۴؍ 〃	حضرت شاہ نور محمد جامی صاحب قادری رح	اورنگ آباد	۱۰۵	۵؍ 〃	سالانہ عرس حضرت اجالے شاہ صاحب رح	
۶۹	۵؍ رجب	سالانہ صندل حضرت موسیٰ قادری صاحب رح		۱۰۶	۹؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت شاہ علی عباس صاحب رح	امام پورہ
۷۰	۱۰؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت نور الدین صاحب	فتح دروازہ	۱۰۷	۹؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت انور علی شاہ صاحب رح	
۷۱	۱۰؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت داڑھی صاحب رح		۱۰۸	۹؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت خواجہ حافظ محمد منیر الدین صاحب	محمود باغ
۷۲	۱۴؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت شمس الدین فیض صاحب رح	〃	۱۰۹	۹؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت نور الحق صاحب رح	
۷۳	۲۰؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت امام علی شاہ صاحب رح	عیدگاہ قدیم	۱۱۰	۱۰؍ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت سید شاہ حسین صاحب قادری رح	
۷۴	۲۱؍ 〃	حضرت قادر الاولیاء نبیرہ غوث پاک رح		۱۱۱	۱۱؍ 〃	سالانہ عرس سید خواجہ نظام الدین صاحب رح	اورنگ آباد

نمبر شمار	تاریخ وفات	اسمائے گرامی	جائے مزار
۱۱۲	۱۶ر ذیقعدہ	سالانہ عرس حضرت خواجہ بندہ نواز حسینی	گلبرگہ
۱۱۳	۱۶ر "	سالانہ فاتحہ حضرت حافظ سید محمود صاحب رح	
۱۱۴	۲۲ر "	حضرت شہنشاہ سید محی الدین اورنگ زیب عالمگیر رح	خلدآباد
۸ محرم	سالانہ عرس شریف حضرت خواجہ حافظ شاہ علیم الدین الہ نظامی چشتی	۱۰ بجے دن	بیت امام اعظم آستانہ محبوب پاک	۱۱ 〃	سالانہ عرس حضرت حاجی سید غلام محی الدین نظامی چشتی رح	بعد عشاء	مشائخ منزل آستانہ محبوب پاک
۱۰ محرم	سالانہ فاتحہ سید الشہداء جناب حضرت امام حسین ؑ	۹ بجے	درگاہ شریف آستانہ محبوب پاک	۱۲ ۱۳ 〃	سالانہ عرس شریف حضرت مولانا سید محمد کرمانی چشتی رح	بعد مغرب و عصر	چبوترہ یاران آستانہ محبوب پاک
۱۷ محرم	حضرت مولانا شمس الدین یحییٰ چشتی رح	〃	〃	۱۳ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت مخدوم علاء الدین صابر کلیری چشتی رح	بعد عشاء	بیت الامام آستانہ محبوب پاک رح
۱۸ محرم	سالانہ فاتحہ سیدنا حضرت امام زین العابدین ؑ	۱۱ بجے	بست دری شریف	۱۳ ۱۴ 〃	سالانہ عرس حضرت قطب الاقطاب خواجہ سید قطب الدین بختیار کاکی چشتی دہلوی رح	رات ۱۱ ڈنکو ۱ بجے	آستانہ عالیہ مہرولی شریف
۲۳ محرم	اخوندجی حضرت حافظ عبد العزیز چشتی (سالانہ فاتحہ)	۱۰ بجے	مکان مولوی نور محمد چشتی کوچہ چیلان	۱۴ ۱۵ 〃	سالانہ عرس مبارک حضرت قاضی محی الدین کاشانی چشتی رح	رات کو عشاء بعد	آستانہ محبوب پاک
۲۳ محرم	حضرت مولانا صوفی احمد حسن کنجپوری چشتی (سالانہ فاتحہ)	۱۰ بجے	مکان مولوی نور محمد چشتی کوچہ چیلان	۲۳ ۲۴ 〃	سالانہ عرس حضرت شیخ کلیم اللہ جہاں آبادی چشتی رح	رات کو بعد فجر صبح بجے	آستانہ کلیمی زیر جامع مسجد دہلی
۱۹ محرم	حضرت حافظ خواجہ شاہ کمال الدین امام چشتی (سالانہ عرس)	〃	بیت الامام اعظم آستانہ محبوب پاک	۲۶ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت ننھے میاں نیازی بریلوی رح	〃	آستانہ محبوب پاک رح
۲۱ محرم	حضرت مخدوم شاہ بھولو شاہ قلندر (〃)	〃	〃	۹ ۱۰ 〃	سالانہ عرس حضرت سید فیضی رح	بعد مغرب	حجرہ حاجی مقبول الٰہی
۲۲ ۲۳ ۲۴ محرم	سالانہ عرس حضرت شاہ عبد اللہ صابری و شیخ محمد چشتی صابری حضرت سید امیر حسن صابری رح	〃	صابری خانقاہ فیض بازار دہلی	۸ ۹ 〃	سالانہ عرس جناب حضرت شاہ نالو صاحب نقیب الاولیاء رح	〃	فتحپور مسجد دہلی
۲۷ محرم	سالانہ فاتحہ حضرت مخدوم سلطان اشرف کچھوچھہ شریف	۹ بجے صبح	کچھوچھہ شریف اشرفی منزل بلیماران	۱۵ ۱۶ 〃	حضرت خواجہ مولانا عمر چشتی رح اور حضرت خواجہ ابوبکر چشتی رح	〃	آستانہ حضور پاک
۱۰ صفر	سالانہ عرس حضرت شاہ عبد السلام فخری نظامی چشتی رح	۱۱ بجے	مزار شریف کناٹ پیلس نئی دہلی	۱۵ 〃	سالانہ عرس حضرت مولانا نور الحق محدث دہلوی	〃	〃
۱۱ صفر	سالانہ عرس مولانا فخر الدین مروزی چشتی رح	〃	〃	۱۳ 〃	سالانہ عرس شاہ شریف محمد عمر اخوندجی رح	〃	خانقاہ اخوندجی
۱۴ صفر	سالانہ عرس حضرت شیخ معروف چشتی رح	〃	〃	۲۴ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت مخدوم شیخ حسن طاہر چشتی رح	〃	〃
۱۵ صفر	حضرت جناب کالے میاں صاحب چشتی فخری (سالانہ عرس)	〃	〃	۲۱ 〃	سالانہ عرس حضرت مولانا شیخ عبد الحق محدث دہلوی رح	〃	〃
۲۸ صفر	سالانہ فاتحہ حضرت مولانا علاء الدین چشتی رح	〃	〃	۵ ربیع الآخر	سالانہ فاتحہ حضرت مولانا ابراہیم جی	〃	〃
۲۲ ۲۳ صفر	حضرت سید بھورے میاں صاحب رح (سالانہ عرس)	دن و شب	زیر لال قلعہ دہلی	۱۱ 〃	سالانہ نیاز حضرت غوث اعظم سبحانی پیران پیر خواجہ سید محی الدین عبد القادر گیلانی حسنی حسینی قادری رح	بعد مغرب	〃
۲۲ صفر	حضرت خواجہ شیخ صلاح الدین سہروردی	〃	〃	۱۳ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت شیخ علاء الدین زندہ پیر رح	〃	〃
۲۴ صفر	حضرت خواجہ میر درد نقشبندی	〃	〃	۱۶ تا ۲۰ 〃	سترھویں شریف یعنی سالانہ عرس مبارک حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی خواجہ نظام الدین اولیاء چشتی نذی زر بخش دہلوی	۱۸ تاریخ کو بڑا قل	〃
۲۲ صفر	حضرت شیخ عبد اللہ قریشی ملتانی رح	〃	〃	۱۸ 〃	سالانہ نیاز حضرت خواجہ سید محمد نقی الدین نوح چشتی رح	بعد عصر	زیر مسجد علائی آستانہ محبوب پاک
۲۲ صفر	حضرت مولانا شاہ غلام علی نقشبندی رح	〃	خانقاہ شریف شہر دہلی	۲۰ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت خواجہ سید شاہ سمیع الدین احمد نظامی نیازی چشتی	۱۰ بجے	بیت الامام آستانہ محبوب پاک رح
۲۶ صفر	حضرت مخدوم شیخ زین الدین اودھی چشتی رح	〃	چراغ دہلی	۱۹ 〃	سالانہ عرس شریف حضرت مولانا صوفی سرمد شریف رح	بعد عشاء	زیر جامع مسجد دہلی
۲۶ ۲۷ صفر	حضرت سید محمود بخاری صاحب رح	۲۶ کی شام ۲۷ کی صبح	تلوکھری نزد جنگپورہ دہلی	۲۰ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت خواجہ شاہ عبد الصمد فخری چشتی رح	〃	کناٹ پلیس دہلی
آخری چہارشنبہ	غسل شریف مزار حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی خواجہ نظام الدین چشتی رح	۲ بجے	آستانہ محبوب پاک رح	۲۴ ۲۵ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت خواجہ محمد اقبال چشتی رح	بعد عصر	آستانہ محبوب پاک رح
۲۵ صفر	سالانہ نیاز سید الشہداء اور حضرت جناب امام حسن علیہ السلام	بعد مغرب	〃	۲۹ 〃	سالانہ فاتحہ حضرت مولانا خواجہ محمد قاسم چشتی برادر خواجہ ابوبکر چشتی رح	بعد عصر	〃
۲۶ صفر	سالانہ فاتحہ حضرت شیخ مدنی رح	〃	〃	۵ جمادی الاول	سالانہ فاتحہ حضرت خواجہ غلام زید چشتی رح	〃	〃

تواریخ	اسمائے گرامی	فاتحہ اوقات	مقامات مع کیفیت
۱۵ جمادی الاول	سالانہ فاتحہ حضرت شاہ حمایت اللہ نقشبندی	بعد عشا	آستانہ محبوب پاک رض
۲۲ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت شاہ ہدایت اللہ چشتی رح	,,	,,
۱۵ ,,	سالانہ عرس حضرت شاہ عبید اللہ احرار نقشبندی رح	,,	,,
۲۰ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت خواجہ شاہ غلام پیر چشتی امام نظامی	بعد مغرب	بیت الامام آستانہ محبوب پاک
۲۰ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت شاہ فرہاد ابو العلائی رح	,,	سبزی منڈی دہلی
۲۵ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت خواجہ امیر بخش		,,
۲۷ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت مخدوم خواجہ عالم وزیر آبادی رح	,,	,,
۲۹ ۳۰	سالانہ عرس مبارک حضرت بی بی زلیخا والدہ حضور محبوب پاک رح	,,	,,
۶ ۷ جمادی الآخر	سالانہ عرس حضرت خواجہ مولانا سید امام چشتی رح	بعد مغرب بعد عصر	بجوار یاراں حضور محبوب پاک
۷ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت عبد السبحان انصاری رح	,,	,,
۱۸ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت ملک نور الدین یار پراں	صبح ۱۰ بجے	زیر پرانا قلعہ متھرا روڈ دہلی
۲۴ ,,	سالانہ عرس خواجہ باقی باللہ نقشبندی رح	,,	خانقاہ شہر دہلی
۲۶ ۲۷ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت مولانا خواجہ سید فخر الدین محمد دہلوی چشتی (محمد وقت)	رات ۱۰ بجے	آستانہ طور خواجہ قطب صاحب مہرولی
۲۵	سالانہ عرس شریف حضرت شاہ محمد آفاق رح	,,	سبزی منڈی دہلی
۶ رجب	سالانہ فاتحہ حضرت خواجہ خواجگان معین الدین چشتی اجمیری رح	۱۰ بجے	مہرولی آستانہ حضرت قطب صاحب
۷ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت مولانا شمس الدین اوتاد اللہ رح	۶ کو بعد مغرب ۷ کو بعد عصر	پیتے والی درگاہ نزد مقبرہ ہمایوں
۱۲ ,,	سالانہ عرس حضرت حافظ وزیر محمد خان چشتی رح نظامی فخری عرف حضرت محب اللہ شاہ رح	۱۱ کی شب ۱۲ کا دن	آستانہ حضور پاک رح
۱۰ تا ۱۸ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت خواجہ عبد الرحمن چشتی رح	۱۷ کو بعد عشا ۱۸ کو ۱۱ بجے صبح	,,
۲۰ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت خواجہ عزیز الملۃ والدین امام چشتی بخاری رح	,,	,,
۲۲ ۲۳ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت خواجہ ابوبکر طوسی حیدری قلندری شاذلی	۲۲ کو بعد عشا ۲۳ کو صبح	ملکی والی درگاہ نزد پرانا قلعہ دہلی
۲۴ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت شاہ ترک بیابانی	,,	,,
۲۶ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت مخدوم صدر الدین طیب دلہا چشتی	شب کو	
۱۴ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت بہلول قادری رح	,,	,,
۲۶ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت مخدوم صدر الدین طیب دلہا چشتی رح	شب کو ۲۲	بیت الامام اعظم درگاہ حضور محبوب پاک
۲۶ ۲۷ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت خواجہ ابوبکر چشتی رح	۲۶ کو بعد عشا ۲۷ کو بعد عصر	,,
۶ شعبان	سالانہ عرس شریف حضرت جناب صادق شہید رح	بعد عصر	وادی امین خواجہ حسن نظامی
۸ ,,	سالانہ عرس حضرت مخدوم شیخ حیدر نظامی رح	شب و روز	آستانہ مخدوم صاحب لاڈو سرائے
۱۰ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت سلطان شمس الدین التمش چشتی رح	,,	,,
۱۱ ,,	سالانہ عرس حضرت نواب خضر مرزا صاحب رح	,,	آستانہ مخدوم صاحب لاڈو سرائے
۱۷ ۱۸ ,,	سالانہ عرس حضرت بی بی سیدہ بی بی فاطمہ سام رح	۱۷ کو بعد مغرب	کاکا نگر متصل گلف کورس نئی دہلی

تواریخ	اسمائے گرامی	فاتحہ اوقات	مقامات مع کیفیت
۲۱ ۲۲ شعبان	سالانہ عرس حضرت خواجہ سید حسن رسول نما رح	۲۱ کو رات ۲۲ صبح	آستانہ رسول نما
۱۱ ,,	سالانہ عرس جناب احمد علی شاہ کمبل پوش نظامی رح	بعد مغرب و صبح	درگاہ شریف نظامی
۸ رمضان	سالانہ عرس حضرت شیخ نجیب الدین متوکل چشتی رح	بعد مغرب	درگاہ بی بی نور " " "
۱۰ ,,	سالانہ عرس شریف شیخ شرف الدین بوعلی قلندر پانی پتی رح	,,	بیت الامام اعظم آستانہ محبوب پاک
۱۱ ۱۲ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت بی بی حضرت حاجی لعل محمد فخری نظامی چشتی	,,	آستانہ محبوب پاک رح
۱۷ ۱۸ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت مخدوم نصیر الدین روشن چراغ دہلی رح	۱۷ کو بعد عشا ۱۸ کو صبح	چراغ دہلی
۲۱ ,,	سالانہ فاتحہ حضور مولائے کائنات سیدنا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ	,,	آستانہ محبوب پاک
۲۲ ,,	سالانہ عرس حضرت جناب مولا کریم رضا اشرفی میںچولی رح	بعد عصر	,,
۲ ,,	سالانہ عرس حضرت شاہ محمد لقیر نقشبندی رح	,,	,,
۷ ,,	سالانہ عرس حضرت مولانا عبد العزیز محدث دہلوی رح	,,	,,
۱۴ ۱۵ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت مولوی نور محمد نظامی چشتی رح	,,	نیادلی شریف
۹ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت قاضی حمید الدین ناگوری چشتی رح	,,	,,
۱۴ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت مخدوم اخی سراج اودھی چشتی رح	,,	,,
۱۶ ۱۷ ,,	سالانہ عرس حضرت مرزا الٰہی بخش اللہ بیگ دلی فخری نظامی چشتی	۱۶ کو عشا ۱۷ کو صبح	درگاہ شریف حضور محبوب پاک رض
۱۷ تا ۱۸ ,,	سترھویں شریف خورد یعنی سالانہ عرس مبارک حضرت خواجہ امیر خسرو دہلوی	۱۴ یوم	درگاہ شریف ۱۸ کو بڑا قل ۱۱ بجے
۱۹ ۲۰ ,,	سالانہ عرس مبارک حضرت خواجہ ہرے بھرے رح	۱۹ کی رات ۲۰ کی صبح	زیر جامع مسجد دہلی
۲۰ ,,	سالانہ عرس حضرت مرزا برکت اللہ بیگ چشتی رح	شام کو	درگاہ شریف محبوب پاک
۱۰ ذیقعدہ	سالانہ فاتحہ حضرت سالار حسن نظامی مبلغ چین رح	,,	,,
۱۰ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت مولانا جمالی کمالی رح	,,	,,
۱۲ ۱۳ ,,	سالانہ عرس حضرت مخدوم میر مدد جہاں قادری رح	صبح و شام	نئی سڑک دہلی
۱۱ ,,	سالانہ عرس حضرت مولانا نور محمد بدایونی نقشبندی رح	شام	بستی حضرت نظام الدین رح
۱۷ ۱۸ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت خواجہ ناصر الدین عرف سلطان غازی	شب و روز	متصل مہرولی
۲۶ ۲۷ ,,	سالانہ عرس حضرت مخدوم کمال الدین علامہ چشتی اودھی رح	,,	چراغ دہلی
۶ ذی الحجہ	سالانہ عرس مبارک حضرت مولانا ضیاء الدین برنی رح	,,	درگاہ محبوب پاک
۶ ۷ ,,	سالانہ فاتحہ حضرت خواجہ سید احمد بخاری بدایونی رح	۶ کی شب ۷ کا روز	,,
۱۰ ,,	سالانہ عرس شریف حضرت مسافر شاہ چشتی رح	بعد عصر	چنگی خانقاہ بستی حضرت محبوب پاک
۲۱ ,,	سالانہ عرس حضرت حافظ محمد میاں رح	,,	محلہ چوڑی والان
۱۴ ,,	حضرت صاحب میر اشرفی قلندری رح	دن میں	درگاہ جہاں نما

اعراس سالانہ

محرم الحرام

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	نیا سال اسلامی شروع۔ وفات حضرت عمر رضؓ	۱۱	عرس حضرت آدمؑ عرس سید شاہ ابراہیم قادری بیجاپور	۲۱	عرس بھولو شاہ قلندر دہلی عرس پیر علیم اللہ در پا گنج دہلی
۲	عرس حکیم شاہ پیران واڑی اُرن بمبئی عرس کرم علیشاہ بنوری بمبئی	۱۲	فاتحہ سوم حضرت امام حسینؓ	۲۲	عرس قاضی ابراہیم مہدی دہلی، عرس شاہ جمال رائچور
۳	عرس حضرت معروف کرخی بغداد شریف عرس غلام حسین ترمذی بخاری	۱۳	وفات شہید ملت مولانا محمد علی جوہر ۱۳۴۹ھ عرس خواجہ علوی دہیور	۲۳	عرس فرید میاں چشتی احمد آباد عرس سید بابا تاج الدین ناگپور
۴	عرس خواجہ شرف الدین بنگلور، عرس شاہ نثار اللہ کانپور	۱۴	عرس مولانا شمس الدین یحییٰ چشتیؒ	۲۴	عرس شاہ محمد بھاولپور، عرس شاہ انور علی کاکوری
۵	عرس فرید الدین گنج شکر پاک پٹن، عرس شاہ عبدالقادر حیدرآباد	۱۵	عرس عین الحق بدایونی عرس مولانا محمد درویشؒ	۲۵	عرس شاہ نواب الحق مالیگاؤں عرس شاہ قادری احمد نگر
۶	وفات حضرت زکریاؑ	۱۶	عرس مولانا شمس الدین یحییٰ دہلوی	۲۶	عرس شاہ محمد واصل در سورت
۷	عرس شاہ آفاق مہر دلی شریف دہلی	۱۷	وفات زین العابدینؑ ۹۵ھ عرس پیر عبدالقادری ۵۵ھ	۲۷	عرس مخدوم اشرفی کچھوچھہ شریف عرس خواجہ مخدوم جہانگر
۸	عرس پیرو شاہ بمبئی عرس خواجہ علیم الدین دہلی	۱۸	عرس شیخ عباداللہ بخاری گوالیار عرس سید حسین شاہ ستار بمبئی	۲۸	وفات مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی عرس حمید الدین بدر الدین
۹	شب عاشورہ عرس خواجہ گلی محمد احمد آباد	۱۹	عرس مولانا عبدالحق بھوپال عرس مولانا شیخ گوالہ	۲۹	عرس حکیم سید حسن علی ناسک عرس مولانا صاحب باندرہ بمبئی
۱۰	یوم عاشورہ امام حسینؑ عرس حاجی عبدالصمد کانپور	۲۰	عرس صابر بخش دریا گنج عرس میاں محسن رحمت علی راجگڈھ ٹونک	۳۰	

صفر المظفر

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	عرس میران داتار اناوہ، عرس حضرت وارث علی شاہ دیوہ	۱۱	عرس بابا فریدی	۲۱	عرس جلال الدین لکھنؤ
۲	عرس جالی اللہ شاہ لامپوری عرس مولانا احمد حسین کانپوری	۱۲	عرس کالے صاحب دہلی	۲۲	عرس قلاد حید الحق ابدال قادری دہلی عرس حضرت ذوق دہلوی
۳	عرس کریم شاہ سورت	۱۳	عرس امام علی روپیا لکوٹی عرس سید غیاث اللہ بالاپور	۲۳	عرس مولانا عبدالرزاق لکھنؤ عرس شاہ ہلالی مراد آباد
۴	عرس خواجہ میر درد دہلی عرس سورتی محلہ، عرس سید شرف الدین شاہ	۱۴	عرس مولانا فخر الدین دہلی عرس خواجہ میر نعمان آگرہ	۲۴	عرس خواجہ سید محمود داتار دہلی عرس قدم شاہ کانپور
۵	عرس خواجہ داتار سورت عرس بابا فرید شکر گنج عرس سید شاہ عبدالحق دہلی	۱۵	عرس عاطق شاہ ڈونگری	۲۵	عرس سید شاہ بلالی مراد آباد، عرس سید امیر علی
۶	عرس خواجہ مطلن شریف عرس حضرت ابو العلا در آگرہ	۱۶	عرس عاطق شاہ ڈونگری	۲۶	عرس صادق علیشاہ کانپوری، عرس مخدوم جہانیاں
۷	عرس شیخ ثناء اللہ تونسہ شریف عرس مولانا عبدالمعین ٹونڈہ	۱۷	عرس میر سید احمد در دکالی	۲۷	عرس حضرت مجدد الف ثانی سرہند شریف
۸	عرس محمد عبدالسلام فخری نظامی دہلی عرس حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی	۱۸	عرس داتا گنج بخش لاہور	۲۸	عرس مولانا مہر علیشاہ کانپوری عرس حکیم سید شاہ عبدالرحیم
۹	عرس جالی محلہ بمبئی عرس حضرت سلمان فارسی	۱۹	عرس غلام نقشبندی دہلی شاہ مینا لکھنوی چہلم شہدائے کربلا	۲۹	عرس میاں میر لاہور، عرس بہاؤ الدین زکریا
۱۰	عرس شاہ عبدالرحیم دہلوی	۲۰	عرس سید بھورے میاں دہلی عرس ابو القاسم گوڑ گاؤں	۳۰	

ربیع الاول

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	آنحضرتؐ نے مدینہ کیطرف ہجرت فرمائی۔ عرس پیر محمد افضل خدا نما دہلی	۱۱	ولادت مبارک عرس مولانا اسحٰق میران دہلی	۲۱	عرس مولانا عبدالحق محدث دہلی عرس غلام قادر لاہور
۲	عرس مولانا عاشق شاہ بخاری بمبئی عرس شیر محمد شرقپور عرس شاہ احمد سعید	۱۲	ولادت مبارک سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم وفات ۱۱ھ	۲۲	عرس مولانا فضل الرحمٰن
۳	عرس مولانا عاشق شاہ بخاری بمبئی عرس شیر محمد شرقپور عرس شاہ احمد سعید	۱۳	عرس مشتاق در حیدرآباد دکن وفات شیخ رحیم الدین	۲۳	عرس شیخ کلیم اللہ جہان آبادی دہلی وفات حضرت رابعہ بصری
۴	عرس خواجہ نری بخش چشتی اورنگ آباد عرس سورتی محلہ بمبئی	۱۴	عرس خواجہ بختیار کاکیؒ مہرولی عرس شاہ محمد سعید لاہور	۲۴	حضرت جعفر دیوان قصبہ باڑا ٹینہ
۵	عرس علاؤ الدین صابر پیران کلیر	۱۵	عرس نظام الدین گنجوی	۲۵	عرس سید مقبول مولانا شاہ محمد اسماعیل قادری
۶	عرس خواجہ منتخب الدین اورنگ آباد	۱۶	وفات پیر سید قادری قلابہ بمبئی عرس سید عالم شہید	۲۶	عرس بو علی شاہ قلندر پانی پت
۷	عرس شاہ ہمدان در کشمیر عرس پیران پیر عرس ابو الفضل بہار	۱۷	عرس سید غوث شاہؒ پانی پت	۲۷	عرس شیخ پیر حسنؒ گجراتی
۸	آنحضرت مدینہ منورہ میں داخل ہوئے	۱۸	عرس نور قطب عالمؒ اور بردوان بنگال	۲۸	عرس خواجہ مخدوم نظام الدین اورنگ آباد
۹	عرس نانو شاہ در مسجد فتحپوری دہلی عرس مفتی یعقوب دہلی	۱۹	عرس حضرت صادق حسین در ناسک	۲۹	عرس مخدوم صاحب حیدرآباد، عرس نادر شاہ دلی
۱۰	آنحضرت کا عقد مبارک حضرت خدیجہؓ سے ہوا عرس سرمد شہیدؒ دہلی	۲۰	عرس مولانا شاہ حسین در فرخ نگر عرس شاہ حنفی اللہ	۳۰	

ربیع الآخر

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	عرس قادر شاہ رحمی ناگور شریف	۱۱	گیارہویں شریف، عرس سیدنا اسحٰق میران ولی احمد نگر	۲۱	عرس مستان شاہ عرس سید عرفان شاہ بمبئی
۲	عرس خواجہ بے ریا اورنگ آباد عرس شاہ اکبر پوری	۱۲	عرس شاہ خلیل احمد صفی پور، عرس سید کالے شاہ دولت آباد	۲۲	وفات مولانا نعیم لکھنوی، عرس حیات قلندر بنگلور
۳	عرس حافظ علی حسین مرادآباد عرس شاہ رسول بدایوں	۱۳	عرس شاہ کمال دریچیل عرس بڑا قلابہ عرس شاہ قادر چشتی احمد نگر	۲۳	وفات مولانا ظفر علی خاں گجرانوالہ لاہور
۴	ولادت حضرت امام حسن عسکریؓ عرس رحمت شاہ سبزی منڈی دہلی	۱۴	عرس شاہ عبد القدوس گنگوہی، عرس خواجہ ضیا اورنگ آباد	۲۴	عرس حضرت باقی باللہؒ دہلوی
۵	عرس مخدوم فقیہہ محمدؒ عرس جلال الدین کبیر اولیاء پانی پت	۱۵	عرس مخدوم شاہ ہردلوی عرس شاہ عبد اللطیف بہار	۲۵	عرس حضرت شیخ احمد درکلیان بمبئی
۶	عرس میران شاہ کوٹ پٹن	۱۶	عرس فتح شاہ دریا گل کوٹ، عرس پیر بغدادی دادر	۲۶	عرس شاہ رکن بیجاپور
۷	عرس میراں شاہ کوٹ پٹن	۱۷	عرس حضرت محبوب الٰہی نظام الدین اولیاء ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹	۲۷	عرس حکیم محمد باقر چشتی بمبئی۔
۸	وفات شاہ عالم بخاریؒ احمد آباد	۱۸	عرس مولانا حافظ کریم الدین شاہ فتحپوری عرس خواجہ محمود حسن ناگپاڑہ	۲۸	عرس مولانا فخر الدین بمبئی وفات سر سید احمد خاں علیگڑھ
۹	عرس شیخ عبد القادر جیلانی بغداد شریف، عرس عبد الوہاب	۱۹	عرس گولی محلہ بمبئی	۲۹	وفات شیخ فرید الدین عطار، عرس شاہ ابو الخیر دہلوی
۱۰	عرس مخدوم جمال سید سکندر منگرول، عرس قادر گنج سوائی ناگور	۲۰	وفات حضرت خواجہ الطاف حسین حالی		

جمادی الاول

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	عرس بابا عبد الرحمٰن چھتری سرنگ محلہ بمبئی	۱۱	عرس خواجہ قمر الدین شاہ جبلپوری	۲۱	عرس سید بدر الدین حسن حبیب اللہ رفاعی بھنڈی بازار بمبئی
۲	عرس عاشق شاہ بخاری بیجنج بندر	۱۲	عرس کمال شاہ دریچیل، وفات حضرت مخدوم علی فقیہہ قطب کوکن بمبئی	۲۲	عرس حاجی سبحان اللہ شاہ رام پور
۳	عرس مولانا فضل رسول صاحب قادری بدایونی، عرس تجمل حسین صاحب	۱۳	عرس حضرت مولانا عبد الشکور صاحب ۱۲-۱۳ کو ہوتا ہے	۲۳	عرس شمس الدین رفاعی بلدہ دکن
۴	وفات خلیفہ ہارون رشید سنہ ۱۹۳ھ	۱۴	عرس بڑا قلابہ، عرس حسام الدین در رتنا گری بمبئی	۲۴	عرس خواجہ باقی اللہ دہلیؒ، عرس حضرت فتح شاہ مدراس
۵	عرس خواجہ غلام فرید فخری	۱۵	عرس تراب الحق پربھنی عرس حضرت وزیر، عرس خواجہ خواجگان	۲۵	عرس عبد اللہ شاہ سبزی منڈی دہلی
۶	عرس خواجہ منتجب الدین اورنگ آباد عرس شاہ مولانا نیاز احمد بریلوی	۱۶	عرس تراب الحق پربھنی عرس حضرت وزیر	۲۶	عرس کھارا تالاب بمبئی، عرس پیر احمد شاہ احمد آباد
۷	عرس سید عبد الرحیم بخاری بمبئی، عرس مولانا عبد الحق محدث دہلوی	۱۷	عرس برہنہ شاہ بارہ دکن، عرس تل بازار	۲۷	عرس نوزنی بی راستہ قطب صاحب دہلی
۸	عرس شاہ محمد میرزا کاکوری، وفات بابا جیانؒ پونا سنہ ۱۳۵۰ھ	۱۸	عرس شاہ بدیع الدین قطب الدین مکھن پور	۲۸	اماوس، عرس سید سعید اللہ بخاری، کابلی، بلدہ دکن
۹	عرس سید ولایت حسینؒ	۱۹	عرس گولی محلہ بمبئی پیر عبد القادر بادشاہ ضلع سانگلی	۲۹	عرس محمد شاہ لکھنو۔
۱۰	عرس مولانا عبد القادر بمبئی عرس مرزا شاہ عرس حاجی امداد اللہ مہاجر مکی	۲۰	عرس مولانا عبد النعیم غازی پور، عرس احمد علی شاہ	۳۰	چاندرات، عطار شیخ احمد گجراتی احمد آباد

جمادی الآخر

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	عرس مولوی انوار الحق خاں بلدہ دکن۔ عرس قادر شاہ ردمی ناگپور	۱۱	گیارہویں شریف عرس یوسف ابراہیم کچھ، عرس شاہ بابا اشرف الدین دراڑا	۲۱	وفات شاہ حضرت قاضی حسن عرف شاہ ماصر صاحب خلیفہ الرفاعی تعلقہ راجاپور
۲	عرس خواجہ ابدال چشتی، عرس حضرت اکرم صفی پور	۱۲	عرس کمال شاہ دریچیل عرس سید احمد سید محمد عبد القادر کملور تعلقہ بالاپور	۲۲	عرس بابا حیات قلندر، حضرت حکیم شیخ احمد اللہ
۳	عرس حافظ علی حسین مراد آباد عرس خواجہ بے ریا سوختہ اورنگ آباد	۱۳	عرس شاہ خاموش بمبئی۔	۲۳	عرس مولانا عبد القدوس گنگوہ شریف
۴	عرس رحمت شاہ سبزی منڈی دہلی، عرس امام شاہ دہلی	۱۴	عرس عالم شاہ خاموش بمبئے	۲۴	عرس حضرت خواجہ باقی باللہ دہلی
۵	عرس میر حیدر شاہ جلال پورہ عرس جلال الدین پانی پتی	۱۵	عرس پیر بغدادی شیخ علی بمبئے، عرس مولانا معز الدین دکن	۲۵	عرس محب النبی مولانا فخر الدین چشتی دہلی عرس سید اولاد رسول مارہرہ شریف
۶	عرس خواجہ سید محمد امام نواسہ بابا فرید شکر گنج عرس مولانا نیاز احمد شاہ	۱۶	عرس حضرت سلطان نظام الدین محبوب الٰہی دہلی	۲۶	عرس بابا فخر الدین مرین لائن بمبئے
۷	عرس شاہ مینا کوٹ پٹن، عرس شاہ محمد شاہ ہوشیار پور	۱۷	عرس خواجہ محمود حسین پیر ناگوار شریف	۲۷	عرس حسام الدین تیغ برہنہ گلبرگہ شریف
۸	وفات محمد صالح ابن محمد حسن نالکھا ندے اڑنی سنہ ۱۳۱۲ھ	۱۸	عرس گولی محلہ بمبئی۔ عرس شاہ عالم احمد آباد	۲۸	عرس شاہ ابو الخیر دہلی
۹	عرس عبد اللہ احمد آباد عرس شاہ عبد اللطیف مکھن پور	۱۹	عرس شاہ محمد کاظم شاہ تراب کاکورویؒ	۲۹	وفات شاہ قاضی حسن عرف شاہ صدر خلیفہ الرفاعی ۲۳ جمادی الآخر
۱۰	عرس سید نادر شاہ باگل کوٹ عرس مخدوم جمال جہاں سید سکندر منگرول	۲۰	عرس سید حسام الدین رفاعی، وفات حضرت صدیق اکبرؓ		

رجب المرجب

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	عرس شاہ عبدالرزاق قادری بیجاپوری	۱۱	عرس پیر نواز در قبرستان میمن بمبئی	۲۱	عرس خواجہ سبحان در ٹانڈہ عرس سید شمس الدین امروہہ
۲	عرس حسام الدین و نظام الدین پٹنہ	۱۲	عرس بڑا تلاؤ بمبئی، عرس حجرہ محلہ بمبئی	۲۲	نیاز امام جعفر صادق رضؓ عرس خواجہ ابوبکر موسیٰ
۳	عرس حضرت اویس قرنی عاشق رسولؐ	۱۳	عرس ماہم شریف بمبئی شروع	۲۳	عرس معشوق ربانی درنگر
۴	عرس مولانا عین القضاۃ لکھنؤ عرس باچھا شہید	۱۴	عرس سید سالار مسعود غازی بہرائچ عرس سید شاہ باگلی کوٹ	۲۴	عرس مشتاق خاں در نانڈگاؤں عرس خواجہ شمس الدین چشتی
۵	عرس مولانا عبدالعلی آسی	۱۵	عرس حاجی محمد جہانگیر اجمیر شریف	۲۵	عرس کمال الدین در سورت
۶	عرس خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ عرس شمس الدین مقبرہ ہمایوںؒ	۱۶	عرس شاہ قلندر کاکوروی عرس خواجہ مولا	۲۶	شب معراج آنحضرت
۷	عرس مولوی حیدر علی خاں قصبہ پول عرس سید احمد مغربی بمبئی	۱۷	عرس میراں شاہ لاہور	۲۷	عرس خواجہ ناصر امیر درد جھریان دہلی
۸	عرس موتی سہاگ احمد آباد عرس خواجہ محمد علی سنجری سہارنپور	۱۸	عرس تاراگڈھ اجمیر شریف عرس درگاہ ہند دلی والی پرانا قلعہ دہلی	۲۸	عرس پیر قطب در احمد آباد صفر حضرت امام حسینؓ در مدینہ
۹	عرس محی الدین علی باگل کوٹ	۱۹	عرس سیدنا ادریس مارہرہ شریف عرس حبیب اللہ شاہ صوفی	۲۹	عرس شاہ کمال الدین در سورت
۱۰	عرس مارہرہ شریف	۲۰	عرس نیانا گیارہ بمبئی	۳۰	عرس سیدنا بایزید در سورت

شعبان المعظم

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	وفات مولانا ابوالکلام آزاد ۷۷ھ وفات امام شافعیؒ ۱۴ھ	۱۱	عرس جالی محلہ بمبئی۔ صندل متماڑ	۲۱	عرس سید حسن رسولنا نئی دہلی
۲	عرس رانگرول کاٹھیاواڑ۔ وفات حضرت جنید ۶۵ھ	۱۲	وفات محمد بن قاسم فاتح سندھ عرس کمال شاہ کرنال	۲۲	عرس مولانا انور لکھنوی عرس چنچ بندر بمبئی عرس سید عبداللہ شاہ
۳	وفات شیخ بہاؤالدین ۶۱۲ھ عرس خواجہ امیر درد کوچہ چیلان دہلی	۱۳	عرس پیر مولانا عبدالرحمٰن باندرہ بمبئی عرس چوکی محلہ	۲۳	وفات سیدنا حضرت عمرؓ عرس کاکوری
۴	عرس معشوق ربانی ورنگل عرس مولانا عبدالناصر بدایونی عرس میاں	۱۴	عرس بڑا تلاؤ ۔ شب برات	۲۴	عرس شاہ ترکمان بیابانی، ترکمان دروازہ دہلی
۵	ولادت حضرت زین العابدینؒ	۱۵	عرس شاہ عبدالقادر بمبئی۔ وفات عنایت مسکین شاہ	۲۵	عرس برہان الدین برہانپور عرس شاہ قطب الدین جونپور
۶	عرس یعقوب شاہ بہوری مقام لیتی عرس شاہ محفوظ قادری دکن	۱۶	عرس سید احمد بہرائچ عرس شاہ ابوالحسن مدراس	۲۶	عرس خواجہ حسین دالو وفات سلطان محمود غزنوی عرس حافظ نورالحسن
۷	عرس مخدوم شاہ درویش گیا بنارس	۱۷	عرس بی بی فاطمہ سام لال بنگلہ دہلی	۲۷	عرس اعظم خاں دابول کوکن۔ وفات پیر موسیٰ شاہ مومن
۸	عرس صادق شاہ حسینی ناگپور عرس سید شاہ بشیرالدین	۱۸	عرس عاشق شاہ پرانی جیل بمبئی	۲۸	امادس وفات سیدہ خاتون جنتؓ عرس اکبر بادشاہ دہلی
۹	عرس بندگی شاہ سکندر آباد دکن	۱۹	عرس ولی اللہ شاہ منقوی قصبہ محمود آباد	۲۹	عرس نعمت اللہ پھلواری شریف دہلی عرس سلطان الملک اورنگ آباد
۱۰	عرس جالی محلہ بمبئی۔ صندل متماڑ	۲۰	عرس بابا شرف الدین حیدر آباد عرس ناگپاڑہ	۳۰	

رمضان المبارک

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	عرس سلطان علی شاہ بخاریؒ	۱۱	عرس سبز غلام سادات دریا گنج دہلیؒ	۲۱	شہادت حضرت علیؓ عرس شاہ ولایتؒ بدایوں
۲	وفات حضرت بی بی فاطمہؓ بنت رسول اللہ عرس انوارالحق تھانیسری	۱۲	عرس حاجی لعل محمد درگاہ نظام الدین اولیاء میں ہوتا ہے	۲۲	عرس نبی بخش در بیاور راجپوتانہ
۳	عرس باچھا شہید پلنگ پوشی اورنگ آباد	۱۳	وفات موسیٰ جی قاسم بھائی بکان علی بھائی شرف علی بمبئی	۲۳	عرس خواجہ جنید غازی پور عرس شیخ شاہی میر بدایونی
۴	عرس مولانا عبدالماجد بدایونی عرس امیر ارشد در صفی پور	۱۴	پور نماشی عرس تلاؤ	۲۴	عرس خواجہ جنید غازی پور عرس شیخ شاہی میر بدایونی
۵	عرس قاضی حمیدالدین دہلی	۱۵	ولادت حضرت امام حسنؓ	۲۵	نزول وحی عرس شاہ امین الدین قادری بیجاپور
۶	وفات حضرت اکبر وارثی میرٹھی ۱۳۷۲ھ وفات مولوی فتح محمد ۱۳۷۵ھ	۱۶	عرس حضرت غوث گوالیریؒ گوالیر شریف	۲۶	شب قدر نزول صحف آدم
۷	عرس سید شاہ ہاشم قادری بیجاپور	۱۷	عرس خواجہ نصیرالدین چراغ دہلی ۱۷-۱۸ تاریخ دو روز	۲۷	عرس حضرت شیخ سلیم چشتی فتح پور سیکری
۸	وفات مولوی فریدالدین ۱۳۷۰ھ عرس شیخ مجیب اللہ بن مہرولی دہلی	۱۸	وفات آصف جاہ اول بانی ریاست حیدر آباد دکن	۲۸	حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن شریف اترا
۹	عرس حضرت بوعلی شاہ قلندر پانی پت ۹ سے ۱۳ تک	۱۹	حضرت عیسیٰؑ پر انجیل اتری	۲۹	وفات حضرت عمرو بن عاص
۱۰	وفات ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ عرس شیخ مصری و دولا بمبئی	۲۰	عرس نیانا گیارہ بمبئی وفات شیخ جمال الدین حسین شاہ بمبئی	۳۰	

شوال المکرم

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	عید الفطر۔ سب مسلمانوں کو مبارک ہو	۱۱	عرس وزیر علی لاہور، عرس خدا نما در چنچولی دکن	۲۱	صندل چراغاں فاتحہ ۲۱تا ۲۳ وفات مولانا نظام الدین
۲	وفات حضرت سلیمان، عرس مسکین شاہ ولی باگل کوٹ	۱۲	وفات مولانا حسرت موہانی رح	۲۲	وفات حافظ عبدالکریم شاہ مالیگاؤں ۱۳۷۳ھ عرس جہانگیر سہروردی
۳	وفات مولانا شوکت علی | عرس لال حسین لاہور، عرس شیخ سعدی	۱۳	عرس حضرت شیخ مصری بمبئی مغربی حیدرآباد، عرس شاہ عبدالرحمن باندرہ بمبئی	۲۳	عرس کو غالب شہید گنبد بلی مدراس، شاہ حید علی قلندر شکارپوری
۴	عرس جلال الدین لکھنؤی	۱۴	صندل مبارک دکن	۲۴	عرس نواب جمبر کبیر درگاہ برہنہ شاہ ورنگل
۵	عرس حضرت شرف الدین کلکتہ، عرس ڈڈے میاں لاہور	۱۵	عرس شاہ رحمت اللہ	۲۵	عرس ضیاء الدین کوچہ پنڈت دہلی۔
۶		۱۶	عرس چمن شاہ ورکتانہ، عرس وزیر علی لاہور	۲۶	وفات حضرت عبدالعزیز بن غوث پاک
۷	عرس مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی سنہ ۱۲۳۹ھ	۱۷	عرس حضرت امیر خسرو در نظام الدین اولیاء دہلی	۲۷	وفات محمد ارشد شاہ ارشد عثمانی
۸	عرس کھانڈا محلہ بمبئی۔ وفات حضرت ادریس قرنی رح	۱۸	عرس بابا تاج الدین در کلیانی والے بمبئی	۲۸	وفات حضرت جنید ثانی رح
۹	ہارون الرشید نے امام موسیٰ کاظم کو قید کر لیا عرس خلیل الرحمن قبر در پوری بوکس شاہ احمد سرور	۱۹	عرس لیم اللہ شاہ رح بوری بندر اسٹیشن بمبئی	۲۹	وفات محمد حسن ابن محمد گورکھے بمبئی وفات میر ادیب مجذوب ۱۳۳۷ھ
۱۰	عرس عبدالغنی شاہ ورنگل (دکن)	۲۰	عرس زاہر کت علی کوچہ پنڈت دہلی وفات بی بی زینب بنت رسول اللہ	۳۰	چاند رات

ذیقعدۃ الحرام

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	عقد مبارک حضرت حوا تو حضرت آدم صندل پیر نواب مجذوب سبزی منڈی دہلی	۱۱	وفات اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ	۲۱	عرس بارہ شہید محبوب نگر دکن عرس سید علی بادشاہ عالم پور دکن
۲	وفات مرزا اسد اللہ خاں غالب دہلوی، عرس شیخ صلاح الدین ٹونک	۱۲	عرس خواجہ گیسو دراز گلبرگہ اورنگ آباد دکن	۲۲	عرس پیر حاجی ولی محمد شاہ چھوٹا قبرستان بمبئی
۳	عرس شاہ فیض قادری، عرس مولانا محمد قاسم بمبئی عرس حبیب الرحمن بہاول	۱۳	عرس سید شاہ نظام الدین اورنگ آباد دکن	۲۳	عرس مولانا انور محمد شاہ ولی محمد شاہ چھوٹا قبرستان بمبئی
۴	عرس حضرت شاہ خاموش حیدر آباد دکن	۱۴	سید شہادت حضرت امام محمد باقر رض	۲۴	عرس جلال الدین تھانیسری۔ وفات حافظ محمد ناصر شاہ باندرہ بمبئی
۵	عرس پیر رحمت اللہ شاہ حیدر آباد دکن	۱۵	عرس سید احمد مہدی جونپوری، عرس مولانا حیات قلندر انیشور	۲۵	وفات کمال چشتی روشن چراغ (دہلی میں مزار ہے)
۶	عرس مولانا پیر میاں احمد آباد	۱۶	باسط شاہ الہ آباد	۲۶	عرس جلال الدین شیخ رواں خلد آباد
۷	عرس نظام الدین کاکوری۔ وفات قائد اعظم محمد علی جناح کراچی	۱۷	عرس مولانا عبداللہ مالیگاؤں، عرس سلطان ناصر الدین مہرولی دہلی	۲۷	ایام حج | شہادت حضرت امیر حمزہ رح سنہ ۳ھ
۸	عرس شاہ حمید تاجوری پونہ	۱۸	عرس شاہ ولایت آگرہ عرس حافظ سید محمد خیر آبادی	۲۸	عرس عبدالخالق تھانیسرے بہاولپور
۹	عرس شاہ متقی رح سنبل	۱۹	عرس علی تقی آگرہ، عرس حضرت بہاؤالدین شاہ مریلاں بمبئی	۲۹	عرس ضیاء الدین حقانی خلد آباد
۱۰	عرس عبدالغنی شاہ ورنگل	۲۰	عرس اسلم شاہ خیرپور	۳۰	وفات حاجی اسمٰعیل عبدالرحمن صاحب کمنٹری ۲۹ ذیقعد ۵ اپریل ہم بمبئی

ذی الحجۃ الحرام

تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس	تاریخ	اعراس
۱	یوم پیدائش حضرت خلیل اللہ عرس فاضل شاہ پٹیالہ	۱۱	عرس شیخ باندرہ، کوئٹہ بلوچستان، عرس مخدوم سید ابن بدر چشتی	۲۱	وفات سید بابا صاحب بکری والے وفات حضرت کرنجی
۲	عرس شاہ علی بادشاہ دکن	۱۲	عرس پیر داڑھی	۲۲	عرس حضرت وارث علی شاہ دیوہ شریف عرس خلیفہ محمد رمضان رانڈیر
۳	عرس حضرت خواجہ نور محمد بہاولپور	۱۳	عرس چھوٹا تلاؤ، عرس سید شاہ عسکری مارہرہ شریف	۲۳	عرس پیر محمد شاہ چشتی، چھوٹا تلاؤ بمبئی
۴	عرس خواجہ حبیب علی شاہ کھٹمنڈو	۱۴	عرس سید محمد علی شاہ بڑی مارکیٹ	۲۴	عرس نور محمد شاہ نوری اجمیری پیرل بمبئی
۵	عرس بابا فرید گنج شکر رح	۱۵	عرس حاجی ملنگ عرس سید امین چشتی بمبئی	۲۵	وفات مولانا نعیم الدین مراد آباد
۶	عرس یوسف صاحب دکن عرس فاتحہ والدہ نظام الدین اولیاء دہلی	۱۶	عرس محمد صدیق ناسک	۲۶	وفات حضرت عمر فاروق رض عرس سید محمد اکبر آبادی
۷	عرس شاہ زماں خاں شہید شاہ علی عرس حضرت سید سلطان احمد	۱۷	عرس چمڑہ محلہ بمبئی عرس سید نور الدین چنچ بندر بمبئی	۲۷	خلافت حضرت عثمان غنی رض عرس بادشاہ کلیان
۸	عرس حضرت سید سلطان احمد آباد	۱۸	شہادت سیدنا حضرت عثمان، عرس قطب عالم در پلوہ	۲۸	عرس خواجہ محمد نذیر چشتی رح برہان پور
۹	یوم الحج عرفہ تکبیر خم شروع	۱۹	عرس خواجہ محمد زبیر دوہ شریف	۲۹	عرس سید سراج احمد کرخی بمبئی۔ وفات حضرت مولانا شبلی نعمانی
۱۰	عید الضحیٰ۔ تکبیر خم و قربانی	۲۰	خلافت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ	۳۰	

(نتیجۂ فکر نیّر نقشبندی سابق متولی شاہی جامع مسجد ادھونی)

راکبِ دوشِ نبوت تیری عظمت پر سلام
اے امینِ قصرِ دیں تیری امامت پر سلام
پیکرِ صبر و رضا، ضبط و تحمل کا امیں،
عالمِ انسانیت نازاں ہے جس کی ذات پر
پانی پانی کیوں نہ ہوگا شرم سے آبِ فرات
ہے شفق کی آبرو تیرے مقدس خون سے
لکھ رہا ہوں خون کی سرخی سے ذکرِ کربلا
اک معمہ ہے سراپا کربلا کا سانحہ،
ہر ادا تیری نگاہِ حسن میں ممتاز ہے
ہے بناولا الہٰ تیری حیات جاوداں

محسنِ انسانیت جانِ شہادت پر سلام
زینتِ کاشانۂ ملّت کی رفعت پر سلام
مرحبا وہ تیری جرأت اور ہمت پر سلام
وہ حسینؓ ابنِ شہنشاہِ ولایت پر سلام
آبِ خنجر کے تقدس اور حرمت پر سلام
اے شہیدِ باوفا تیری شجاعت پر سلام
ہو ترے خونِ مقدس کی حرارت پر سلام
اس معمے کی نزاکت اور حقیقت پر سلام
بھیجتی ہے رحمتِ حق تیری تربت پر سلام
اے شہنشاہِ شہادت تیری جرأت پر سلام

بن گیا ہے رشکِ جنت ریگ زارِ کربلا
آہ اس خونِ مقدس کی کرامت پر سلام
بھیجتی ہے آج بھی نیّر نگاہِ آسماں
تیری حُرمت، تیری جرأت تیری ہمت پر سلام

خلفاء راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

سلسلۂ حکومت الٰہیہ

دین اسلام اللہ تعالیٰ کا سیدھا سادا دین ہے۔ انبیاء کرام دنیا میں آتے رہے اور اسی دین کی جزوی تعلیم دیتے رہے یہاں تک کہ نبی آخری الزماں کے دور میں اس دین کی تکمیل ہو گئی اب یہ دین رہتی دنیا تک اللہ کی اشرف المخلوقات کے لئے اللہ کا تسلیم شدہ دین ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جملہ مسلمانوں کو اسی دین کی تعلیم دی اور صحابہ کرام نے آپؐ سے پوری پوری تعلیم و تربیت حاصل کی اور اس دین کے رنگ میں رنگ گئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دین اسلام کی صحیح تعلیم کو جاری رکھنا اور آئندہ ترقی دینا۔ تبلیغ و اشاعت کا کام کرنا اور اللہ کی حکومت بنانا کو وسیع سے وسیع تر کرنا صحابہ کرام کی بڑی ذمہ داریاں تھیں۔ اسی لئے آپ کے بعد اول اول صحیح قائم مقام اور خلیفہ کی ضرورت تھی جو اسی دین کا کام کرے اس کی حفاظت کرے حکومت الٰہیہ کو قائم رکھے وسعت دے اور ترقی دے اور احکام خداوندی کو جاری کرتے چنانچہ آپؐ کے بعد یہ چار خلفاء صحیح معنوں میں آپؐ کے جانشین تھے اور ان کو خلفاء راشدین کہا گیا۔

خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

لوکنتُ متخذا خلیلاً فاتخذتُ اَبابکرٍ خلیلاً (مسلم شریف)

اللہ تعالیٰ کے علاوہ اگر میں کسی خلیل بناتا تو ابوبکر کو اپنا خلیل بناتا۔

مدت: ۱۱ھ/۶۳۲ء تا ۱۳ھ/۶۳۴ء ۲ سال تین مہینے بعمر ۶۳ سال

آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد مسلمانوں نے متفقہ طور پر خلافت کے عظیم منصب پر آپ کو منتخب کیا۔ دولت ایمان سے آپ سب سے پہلے آپ مالا مال ہوئے، ہجرت میں آنحضرت کے ساتھ رہے اور غار ثور میں قرآن مجید نے اسی واقعہ کا ذکر کیا ہے۔ آپ سفر و حضر ہر موقعہ پر آپ حضرت کے ساتھ رہتے تھے۔

خلافت کے فرائض اور ذمہ داریوں کو نہایت مستعدی سے آپ نے انجام دیا کہ ایک مثال قائم کر دی۔ اپنے دور خلافت میں بڑے بڑے سیاسی، اجتماعی اور مذہبی گتھیاں آپ نے سلجھائیں، فتنۂ ارتداد کا قلع قمع کر دیا۔ جھوٹے نبیوں کے سر کچل دیئے اور صداقت کے علم کو ہمیشہ کے لئے سر بلند کر دیا آپ نے اس زمانے میں بڑی طاغوتی طاقت یعنی رومیوں کے ٹڈی دل فوج کو میدان یرموک میں صفایا کر دیا اور ملک شام کو فتح کر کے وہاں کے عیسائیوں اور یہودیوں کو امن و امان اور محبت و آزادی کا وہ درس دیا جو رہتی دنیا تک باقی رہے گا۔ ملک عراق بھی پرچم اسلام کے سایہ میں آگیا۔

اسلام کی حقانیت کو بلند کرتے ہوئے آپ نے راعی اور رعایا کی پاکیزگی روایت قائم کی۔ غیر مسلم رعایا کی جان و مال کی حفاظت کی، مذہبی امور میں سب کے لئے کلیتہ آزادی کا تحفظ اور انصاف کے فرمان جاری کیے گئے سپہ سالاروں اور افسروں کو سخت تاکید تھی کہ کسی کے مذہب میں قطعی دخل نہ دیا جائے ان کے پیشواؤں سے تعرض نہ کیا جائے سب کے لئے امن ہے قرآن حکیم کو کتابی صورت میں نقل کرا کے رکھنا۔ خلافت الٰہیہ کا وہ عدیم المثال نمونہ پیش کیا جس کی دنیا پیاسی تھی

ان مسلماناں کہ میری کردہ اند :: در شہنشاہی فقیری کردہ اند

خلیفۂ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

وَالذی نفسی بیدہٖ مالقیکَ الشیطانُ قطُ سالکاً فجاً الّا سلک فی غیرِ فجکَ (مسلم شریف)

قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اے عمر جب تم کسی راستے پر چلتے ہو۔ تو شیطان ادھر نہیں چلتا بلکہ وہ راستہ چھوڑ دیتا ہے۔

(مدت: ۱۳ھ/۶۳۴ء تا ۲۳ھ/۶۴۴ء ۱۰ سال ۶ مہینے عمر ۶۳ سال)

اصحاب رسول نے حضرت عمر فاروق کو خلیفہ دوم منتخب کیا۔ آپ دس سال سے کچھ زیادہ اس عہدہ جلیل پر قائم رہے اسلام کو آپ کے دور میں بڑی ترقی ہوئی۔ آپ نہایت بے باک اور نڈر تھے۔

اسی دور میں رومی اور ایرانی دو زبردست طاقتیں تھیں رومیوں کی کمر تو ٹوٹ چکی تھی۔ ایرانی البتہ اپنی طاقت کا مظاہرہ کر رہے تھے وہ جنگی مہارت اسلحوں اور ساز و سامان پر اتنا نازاں تھے کہ عربوں کو خاطر میں نہ لاتے تھے اور یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ مسلمانوں کو تو چٹکی میں مسل دیں گے لیکن قادسیہ کی جنگ نے آتشکدہ ایران کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے سرد کر دیا۔ پورا شام فتح ہو گیا اور اسلامی فوجیں مصر کی طرف بڑھیں اور فتح مصر نے رومیوں کے حوصلے پست کر دیئے۔ آپ کے دور میں پورا جزۃ العرب، ایران اور مصر پرچم اسلام تلے آگیا اور امن و سکون اور انصاف کا گہوارہ بن گیا ہر طرف دولت کی ریل پیل تھی اور اسلامی معاشرے پورے فروغ پر تھا۔ لیکن خلیفہ نہایت سادہ تھا سترہ سترہ پیوند لگے کرتے آپ پہنتے تھے۔ رات میں گشت کرتے۔ بیت المال کی سخت نگرانی کرتے تھے نئی نسل کو سادہ زندگی گزارنے کی تعلیم دیتے۔ مساوات اسلامی کا حکم نافذ تھا نصاب تعلیم کتاب و سنت کے ساتھ ساتھ شہسواری، تیراندازی اور شناوری (تیراکی) بھی لازم مضمون تھے۔

ملکی اور مذہبی جملہ شعبوں کو آپ کے دور میں منظم اور مرتب کیا گیا نئے نئے شعبے قائم کیے گئے سرکاری دفاتر قائم کیے گئے۔ اسلامی تہذیب و تمدن کو فروغ ہوا اور شہری زندگی نہایت پر سکون بن گئی۔ اسی طرح حقیقی حکومت الٰہیہ فیض باراں سے خشک دل و دماغ کو تازگی بخشی۔

دل بیدار فاروقی دل بیدار صدیقی ؛ مس آدم کے حق میں کیمیا ہے دل کی بیداری

خلیفۂ سوم ذی النورین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ادخل وبشر لک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالجنۃ مع بلوی تصیبک

آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو جنت کی بشارت دیتے ہیں۔ ان مصائب پر جن میں آپ مبتلا ہیں

(مدت ۲۳ھ/۶۴۴ء تا ۳۵ھ/۶۵۵ء ۱۳ سال بعمر ۸۲ سال)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد خلیفہ بنائے گئے۔ آپ نہایت رحم دل اور شرم وحیا کے پتلے تھے آپ بہت دولت مند تھے مگر دل میں قطعی دولت سے محبت نہ تھی دین کی خدمت میں پورا پورا حصہ لیتے تھے۔ آپ نے قرآن حکیم کی کئی نقلیں کرائیں اور صوبوں کے مرکزی مقام پر ایک ایک سرکاری نسخہ بھیج دیا۔ بیت المال کو ترقی دی۔ کمزوروں اور غریبوں کے لئے وظیفے مقرر کرائے۔

آپ کے دور میں بہت سے ممالک اور فتح ہوئے بحری فتوحات بھی ہوئیں۔ قسطنطنیہ پر حملہ کیا گیا بحیرۂ روم کے جزیروں کو فتح کیا گیا شمالی افریقہ تک اسلام پہنچ گیا حکومت کے نظم وضبط کو مضبوط بنایا گیا۔

نہایت نرم مزاج بامروت اور رحم دل آپ تھے۔ آپ کی اس نرمی سے کچھ شر پسندوں نے فائدہ اٹھایا اور ایک فتنہ کھڑا کر دیا۔ فتنہ بڑھتا گیا اور باغیوں نے آپ کو شہید کر دیا انا للہ وانا الیہ راجعون!

خلیفۂ چہارم حضرت علی کرم اللہ وجہہ

(اے علی! تم میرے لئے ایسے ہی جیسے موسیٰ کے لئے ہارون تھے لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں!)

آپ ان کے چچا زاد بھائی۔ خاتون جنت کے شوہر، حضرت امام حسن اور امام حسین کے والد ماجد تھے آپ کی تعریف میں بہت سی حدیثیں آئی ہیں۔ بچوں میں سب سے پہلے آپ اسلام لائے۔ شجاعت میں کوئی آپ کا مقابل نہ تھا۔

آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہتے تھے۔ تینوں خلفاں کے عہد میں مشیر خاص تھے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں اگر علی نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا۔ آپ مشکل سے مشکل مسائل کے حل کرنے میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ آپ نے اسلامی غزوات میں نمایاں حصہ لیا۔ غزوۂ بدر میں ولید کا خاتمہ آپ نے کیا۔ غزوۂ خیبر کی فتح کا سہرا آپ کے سر ہے۔

خودی شیر مولا جہاں اس کا صید
زمیں اس کا صید آسماں اس کا صید (اقبال)

غزوۂ خندق میں عمرو بن عبدود جو ایک ہزار کے برابر مانا جاتا تھا۔ آپ نے اس کا خاتمہ کر دیا

آپ زبردست خطیب اور فصیح وبلیغ مقرر اور شاعر تھے۔ آپ کا ایک دیوان موجود ہے آپ کے خطبات کا مجموعہ بلند خیالات اور نادر نظریات کا ذخیرہ ہے۔ خطبات اور دیوان میں ہر چیز ملے گی۔ پرہیزگاری، اخلاق حسنہ، شجاعت، نادر تمثیلیں، علماء سوء کی علامت، قیامت کی نشانیاں، حکومت اور سیاست سب باتیں ہیں۔ مشکل مسائل کا حل بھی موجود ہے۔ تیر اندازی اور شہ سواری کے طریقے ہیں زندگی کی گتھیوں کو سلجھانا مصائب کا مقابلہ کرنا حق وباطل کی پہچان، موت سے محبت اخلاص ودیانت کی باتیں بڑے اچھے انداز میں سب کچھ اس میں ملے گا۔

تری روح میں ہے اگر شرر تو خیال فقر وغنا نہ کر
کہ جہاں میں نان شعیر پر، ہے مدار قوت حیدری! (اقبال)

حکمت اور معرفت کے موتی

حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے حکیمانہ اقوال کا نادر مجموعہ

(مرتبہ: ابراہیم عمادی ندوی)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا شمار صف اول کے اصحاب رسول میں ہوتا ہے۔ آپ کی تعلیم وتربیت دامن رسول میں ہوئی اور شمع رسالت سے روشنی حاصل کرنے کا راست موقع آپ کو ملا تھا۔

نہج البلاغہ آپ کے خطبات اور تقریروں کا مجموعہ ہے جو مصر سے شائع ہو چکا ہے عربی ادب ودانش میں یہ خطبات نہایت بلند معیار رکھتے ہیں۔ فصاحت وبلاغت کے ساتھ ساتھ حکمت ومعرفت سے بھرے ہوئے ہیں سنا گیا ہے کہ نہج البلاغہ کا اچھا ترجمہ پاکستان میں شائع ہو چکا ہے۔

پیش کردہ مضمون آپ کے حکیمانہ اقوال ہیں جو حکمت اور معرفت میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ یہ تاریخ رکھتے ہیں چند سال پہلے مرحوم ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی نے مجھے "اسلامی محمدی تقویم" کے لئے مرحمت فرمایا تھا اور اس کی یہ تاریخ بیان کی تھی کہ "یہ حکیمانہ اقوال حضرت علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے وہ ہیں جو حضرت کے کسی خادم نے جمع کئے تھے (مجھے نام یاد نہیں رہا) اور وہ مصر کے فاطمی دور میں جامع ازہر کے قدیم ترین کتب خانے میں محفوظ رہ گئے۔

قدیم ترین قلمی کتابوں کا شعبہ الگ ہے اس کا جائزہ لیا اتفاق سے یہ قلمی مسودہ ذخیرہ میں مل گیا۔ یہ مسودہ نادر مجموعہ تھا۔ وہاں کے علماء اس کو اڈٹ کر کے شائع کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن اشاعت سے قبل یہ ناظرین "اسلامی محمدی تقویم" کی خدمت میں پیش ہے!

(عمادی)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے عارفانہ اقوال

حکمت اور معرفت کے موتی

همزه (أ) مجازی الف

(۱)

(۱) التحمل من اخلاق المؤمنین۔
(قوت برداشت مرد مومن کے اخلاق کا ایک جزو ہے!)
(۲) العاقل من امات شهوته
(عقل مند وہ ہے جس نے اپنی خواہشات کو مار دیا!)
(۳) الدین شجرة اصلها التسلیم والرضاء
(دین ایک درخت ہے اور تسلیم و رضا اس کی جڑیں۔)
(۴) الشک یطفی نور القلب
(شک دل کی روشنی کو بجھا دیتا ہے!)
(۵) اللسان میزان الانسان۔
(یہ زبان انسان کا ترازو ہے یعنی معیار شرافت ہے)

(۲)

(۱) ارحم من دونك یرحمك من فوقك
(اپنے سے چھوٹوں پر رحم کرو تو تمہارے اوپر جو سب سے بڑا ہے رحم کریگا)
(۲) اسئل ــــ تعلم
(جاننے والوں سے بار بار پوچھ اور سیکھ لے!)
(۳) اعدل ــــ تحکم
(انصاف کر پھر حکومت کرتا رہ!)
(۴) اصبر ــــ تنل
(اپنے صحیح مقصد میں مصیبتوں پر صبر کر اور پا جا!)
(۵) اشقاکم احرصکم
(سب سے زیادہ بدبخت تم میں وہ ہے جو بہت زیادہ حریص ہے!)

(۳)

(۱) انما الحلم کظم الغیظ وملك النفس
(بے شک حلم غصہ کو پی جانے اور نفس پر قابو پانے کا نام ہے)
(۲) افة العمل البطالة
(بے کار پڑے رہنا اپنے کام کے وقت تباہی ہے)
(۳) افة النجح الکسل
(سستی اور کاہلی کامیابیوں کے لئے بڑی رکاوٹ ہے)
(۴) اذا فسدت النية وقعت البلية
(جب نیت بگڑی تو مصیبت آئی)

(۵) اذا تم العقل نقص الکلام
(جب عقل پختہ ہو جاتی ہے تو گفتگو میں اختصار آجاتا ہے)

ــــ ب ــــ

(۱) بالصمت یکثر الوقار
(خاموش رہنے سے وقار بڑھتا ہے۔)
(۲) بالاحسان یستعبد الانسان
(احسان اور سلوک کے ذریعہ انسان کو غلام بنا لیا جاتا ہے)
(۳) بالعقل تنال الخیرات
(عقل (صحیح غور و فکر) کے ذریعہ اچھائیاں ملتی ہیں)
(۴) بالبر یملك الحر
(نیکیوں کے ذریعہ مرد آزاد پر حکومت کی جاتی ہے)
(۵) بحسن الاخلاق یطیب العیش
(حسن اخلاق کے ذریعہ، یہ زندگی خوشگوار بنتی ہے)

ــــ ت ــــ

(۱) تمام العلم استعماله
(علم کی تکمیل اس علم کا کام میں لانا ہے)
(۲) تاخیر العمل عنوان الکسل
(کام میں دیر ہو جانا سستی اور کاہلی کی وجہ سے ہے)
(۳) ترك الشهوات افضل عبادة واجمل عادة
(اپنی خواہشات کا چھوڑ دینا سب سے افضل عبادت ہے اور سب عادتوں سے اچھی عادت ہے)
(۴) تعلم ــــ تعلم
(پڑھا اور سیکھ)
(۵) تاج الرجل عفافه وزینة الضافه
(پاک دامنی انسان کا تاج ہے اور انصاف اس کی زینت ہے)

ــــ ث ــــ

(۱) ثمرة العلم معرفة الله
(علم کا مقصد اللہ کو پہچان لینا ہے)
(۲) ثمرة الخوف الامن
(دل میں خدا کا خوف رکھنا اور امن اور سکون پیدا کرتا ہے)
(۳) ثمرة العقل الصدق
عقل کا صحیح استعمال سچائی کی طرف لے جاتا ہے۔
(۴) ثمرة الحکمة الفوز

(صحیح حکمت اور دانائی سے کام لینا کامیابی کی طرف لے جاتا ہے)
(۵) ثمرۃ طولِ الحیاۃ السقم والھموم
(طول طویل بے مقصد زندگی کا نتیجہ بیماری اور ضعیفی ہے)

ج

(۱) جالسُ العلماء تسعد
(علماء کی صحبت میں بیٹھنے والا خوش قسمت ہے)
(۲) جود الفقیر افضل الجود
(ضرورت مند خود ایثار کرے تو یہ بہترین سخاوت ہے)
(۳) جمال الرّجال الوقار وجمال الحرّ العاد
(مرد کی خوبصورتی اس کا مردانہ وقار ہے اور کی خوبصورتی)

ح

(۱) حُسنُ العقل جمال البواطن والظواھر
(عقل کا حسن یہ ہے کہ عقلمند کا ظاہر اور باطن اچھا ہو)
(۲) حُسنُ الظنّ راحۃ القلب وسلامۃ الدین
(ہر ایک کے بارے میں اچھا خیال رکھنا دل کی راحت اور دین کی سلامتی ہے)
(۳) حُسن العقل افضل رائد
(مرد عاقل کے لئے بہترین راہ نما اس کی اچھی عقل ہے)

خ

(۱) خیرالمواھبِ العقل
(جملہ نعمتوں میں سب سے بڑی نعمت یہی عقل ہے)
(۲) خیرُ الجھاد جھاد النفس
(اپنے نفس کو قابو میں رکھنا سب سے اچھا جہاد ہے)
(۳) خیر الکلام مالایمِلّ ولا یقلّ
(بہترین کلام وہ ہے جو اتنا طویل نہ ہو کہ اکتا دے اور نہ اتنا مختصر ہو کہ سمجھ میں نہ آسکے)

د

(۱) دلیل عقلِ الرّجل قولہٗ
کسی آدمی کے صاحب عقل ہونے کی دلیل یہ ہے کہ اس کی باتیں ہیں۔
(۲) دولۃ الاکارم من افضل المغنم
(بزرگوں سے جو کچھ تم کو مل گیا وہی سب سے اچھا مال غنیمت ہے)
(۳) دَولُ الفجار مذلّ الابرار
(غلط لوگوں کی حکومت نیک لوگوں کے لئے ذلت ہے)

ذ

(۱) ذکرُ اللہ نور الایمان!
(اللہ کی ہر وقت یاد ایمان کی روشنی ہے)
(۲) ذلّ الرّجال فی خیبۃ الآمالِ
(کسی کی ذلت یہ ہے کہ وہ اپنے صحیح مقصد میں ناکام رہا)
(۳) ذِل الدُّنیاء عزت الاخرۃ
(دنیا کو ذلیل سمجھنا گویا آخرۃ کے لئے عزت ہے)

ر

(۱) رَاسُ الایمانِ الصّدقُ
(ایمان کی بنیاد سچائی ہے)
(۲) رَاسُ الحکمۃ لزومُ الحق
(حکمت اور دانائی یہ ہے کہ سچ کو اپنے لئے لازم سمجھے)
(۳) راس النفاق الخیانۃ
(خیانت نفاق کی جڑ ہے)

س

(۱) سَببُ المحبّۃِ السخاء
(سخاوت سے محبت پیدا ہوتی ہے)
(۲) سَببُ القناعۃ العفاف
پاک صاف زندگی قناعت کا پھل ہے
(۳) سَببُ فَسادُ العقل حُبّ الدّنیا
(عقل کی گراوٹ کا سبب دنیا سے محبت ہے)

ش

(۱) شرّ الاراء ماخالف الشریعۃ
(سب سے برے خیالات اور نظریات ہیں جو شریعت کے خلاف ہیں۔
(۲) شرّ الاخلاق الکذبُ والنّفاق
(جھوٹ اور نفاق اخلاق کی یہ بدترین صفتیں ہیں)
(۳) شرّ النّاسِ مَن لیظلمُ النّاس!
(انسانوں میں سب سے برا وہ ہے جو لوگوں پر ظلم کرتا ہے)
(۴) شرّ الاصحاب الجاھل
(دوستوں میں سب سے خراب دوست وہ ہے جو جاہل ہے)

ص

(۱) صَلاحُ العمل لصلاح النّیۃ
(عمل کی اچھائی نیت کی اچھائی پر ہے)
(۲) صلاح النفس بقلۃ الطمع
(نفس کی بہتری حرص وطمع سے دور رہنے میں ہے)
(۳) صدر العاقل صندوق سرّہ
(عقل مند کا سینہ اس کے رازوں کا صندوق ہے)

ض

(۱) ضیاع العُمُربین الامال والمنی
(خواہشوں اور امیدوں کے درمیان عمر ضائع ہوجاتی ہے)
(۲) ضَلّ مَن اھتدیٰ بغیر ھدی اللہ
(اللہ کی ہدایت کے سوا جس نے دوسرا راستہ اختیار کیا وہ گمراہ ہوا)
(۳) ضَالۃ الحکیم الحکمۃ فھو یطلبھا حیث کانت

حکمت اور دانائی تو عالم کی کوئی چیز ہے، وہ اسے حاصل کرے جہاں مل جائے۔

(۴) ضَلَالُ العقل أشرّ ضلّۃ
عقل کی گمراہی بدترین گمراہی ہے۔

— ط —

(۱) طاعۃُ الھوی تُفسد العقل
(خواہشات کی پیروی عقل کو بگاڑ دیتی ہے)

(۲) طاعۃُ الأمل تفسد العمل
(امیدوں پر بھروسہ کر لینا کام کو بگاڑ دیتا ہے)

(۳) طلب الدنیا رأس الفتنۃ
(دنیا کی طلب فتنہ کی جڑ ہے)

— ظ —

(۱) ظَنّ الرّجل علی قدر عقلہ
(آدمی کے خیالات اس کی عقل کے مطابق ہوتے ہیں

(۲) ظفر بالشیطان من غلب غضبہ
(جس نے اپنے غصہ پر قابو پالیا اس نے شیطان پر قابو پالیا)

(۳) ظلم الحق من نصر الباطل
(حق سے پردہ پوشی کرنا باطل کی مدد کرنا ہے)

— ع —

(۱) علیک بالحکمۃ فانّھا الحلیۃ الفاخرۃ
(حکمت اور دانائی حاصل کرو یہی بہترین زیور ہے)

(۲) علیک بالزّھد فانہ عون الدین
(زہد اختیار کرو، کیونکہ وہ دین میں معاون ہوتا ہے)

(۳) علی قدر الھمم تکون الھموم
(ہمت اور طاقت کے مطابق غم والم دیے جاتے ہیں

— غ —

(۱) غایۃ الدین الایمان
(دین کی انتہا صحیح ایمان اور یقین ہے)

(۲) غایۃ الدنیا الفنا
(دنیا کی انتہا تباہی و بربادی ہے)

(۳) غایۃ العلم حسن العمل
(علم و فضل کی انتہا حسن عمل ہے)

(۴) غطاء العیوب السخاء والعفاف
(انسان کی سخاوت اور اس کی پاک دامنی اس کے عیبوں کو ڈھانک دیتی ہے)

— (ف) —

(۱) فی الذکر حیاۃ القلوب
(اللہ کا ذکر دلوں کو زندگی بخشتا ہے)

(۲) فی مجاھدۃ النفس کمال الصلاح
اپنے نفس سے جہاد کرنا سب سے بڑی اصلاح ہے۔

(۳) فی الصبر الظفر
(صبر پر کامیابی ہے

(۴) فخر المرء بفضلہ لا باھلہ
(آدمی کے لیے قابلِ فخر اس کا علم و فضل ہے نہ کہ اس کا خاندان

— ق —

(۱) قلیل لک خیر من کثیر بغیرک
(جو کچھ تمہارے پاس ہے وہی تمہارا ہے دوسروں کے پاس جتنا بھی ہو تو کیا حاصل ہے

(۲) قوم احسانک تغنم
(نیکیوں پر قائم رہ اور فائدہ اٹھا

(۳) قدر المرء علی قدر فضلہ
(آدمی کی قدر و قیمت اس کے فضل و کمال کے مطابق ہوتی ہے)

(۴) قاتل ھواک بعلمک وغضبک بحلمک
اپنے علم کے ذریعے خواہشات سے جنگ کرو اور اپنے علم کے ذریعہ غصے سے جنگ کرو)

— ک —

(۱) کلّ عاقلٍ مغموم
(ہر عقلمند آدمی ذمہ داریوں کے مطابق تردد میں رہتا ہے)

(۲) کلّ عارفٍ مھموم
(ہر نیک اور خدا رسیدہ ابتلا و آزمائش میں پڑتا ہے)

(۳) کلّ متکبّر حقیر
(ہر متکبر اور مغرور حقیر و ذلیل ہوتا ہے)

(۴) کلّ حریص فقیر
(ہر لالچی فقیر ہوتا ہے۔)

— ل —

(۱) لکلّ ھمّ فرج
(ہر رنج و غم کے بعد راحت اور سکون ہوتا ہے)

(۲) لکلّ ضیق مخرج
(ہر مصیبت جو آتی ہے تو اس سے چھٹکارا بھی ملتا ہے)

(۳) لکلّ اقبال ادبار
(ہر عروج کو زوال بھی آتا ہے)

(۴) لکلّ ناجم افول
(ہر چمکدار چیز کے لیے ماندگی بھی ہے)

— م —

(۱) من اسلم سلم
(جو ایمان لایا وہ محفوظ رہا)

(۲) مَنْ تَعَلَّمَ عَلِمَ
(جس نے پڑھا اس نے جانا بھی)
(۳) مَنْ عَرَفَ کَفَّ
(جس نے پہچان لیا وہ بچ بھی گیا)
(۴) مَنْ رَکِبَ الباطلَ نَدِمَ
(جس نے باطل کا سہارا لیا وہ نادم ہوا)

— ن —

(۱) نعم الرفیق الرِّفق
(مروت اور محبت بہترین ساتھی ہیں)
(۲) نِعْمَ الحَسَبُ حُسْنُ الخُلُق
(شرافت ہی اچھا حسب ونسب ہے)
(۳) نالَ المنیٰ مَنْ عَمِلَ بدار البقاء
(جو آخرت کے لئے کام کرتا ہے وہ اپنی مراد پا لیتا ہے)
(۴) نالَ الفوزَ مَنْ وفق الطاعة
(جسے اطاعت اور فرماں برداری کی توفیق ہوئی اس نے کامیابی حاصل کی)

— و —

(۱) وَعْدُ الکریم نقد وتعجیل
(شریف آدمی کا وعدہ نقد اور فوری ہوتا ہے)
(۲) وقروا اکبادکم یوقروکم صفاءکم
(تم اپنے سے بڑوں کی عزت اور توقیر کرو تو چھوٹے بھی تمہاری عزت اور توقیر کریں گے)
(۳) وقارُ الحلم زینةُ العِلم
(صاحب علم اگر حلیم اور بردبار ہو تو اس سے علم کا وقار بڑھتا ہے)
(۴) وَفِّروا العِرضَ بابتذال المال
(مال و دولت خرچ کرکے اپنی عزت کو قائم رکھو!)

— ھ —

(۱) ھُدَی اللہِ سُبحانَهُ اَحْسَنُ الھُدیٰ
(اللہ تعالیٰ کی ہدایت ہی بہترین ہدایت ہے)
(۲) ھُدِیَ مَنْ اَحْسَنَ اسلامَه
(وہ ہدایت پا گیا جس کا اسلام بہترین ہے)
(۳) ھلکَ مَنِ ادّعیٰ وخابَ مَنِ افتریٰ
(جس نے غلط دعویٰ کیا وہ ہلاک ہوا اور جس نے باتیں گھڑیں وہ ناکام رہا)
(۴) ھَلَکَ الفَرِحُونَ بالدّنیا یوم القیمة ونجا المحزون بھا
(متفکر اور پریشان رہنے والے قیامت میں نجات پا جائیں گے۔)

— لا —

(۱) لا یحمد حامدٌ الّا ربّه
(تعریف کرنے والا اپنے رب کے سوا کسی اور کی تعریف نہیں کرتا)
(۲) لا یَخَفْ خائفٌ الّا ذنبَه
(ڈرنے والا اپنے گناہوں کے سوا کسی اور سے نہیں ڈرتا)
(۳) لا یلُمْ لائمٌ الّا نفسَه
(ملامت کرنے والا اپنے نفس کے سوا اور کسی کی ملامت نہیں کرتا)
(۴) لا تقولنّ ما یسوءک جوابه
(وہ بات ہرگز نہ کہو جس کا جواب تمہیں تکلیف پہنچائے)

— ی —

(۱) یَبلُغُ الصّادقُ بصدقه ما لا یبلغهُ الکاذب باحتیاله۔
(سچا آدمی اپنی سچائی کی وجہ سے وہ چیز پا جاتا ہے جو جھوٹا آدمی اپنے ہزار حیلوں سے بھی نہیں حاصل کر سکتا)
(۲) یسیرُ الحق یدفع کثیر الباطل
(ذرا سا بھی حق ڈھیروں باطل کو دور کر دیتا ہے۔)
(۳) یفسدُ الیقینَ الشکُّ وغلبةُ الھویٰ
شک اور خواہشات کا غلبہ یقین کو بدل دیتا ہے۔
(۴) یحتاج العِلمُ الی الحِلم
(علم کو حلم (بردباری) کی ضرورت ہے!)

قطعہ ------ ہاتف ملکاپوری

صحرا میں پھول دفن ہیں خوشبو بھی دفن ہے
اکبر ہیں دفن اصغر مہ رو بھی دفن ہے
عباس بھی حسین بھی قاسم بھی ہیں یہیں
حد یہ ہے اس میں فرقِ من و تو بھی دفن ہے

خدا کے دین کی تبلیغ کرنے والوں میں
بڑی اچھوتی قیادت مرے رسول نے کی
پس رسول جو پھر رہبری کی حاجت تھی
رسول ہی کی طرح دلبر بتول نے کی

عِلم جفر کی افادیت

توضیح و تشریح اور طریق عمل

(مولوی سید آل حسن صاحب رضوی، فاضل مشرقیات بمبئی)

علم جفر اور دیگر علوم

ہر بات کی تلاش، ہر شے کی جستجو اور ہر چیز کی کنہ وحقیقت دریافت کرنا انسانی فطرت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ہر مسئلہ میں "کب"؟ "کیسے" اور "کیوں"؟ کا شکار ہے! اور جب تک اسے "کب" کی مدت "کیسے" کی ہیئت اور "کیوں" کی وجہ نہیں معلوم ہو جاتی ہے اس کی فطرت بے چین رہتی ہے اسے سکون نہیں ملتا۔ اسی بے چینی سے نجات اور سکون کے لئے انسانوں نے ریاضت کی تلاش وجستجو میں پڑا رہا اور نتیجے میں مختلف علوم وجود میں آگئے جیسے علم ہندسہ علم قیافہ، نجوم، علم رمل اور جفر وغیرہ، یہ علوم اسی کب، کیسے اور کیوں سے پیدا ہوئے اور انسان کے لئے سکون کے سبب بنے گو کہ یہ سارے علوم محض ظنی اور قیاسی ہیں، ان کا تعلق کسب اور ریاضت سے ہے پھر بھی یہ اپنی افادیت کے اعتبار سے بہت ہی اہم ہیں۔ ساتھ ہی یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہیئے کہ یہ سب علوم وفنون کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ فرمان خداوندی نہیں ہیں۔ لہٰذا یہاں غلطی کا امکان ہے واضح رہے کہ ان تمام علوم میں "علم جفر" کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔ چوں کہ انسانی فطرت "امور آئندنی" کو قبل از وقت معلوم کرنے کے لئے بے چین رہتی ہے یہی وجہ ہے کہ ان علوم کو اخبار میں زیادہ استعمال کیا جاتا ہے اور اب تو سارے علوم اخباری نوعیت کے ہوکر رہ گئے ہیں جن کا مقصد عام طور سے پیش گوئیاں کرنا ہوگیا ہے۔ یہ پیش گوئیاں علم نجوم کے ذریعہ کی جاتی ہیں علم رمل کے ذریعے کی جاتی ہیں اور علم جفر کے ذریعے بھی کی جاتی ہیں جس سے قبل از وقت رنج یا خوشی تو ضرور حاصل ہوتی ہے لیکن امر واقعی میں کسی قسم کی تبدیلی یا تخفیف نہیں ہوتی مثلاً کسی مریض کو اگر یہ معلوم ہو جائے کہ وہ مر جائے گا یا وہ اس مرض سے اسے نجات مل جائے گی۔ اس علم سے مریض کو کوئی فائدہ نہ ہوگا اور نہ تکلیف میں کسی قسم کی کمی ہوگی البتہ وہ جدوجہد میں کمی کا امکان ضرور ہے بلکہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ عاجز آکر بالکل ہی بے عمل ہو جائے یہی وجہ ہے کہ شریعت اسلامیہ نے ان پیش گوئیوں پر یقین کر لینے کو بڑی شدت سے روکا ہے تاکہ قوت عمل باقی رہے اور اللہ پر توکل قائم رہے۔

علم جفر کی خوبی یہ ہے کہ اس میں دونوں باتوں کا خیال رکھا گیا صرف پیش گوئی ہی نہیں کرنا بلکہ اس کے غلط اثرات کو دور کرنے کا طریقہ بھی بتاتا ہے دوسرے علوم صرف پیش گوئی ہی کرتے ہیں گویا مرض کا نام اور کام بتا دیتے ہیں اس کا علاج کیا ہے یہ انہیں معلوم نہیں مگر علم جفر مرض کی تشخیص کے ساتھ ساتھ اس کا علاج بھی بتاتا ہے

علم جفر کی دو قسمیں ہیں

علم جفر ایک مکمل اور نفع بخش علم ہے اس کی دو قسمیں قرار دی گئی ہیں (۱) علم اخبار (۲) علم آثار۔ اب ہم یہاں اس کی تشریح کرتے ہیں

(۱) علم اخبار:۔ اس علم کے ذریعہ سوالوں کے جواب حاصل کرتے ہیں پیش گوئیاں کی جاتی ہیں اور ان کے متعلق قواعد اور ضوابط سے بحث کی جاتی ہے یا دوسرے لفظوں میں یوں کہا جائے کہ علم اخبار تشخیص مرض کا نام ہے اور ان قواعد وضوابط کا نام ہے جن کے ذریعے مرض کی تشخیص کی جاتی ہے۔

علم آثار:۔ علم جفر کی اس قسم میں نقوش اور وظائف واوراد سے بحث کی جاتی ہے یا دوسرے لفظوں میں یوں کہا جائے کہ مرض کا علاج اور طریقۂ علاج سے بحث کی جاتی ہے۔

علم جفر سے متعلق اس مختصر سی تمہید کے بعد اب یہ بتا دینا ضروری ہے کہ اس مضمون میں علم اخبار سے نہیں بلکہ علم آثار سے بحث کی جائے گی اور اس کے طریق کار مبادیات اور مطالب پیش کئے جائینگے تاکہ قاری حضرات مطالعہ کے وقت اسی نقطہ نظر کو سامنے رکھیں ساتھ ہی اس بات کا بھی خیال رکھا جائے کہ یہ مضمون صرف دو عملوں پر مشتمل ہے جس کی توضیح وتشریح میں یہ صفحات سیاہ کئے جا رہے ہیں۔

عربی زبان کے اٹھائیس "۲۸" حروف تہجی ہیں جنہیں آٹھ مرکب لفظوں میں ترتیب دیا گیا ہے تاکہ آسانی سے یاد کیا جا سکے ان کا نام ابجد قمری ہے۔

ابجد قمری: حروف اور ان کی تعداد

ابجد	ھوّز	حُطّی
ا۔ب۔ج۔د	ھ۔و۔ز	ح۔ط۔ی
۱، ۲، ۳، ۴	۵، ۶، ۷	۸، ۹، ۱۰
کلمن	**سعفص**	**قرشت**
ک۔ل۔م۔ن	س۔ع۔ف۔ص	ق۔ر۔ش۔ت
۲۰، ۳۰، ۴۰، ۵۰	۶۰، ۷۰، ۸۰، ۹۰	۱۰۰، ۲۰۰، ۳۰۰، ۴۰۰

تخل — ضنظغ

ث ـ خ ـ ذ — ض ـ ظ ـ غ

۵۰۰ ، ۶۰۰ ، ۷۰۰ — ۸۰۰ ، ۹۰۰ ، ۱۰۰۰

ابجد قمری کی پوری فہرست مع اعداد اوپر درج کی جاچکی ہے اب انہیں حروف سے بحث کی جارہی ہے

ابجد قمری کے یہ جملہ حروف دو حصوں میں تقسیم کئے گئے ہیں۔ ایک کا نام حروف نورانی ہے اور دوسرے کا نام حروف ظلمانی ہے۔

حروف نورانی :- ا، ح، ر، س، ص، ط، ع، ق، ک، ل، م، ن، ہ، ی

یہ چودہ حروف وہ ہیں جو مقطعات قرآنی میں آئے ہیں، اسی لئے ان کو حروف نورانی کہا گیا ہے۔

حروف ظلمانی :- ب، ت، ث، ج، خ، د، ذ، ز، ش، ض، ظ، غ، ف، و

یہ چودہ حروف ظلمانی ہیں۔

ان دونوں قسموں کے حرفوں کی الگ الگ خصوصیات ہیں۔ اب ہم ان کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔

علماء نے حروف نورانی کی بے حد تاثیریں بیان کی ہیں فتح وکامرانی کا ان کو لاجواب نسخہ بتایا ہے اور ان حروف کے ذریعہ چودہ جزو کی ایک کتاب اس طرح تیار کی ہے کہ جس کے ہر جزو میں چودہ صفحے ہیں ہر صفحے میں چودہ سطریں ہیں۔ ہر سطر میں چودہ خانے ہیں اور ہر خانے میں چار حروف ہیں۔ ان چار حرفوں کو بھی اس طرح تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا حرف جزو کا، دوسرا صفحہ کا، تیسرا سطر کا اور چوتھا خانے کا، اس طرح کتاب کے پہلے صفحے کے پہلی سطر کے پہلے خانے میں چار الف ہوں گے جیسے (اااا) اور آخری جزو کے آخری صفحے کے آخری سطر کے آخری خانے میں چار (ی) ہوں گی اس طرح (ی ی ی ی)

اسی انداز میں پورے ابجد قمری سے (۲۸) جزو (۲۸) صفحے (۲۸) سطریں اور (۲۸) خانوں پر مشتمل ایک کتاب تیار کی گئی ہے جس کا نام "مصحف فاطمہ" ہے اور جسے "جفر جامع" کے نام سے پکارا جاتا ہے

لکھنے کے لئے شرطیں

لکھنے والے کو پاک وصاف اور باوضو ہونا چاہیئے۔ پہلے دو رکعت نماز پڑھے اور قبلہ رو بیٹھکر پاک قلم اور پاک روشنائی سے لکھنا چاہیئے۔ یاد رکھئے مہینے کے آخری دنوں میں جب چاند غروب ہوکر لکھنا چاہیئے اور نہ ان تاریخوں میں جن میں قمر درعقرب ہو، باقی دنوں میں لکھئے البتہ چہارشنبہ اور سنیچر کے دنوں میں نہ لکھئے

ان شرائط کے ساتھ اگر یہ کتاب لکھی جائے تو بڑے ہی فائدے ہوں گے، ساتھ ہی لکھنے والا ایک عظیم قوت کا مالک ہوجائے گا۔ مگر تقویٰ اور پرہیزگاری ضروری ہے۔

اثرات اور فوائد اور طریقے

حروف نورانی (ا ح ر س ص ط ع ق ک ل م ن ہ ی) سے جفر کتاب ہی نہیں تیار ہوتی بلکہ ان حرفوں میں اور بھی بہت تاثیریں ہیں۔ کشائش رزق، تحصیل ملازمت، مقدمہ میں کامیابی اور دیگر جائز امور میں یہ حروف کیمیا کے اثرات رکھتے ہیں۔

ان حروف کے اعداد (۶۹۳) ہیں ان میں اپنے اور اپنی ماں کے نام کے اعداد شامل کر کے اپنے مقصد کے اعداد شامل کیجئے، ان تمام اعداد کو جمع کر کے اس سے مؤکل بنائیے اور ان اعداد سے نقش مربع پُر کر کے نقش کی پشت پر مؤکل کا نام لکھئے اور نقش کو بازوئے راست پر موم جامہ کر کے سبز کپڑے میں سل کر باندھ لے۔

شرط :- عمل کرنے والے پر لازم ہے کہ روزانہ نماز مغرب اور عشاء کے درمیان باوضو ہوکر سورۂ واقعہ کو سات روز تک پابندی سے بلاناغہ بغیر جگہ بدلے ہوئے پڑھے، انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا بہتر ہے کہ یہ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کیا جائے اور سات دن تک پابندی سے کیا جائے۔

مؤکل بنانے کا طریقہ

میں نے عمل کو بہت آسان کردیا ہے لیکن کوئی تشریح حتی الامکان چھوڑی نہیں ہے پھر بھی مؤکل بنانے کا طریقہ تشریح طلب ہے۔ اس لئے بذریعہ تمثیل واضح کررہا ہوں۔ مثلاً حروف نورانی کے اعداد، اپنے اور اپنی ماں کے نام کے اعداد اور لفظ رزق جو مقصد ہے اس کے اعداد کو جمع کیا اور کل (۱۶۱۰) ہوئے ان کے حروف بنائے دس سے "ی" بنا (۶۰۰) سے "خ" بنا اور (۱۰۰۰) سے "غ" بنا، اب ان رب کا مرکب ہوا یخغ اس کے آخر میں ائیل کا اضافہ کیا تو "یخغائیل" بنا۔ یہی یخغائیل موکل ہوا۔

اب ان اعداد کا نقش مربع تیار کیا جائے مربع نقش پر کرنے کا طریقہ تمام کتابوں میں ہے پھر بھی آسانی کے لئے مختصر بیان کئے دیتا ہوں تاکہ یہ قاری کو یہ شکوہ نہ رہ جائے کہ عمل کیا ہے چیستاں بنا کر رکھ دیا ہے بھلا اس سے عوام کو کیا فائدہ ہوگا۔

نقش مربع پر کرنے کا طریقہ

کل مجموعہ (۱۶۱۰) ہے اس میں سے (۳۰) عدد لفی کیا جائے تو کیا باقی رہا۔ (۱۵۸۰) اس کو (۴) سے تقسیم کیا تو (۳۹۵) خارج قسمت آیا اور تقسیم پوری ہوگئی اب اس خارج قسمت کو مربع کے پہلے خانے میں لکھا جائے۔ اب اس کے بعد ہر اگلے خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کرتے ہوئے نقش کو پورا کیا نقش تیار ہوگیا

نمونہ نقش مربع

۳۹۵	۴۰۸	۴۰۵	۴۰۲
۴۰۶	۴۰۱	۳۹۶	۴۰۷
۴۰۰	۴۰۳	۴۱۰	۳۹۷
۴۰۹	۳۹۸	۳۹۹	۴۰۴

نواں خانہ — تیرہواں خانہ

(باقی صفحہ ۵۵ پر)

سیرت کا مطالعہ کس لئے؟

(ڈاکٹر محمد حمید اللہ (پیرس))

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے اسلامیات پر بہت سے تحقیقی مضامین لکھے ہیں آپ کا یہ مضمون بھی سیرت مقدس کے بعض پہلوؤں کو نمایاں کرتا ہے (ادارہ)

مقدس سیرۃ کی اہمیت :-

ہر سنجیدہ طالب علم اور دزارتی غور و فکر کر کے ذمہ دارانہ اور مستقل رائے قائم کرنے کے خواہشمند کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ رسول اسلام کی سیرت یعنی سوانح حیات اور تعلیمات کا مطالعہ بھی کیوں کیا جائے جبکہ آپکی وفات پر ساڑھے تیرہ صدیاں گزر چکی ہیں علوم و فنون میں بے انتہا ترقیاں ہو چکی ہیں متمدن قوموں کے ماحول اور تصور حیات میں زمین و آسمان کا فرق ہو چکا ہے اور آپ بھی ہمارے جیسے ایک انسان تھے ۔

اصولی حد تک تو اس سے کسی کو انکار نہیں ہے کہ انسانی تمدن اور ثقافت کی ترقی کا راز اسی میں پوشیدہ ہے کہ "ہر کہ آمد عمارت نو ساخت"۔

لیکن اس طرح نہیں کہ ادھیڑبن کا ختم نہ ہونے والا سلسلہ وکالتی نقضت غزلہا من بعد قوت انکاثا جاری رکھا جائے بلکہ اس طرح کی تعمیر سابق پر جدید کا اضافہ ہوتا ہے ظاہر ہے کہ قدیم و جدید دونوں عمارتوں کا مالک متمول تر ہوگا بہ نسبت اس شخص کے جسکے قبضے میں صرف کوئی قدیم یا جدید عمارت ہو۔ البتہ یہ سوال ایک تفصیلی جواب چاہتا ہے کہ خاص محمد ابن عبد اللہ بن عبد المطلب (روحنا فداہ) کی سیرت کا کیوں مطالعہ کیا جائے اور اس غرض کیلئے کسی اور کا کیوں نہیں؟

مسلمانوں کا دعویٰ اپنے رسول و ہادی کے متعلق تو یہ ہوگا ہی کہ آپ کی ذات والا صفات ہے جس نے ایسے زمانے میں مبعوث ہو کر جب کہ دنیا جہالت و گمراہی کی انتہائی حدود پر پہنچ چکی تھی اس کو آپ نے انسانیت کے صحیح اور سیدھے راستے پر کھڑا کر دیا آج بھی جبکہ ہم مختلف وجوہ کی بنا پر ان ایام جہالت سے قریب تر ہو رہے ہیں تو صرف اس شمع ہدایت سے اکتساب ہی ہماری نجات کا حقیقی باعث ہو سکتا ہے ۔

لیکن ذاتی عقیدے سے قطع نظر ایک جویائے حق طالب علم اور ایک ناطرفدار لیکن بامقصد مورخ کو اس سوال کے جواب میں جو کہنا ہے اس میں سے بعض باتیں صرف مسلمانوں سے متعلق ہیں بعض باتیں دونوں سے مشترکہ طور پر متعلق ہیں ۔

آپکی سیرۃ جو اہمیت رکھتی ہے وہ کسی تفصیل کی محتاج نہیں، اصول فقہ کی کتاب میں یہ امر مسلمہ ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر قول کی طرح آپکا ہر فعل بھی قانونی حیثیت رکھتا ہے اور سنت نبوی کبھی واجبات مستحبات مباحات مکروہات وغیرہ قائم ہوتے ہیں۔

یوں تو کسی مسلمان کی زندگی اسی وقت تک اسلامی کہلاتی ہے جب تک وہ قرآن حکیم کے احکامات کے مطابق ہو لیکن خود قرآن کریم نے متعدد قوموں پر سنت نبوی کی قانونی حیثیت کو تسلیم کیا ہے اور اسے واجب التعمیل قرار دیا ہے اسی طرح سنت نبوی یا صحیح و مسلمہ سیرت کی حیثیت بھی جزو قرآن تو کم از کم ضمیمۂ قرآن اور تتمۂ قرآن کی سی ہو جاتی ہے البتہ چند آیتوں کی طرف یہاں توجہ منعطف کرائی ہے

ما اتٰکم الرسول فخذوہ وما نہٰکم عنہ فانتہو :

"جو آنحضرت صلعم تم کو دیں وہ لے لو اور جس سے وہ روکیں اس سے رک جاؤ"

"لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ ما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ ہ"

"آنحضرت تمہارے لئے بہترین نمونۂ عمل ہیں! آنحضرت اپنی خواہش سے کچھ نہیں کہتے وہ جو کچھ فرماتے ہیں وہ خدا ہی کے ارشاد پر مبنی ہوتا ہے۔"

ان اور دیگر آیتوں سے صاف ظاہر ہے کہ پیشوائے اسلام سردار دو عالم کا قول آپکا فعل اور جن چیزوں کو آپ نے اپنے صحابہ میں روا رکھا ان سب پر عمل کرنا اتنا ہی ضروری ہے جتنا خود احکام قرآنی پر۔

رسول عربی کی سیرت کا مطالعہ اسی لئے ضروری ہے کہ جب ایک شخص ہم سے یہ بیان کرکے کہ میں تمہارے فائدے کی کچھ باتیں کہنا چاہتا ہوں تو کون عقل سلیم رکھنے والا ایسا ہے جو اس بات کو سننے سے انکار کر دے آنحضرت نے اپنی زندگی میں جب پہلی مرتبہ یہ فرمایا تھا کہ میں تمام عالموں کے لئے رحمت بن کر آیا ہوں اور میرے لائے ہوئے دین اسلام کے بغیر دنیا اور آخرت کی بھلائی حقیقت حال میں نہیں ہو سکتی تو اس پر ادچھی طبیعت رکھنے والوں نے ٹھٹھول شروع کیا اور مخالفت پر اتر آئے سنجیدہ لوگوں نے اس کے برخلاف یہ پوچھا کہ دین اسلام کس کو کہتے ہیں اور آپ کی رائے میں ہمیں کیا کرنا چاہیئے پھر جواب اور توضیح پر ٹھنڈے دل سے غور کیا اور جس کی رائے میں یہ بات معقول تھی اس نے اس دین کو قبول کر لیا۔

ہادیٔ عالم کے اقوال و افعال اور آپکا پیش کیا ہوا دین اب تک محفوظ ہیں اور محض آثار قدیمہ کی رتی سے ہاتھی بنانے اور قیاس آرائی اور خوش عقیدت کی ضرورت نہیں۔

دیگر مذاہب اور ادیان کی کتابیں :- اسکی کچھ تشریح بے محل نہ ہوگی دیگر ادیان و مذاہب کی مقدس و الہامی کتابوں سے گوتم بدھ کے صرف اقوال ملتے ہیں کوئی کتاب نہیں یہ اقوال بھی بروقت قلم بند نہیں ہوئے تھے ہندو مذہب پران سرتی ویدک چیزیں ہیں لیکن یہ سب ہزاروں برس سے سینہ بسینہ چلتی رہیں ۔ آخر تدوین ہوئی تو ایک ہی شخص کے حافظے کی بنا پر توریت کی اصل بھی ناپید ہے ایک سے زیادہ مرتبہ دنیا سے ناپید ہو گئی اور محض حافظوں سے اسکو دوبارہ لکھا گیا ہے اور اب جو نسخے ملتے ہیں ان میں باہم ہزاروں الفاظ و آیات کے متعلق روایات پایا جاتا ہے کہ وہ بعد کے اضافے ہیں مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب کتاب میں خود انکے وفات پانے کا ذکر وغیرہ) انجیل کا حال یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کبھی نہیں لکھوایا اگر لکھوایا ہے تو وہ اصل انجیل اب لاپتہ ہے) جو چیز اب

ملتی ہے وہ ان کے شاگردوں اور شاگردوں کے شاگردوں کے چشم دید و گوش شنید بیان ہے کہ ان کے پیغمبر اس طرح پیدا ہوئے زندگی بھر فلاں طرح رہے فلاں وقت فلاں بات کی وغیرہ گویا یہ سوانح عمری ہے کوئی الہامی کتاب اور ربانی ہدایت نامہ نہیں ایک مزید امر یہ قابلِ ذکر ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ایسی سوانح عمری انجیلیں بھی بکثرت تھیں اور لازماً ان میں بڑا اختلاف بھی تھا۔ ایک مرتبہ ان سب کو ایک کے اوپر ایک رکھ کر ہلا دیا گیا۔ جو گر پڑے وہ الگ اور جو نہ گرے وہ الگ کر لی گئیں اور اس طرح ان کی مروجہ چاروں انجیلیں صحیح قرار پا کر اختیار کر لی گئیں اور باقی تلف کر دی گئیں۔

قرآن مجید کی اہمیت:۔ اب قرآن مجید کو دیکھئے جیسے ہی کوئی آیت نازل ہوتی ابتدائے نبوت ہی سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کو فوراً لکھوا دیتے رہے اور کاتبوں کو بھی ہدایت دیتے رہے کہ فلاں آیت کا مقام تا حال نازل شدہ قرآن مجید میں فلاں سورت میں فلاں آیت کے بعد ہے اس کو ساتھ ساتھ بہت سے صحابی زبانی بھی نماز کی ضرورتوں کو یاد کرتے جاتے تھے اور یاد کئے ہوئی چیزوں کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنایا کرتے تھے۔ لوگ تحریری نقلیں بھی لیا کرتے تھے جب آنحضرت صلعم کی وفات ہوئی تو چند ماہ بعد ہی خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عہد نبوی کے سرکاری کاتبین وحی کی ایک کمیٹی مقرر کی کہ پورا قرآن مجید ایک کتاب کی صورت میں لکھا جائے۔ اور ہدایت دی کہ ہر ہر لفظ و آیت کو علاوہ حفظ کے دو دو تحریری ثبوتوں کے بعد درج کیا جائے عہد نبوی کے آخر میں کامل قرآن کے چار پانچ حافظ تھے جن میں وہ ارکان تھے جو مجلس تدوین میں شامل تھے اور متفرق سورتیں جن کو یاد تھے ان کی تعداد ہزاروں تھی اسی احتیاط سے تدوین ہونے اور آئندہ بھی حفاظ کا سلسلہ ابتک جاری رہنے سے قرآن مجید اس قدر صحت کے ساتھ موجود ہے کہ کسی اور ربانی مذہب کی الہامی کتاب اس کی گرد کو بھی نہیں پہنچتی۔

غرض ہم ایک ایسی شخصیت کا مطالعہ کر سکتے ہیں جس کے عام حالات بھی تفصیل سے محفوظ ہیں اور جس کی تعلیم کی اساس یعنی اس پر نازل شدہ کتاب بھی ہو بہو بجنسہ محفوظ موجود ہے اس کے مندرجات کے متعلق کوئی چھوت چھات بھی نہیں کہ انہیں اجنبیوں کو پڑھنے بلکہ سننے سے بھی روکا جائے بلکہ صلائے عام ہے کہ ہر شخص اس کو پڑھے اور بطور خود اپنے لئے فیصلہ کرے کہ وہ اس کو قبول کر سکتا ہے یا نہیں اور جو قبول نہ کرے اس کے لئے بھی صاف حکم ہے کہ

لا اکراہ فی الدین!

دین کے بارے میں کوئی جبر نہیں:۔

اور پھر یہ قرآن وہ ہے جو فصاحت میں ہومر اور ڈیماستھنس کے قانون سازی کے حسنۃ کا بیلکے فی الآخرۃ حسنۃ میں گوتم بدھ کے ادب احترام سلف میں کنفوشس کے چیلنج کا جواب تھا اور اس کا اپنا یہ چیلنج ہے کہ

"آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری"۔ اس نے مرکز گریز اولاد آدم و حوا کو دوبارہ مرکز کشتی کی تعلیم دی اور ان میں فطری مساوات اور اختیاری فضیلت اعمال صالح کی بنا پر قائم کی اور جملہ سابقہ مذاہب کا احترام کرتے ہوئے ان کے مقابل احترام کرتے ہوئے ان کے مقابل اپنی حیثیت صرف یہ بیان کی کہ ایک تجدید صداقت اور بنیادی دلائل اقل قلیل مذہب ہے چند بنیادی اصول وحقائق سے خود فیصلہ کر لینا ممکن ہے اسلام کا اصل اصول یہ ہے کہ اشتراکیت و سرمایہ داری

فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ

دنیا میں بھی اچھے رہے اور آخرت میں بھی۔

آپ صلعم کی مختلف باوقار حیثیتیں:۔ دیکھنا یہ ہے کہ دنیاوی معاملات میں آنحضرت کی سیرت اور طرز زندگی میں ہمارے لئے کیا سبق ہے۔

دنیا میں ایک حیثیتی بڑے لوگوں کی کبھی کمی نہیں رہی ہے لیکن اگر ہم مثلاً سکندر اعظم اور نپولین و ہٹلر کو لیں تو ان کی زندگی صرف ایک سپہ سالار جنگ و فاتح کے لئے مفید مواد مطالعہ کے لئے پیش کر سکتی ہے گوتم بدھ کی زندگی ریاضت و عبادت میں خصوصی دلچسپی رکھنے والوں کے لئے ہی سبق آموز ہو سکتی ہے۔ ہومر صرف ایک شاعر تھا افلاطون اور ارسطو صرف حکیم اور فلسفی تھے زندگی کے دوسرے شعبوں میں ان کی کوئی بڑی وقعت نہیں اس کے برخلاف رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی پر نظر ڈالئے اس کی ہمہ جہتی حیثیت قول و فعل کی یکسانی، تعلیم میں ناقابلِ عمل سطحیت کی جگہ مستند عملیات اور سب سے بڑھ کر یہ کہ زندگی میں کامیابی کے لحاظ سے ایک بے نظیر چیز ہے۔ سیاسی حیثیت کو لیجئے کہ آپ نے دس سال کے قلیل عرصے میں جزیرے نمائے عرب کے تراج (حکومتی) میں جہاں خودسر خانہ بدوش قبائل میں خانہ جنگیاں ہی رہا کرتی تھیں۔ ایک بڑی مستحکم اور بڑی مملکت قائم کر دی۔ بحیثیت سپہ سالار کے آپ کی لڑائیوں میں فریقین کے بمشکل چند سو آدمی مارے گئے لیکن دس سال کے عرصے میں تقریباً بارہ لاکھ مربع میل کا رقبہ مطیع اور ماتحت ہو گیا۔ اور عرب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایسی حکومت قائم ہوئی کہ جو پورے جزیرے نما کو حلقہ بگوش بنا سکے۔ اور یہ آنحضرت ہی کی تعلیم و تربیت کا نتیجہ تھا کہ عرب جیسے گمنام اور جاہل قوم نے بین الممالک تعلقات میں پہلا قدم رکھا تو کیمبرج کے ایک عیسائی مورخ کے الفاظ میں ان میں سے (مہذب وحشی) کبھی فتوحات کی وسعت اور گہرائی کا جو ریکارڈ انہوں نے قائم کیا ہے وہ اب تک کسی قوم سے توڑا نہیں جا سکا چنانچہ کم ہی سال کے انہوں نے عراق، فلسطین، شام، مصر، طرابلس، تونس، ترکستان اور آرمینا کو زیر کر لیا۔ یہ سب علاقے قریب قریب آج بھی ٹھوس اسلامی علاقے ہیں۔ اور ان میں سے اکثر کی زبان تک عربی ہی ہو گئی ہے

انتظامی حیثیت لیجئے جس میں ملک میں کبھی کوئی حکومت قائم ہی نہیں ہوئی تھی اسی میں پیدا ہونے اور پرورش پانے کے باوجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو دستور مملکت مرتب اور جو نظام حکمرانی قائم فرمایا اس پر عملی دنیا کی ایک عظیم الشان مملکت کے لئے نہ صرف ہر طرح کارآمد ثابت ہوا بلکہ جب تک اس پر عمل رہا وہ دنیا کی مہذب ترین حکومت بنی رہی۔ گاندھی جی جیسے کٹر ہندو بھی اسے انسانیت کا دورِ زریں سمجھتے اور کانگریسی ہندو حکومتوں کو مشورہ دیتے رہے کہ اس کو اپنے لئے نمونہ بنائے۔

عمرانی حیثیت سے تقسیم و گردش دولت کا اصول رسول اکرم صلعم کے ہر مالی حکم میں نظر آتا ہے تقسیم ترکہ، تحدید وصیت، مخالفت سود یعنی اندوختہ دولت اور جائداد پر محصول (زکوٰۃ) وغیرہ کی طرف اشارہ کافی ہے جن کا اصول یہ تھا کہ دولت صرف مالداروں میں نہ گھومتی رہے اور مالداروں سے لئے ہوئے محصول سے حکومت اپنے ملک کے جملہ محتاجوں کو روٹی مہیا کرنا اپنا اولین فرض سمجھے اور اشتراکیت و سرمایہ داری کے

کے تصادم کو جو آج بے دین دنیا میں رونما ہے پیش بینی کر کے شروع ہی حل کر دیا اور روک دیا عورت مزدور اور غلام کی حیثیت کے متعلق پیغمبر اسلام کی تعلیم معتدل اور اس کے لئے مفید اور قابلِ عمل ہونے میں بے مثل ہے۔

سماجی اور اخلاقی حیثیت سے آپ نہ صرف اچھے معلم اخلاق تھے بلکہ ایک نادر بات یہ تھی کہ آپ نے اپنی تعلیم کی سب سے پہلے خود تعمیل کر کے اور دوسروں کو جتنا حکم دیتے اس سے زیادہ عمل کرتے اوروں کے سامنے زندہ نمونہ تھے۔ ایک باپ، ایک شوہر، ایک دوست اور ایک حاکم ایک تاجر ایک انسان کی حیثیت سے آپ کا کردار اتنا بے داغ ہے کہ دشمن بھی اس کو سراہے بغیر چارہ نہیں دیتے علاوہ اور اسلامی حالت کے بت پرستی شراب اور جوئے سٹے کی ممانعت۔

مسلمانوں کی ایسی خصوصیت ہے کہ باقی دنیا بھی اب خود ہی نہ خواہی اس کو ماننے پر مجبور سی ہو چلی ہے۔ دنیا میں بہت سے معلم، ہادی اور پیغمبر آئے لیکن تاریخ شاہد ہے کہ کسی کو اپنی زندگی میں اتنی کامیابی نہ ہوئی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی سنہ ۱۰ھ میں جب آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حج کو تشریف لے گئے تو آپ کے ساتھ ڈیڑھ لاکھ مسلمان تھے جو ملک کے ہر حصے سے آئے تھے۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دنیا کو جو دین پیش کیا اس نے اپنے لئے خود بخود جگہ پیدا کر لی۔ چین میں کبھی اسلامی حکومت قائم نہیں ہوئی مگر چین کے کروڑوں مسلمان اور ہندستان کے روز افزوں نومسلم اس بات کا کافی ثبوت ہیں کہ اسلام کی اندرونی کشش کتنی ہے۔ وہ آپ ہی تھے کہ تعصبات سے بھری دنیا میں برملا فرما گئے کہ نسل، رنگ یا زبان سے کسی انسان کو دوسرے پر کوئی فوقیت بالکل نہیں حقیقی فضیلت نیکو کاری خدا ترسی ہے۔

اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ

خدا کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ معزز و مکرم وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو۔

دیگر مذاہب:۔ آپ نے اسلام کے اصول پر جس روز عمل کیا اس کا نتیجہ یہ ہے کہ تمام پست قومیں اس کو اپنا نجات کا واحد ذریعہ سمجھتی رہی ہیں اسلام سے زیادہ مساوات کسی اور مذہب میں نظر نہیں آتی اور مثلاً رنگ و زبان کے متعلق فطرت کی تنوع پسندی کو بے اثر بنانے میں اسلام سے زیادہ کسی مذہب و ملک کو زیادہ ترقی نہیں ہوئی۔

انسانی آبادی کے ہر گروہ کی ایک الگ تاریخ، الگ تعصبات، الگ روایات ہیں اور انسان کو اپنے محسنوں یا بزرگوں کے احترام سے روکنا تو آسان ہے اور نہ اس میں کوئی فائدہ آسان اور مفید طریقہ یہی ہے کہ پرانے روایات اور تعصبات و تخیلات کو چھیڑے بغیر اگرچہ اس کو ایک نیا پس منظر ایک نئے روح میں رواں دواں کر کے کوئی نئی چیزوں کے احترام اور اوروں سے زیادہ احترام کی تعلیم دی جائے اس کی تاخیر مرکز گریز اولاد آدم و حوا کو دوبارہ ایک مرکز پر آنے کیلئے آمادہ کرنا ممکن نہیں۔

یہودیوں کو اپنے ہم عصروں میں واحد موحد قوم ہونے وغیرہ کی بناء پر ناز تھا اگرچہ باقی دنیا میں ملعون تھے اسلام نے برملا اعتراف کیا۔

فَضَّلْکُمْ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ

خدا نے تم کو سارے جہاں پر فضیلت دی۔

عیسائیوں کو اپنے آبائی مذہب پر بعض خصوصیتوں پر ناز تھا جس سے باقی ساری دنیا کو انکار تھا۔ قرآن نے اس کو بھی قبول کیا کہ عیسیٰ ابن مریم (رسول کلمۃ القاہا الیٰ مریم وروح منہ) وہ اللہ کے رسول کلمۃ اللہ اور روح اللہ تھے لیکن ان دونوں قوموں کو بتایا کہ محض "پدرم سلطان بود" کافی نہیں عمل کے متعلق خدا کا حساب و کتاب فرداً فرداً ہر ایک انسان سے ہوگا۔ جس خدا نے عیسیٰ اور موسیٰ علیہ السلام کو کچھ خصوصیتوں سے نوازا تھا اسی خدا نے اس سابقہ انبیاء کی تعلیمات کے صحیفوں میں حوادث کا شکار ہو کر تلف ہو جانے کی وجہ اپنی دنور نوازش سے انسانوں پر ان تعلیموں کی پھر سے تلقین و تجدید کرنے کے لئے ایک اور نبی بھیجا اور جب تک اس نبی کی تعلیم محفوظ و موجود ہے کسی مزید نبی کی ظاہر ہے کہ کوئی ضرورت نہیں۔

انبیاء بنی اسرائیل ہی نہیں ان سے قبل اور ان کے بعد بھی وان من امۃ الا خلا فیہا نذیر، کہہ کر دل کی ہر قوم کا دل موہ لیا۔ آدم سے لیکر عیسیٰ علیہ السلام تک آنے والے رسولوں میں سے ایک درجن کا نام لیا اور یہ بھی فرمایا

وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَیْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَیْكَ!

اور کسی کے لئے رنجش کی جگہ نہ رہی۔ اس حیثیت سے بھی آپ رحمۃ اللعالمین ثابت ہوئے۔ مذہب سابق میں ایک گورکھ دھندا بن کر عبادت گاہوں کے افسروں اور پجاریوں کی اجارہ داری بن کر رہ گیا تھا۔ پیغمبر اسلام نے فرمایا کہ الدین یسر ہر ایک فرد انسانی کا مسئلہ ہے اور ایک بنیادی مذہب ایک خلاصہ اور ایک نچوڑ پیش کیا کہ انسان عہد یا کم از کم سن رشد سے لحد تک اپنے آپ اس کا ذمہ دار ہے اور وہ مذہب آمَنَّا بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا۔

اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لائے اور عملِ صالح کرتا ہے!

اور:۔ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَہَا

"ہر شخص پر اس کی طاقت کے مطابق ہی ذمہ داری ہے"۔

یہ سب ایک طرح سے دنیوی پہلو تھا اسلام کی خصوصیت یہ رہی ہے کہ وہ دنیا اور دین دونوں بیک وقت چلانی چاہتا ہے روحانی ترقی اور تزکیہ نفس کے لئے توحید سے بڑھ کر کوئی وسیلہ تصور میں نہیں آتا۔ اگر کوئی شخص خدا کو ایک مان لے اور خیر و شر میں اس کے سوا کسی اور قدرت نہ سمجھے اور حشر و حساب کو مان لے تو پھر دنیا میں گناہ کا سرزد ہونا محال نہیں مشکل ضرور ہو جاتا ہے۔

ہر شخص کے ایمان کی پختگی اس کے اعمال میں ہویدا رہتی ہے نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ اور جہاد فی سبیل اللہ ایسے احکام ہیں جن سے انسانوں فرشتوں سے بھی سبقت لے جاتا ہے جس میں عدول حکمی صلاحیت ہی نہ ہو (مثلاً فرشتہ) اور وہ کسی کل کی طرح بے اختیار حرکت کرتا چلا جائے تو نہ وہ ثواب کا مستحق ہوگا اور نہ عذاب کا متوجب جس میں خیر و شر کی بیک وقت قدرت ہو اور وہ اپنی قدرت ارادی و اختیار سے کام لے کر صرف خیر و سر پر عمل کرے تو یقیناً اشرف المخلوقات کہلانے کا اسی کو حق ہو سکتا ہے۔ یہی چیزیں نتیجہ میں سیرت پاک کے مطالعہ کا اور یہی چیزیں ہیں جو سیرت پاک کے مطالعے کی دعوت دیتی ہیں۔

وَآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط

رہبانیت اور انسانی فطرت

(ترجمہ:- شاہد جمیل صاحب)

قانون رہبانیت انسانی فطرت کے خلاف ہے - عیسائی پادریوں پر ان کی مرضی کے بغیر اس قانون کا اطلاق کیا جاتا ہے حالانکہ حضرت مسیح یا ان کے حواریوں نے رہبانیت کو کبھی بھی بطور قانون نافذ کرنے کی ہدایت نہیں کی یہ ایک ظالمانہ قانون ہے اور اسے ختم کر دینا چاہیئے۔

یہ مطالبہ ایک کیتھولک پادری نے ایک طویل مضمون میں کیا ہے جو انگلستان کے مشہور اخبار لندن ٹائمز ۱۴ دسمبر ۱۹۶۸ء میں شائع ہوا ہے اسی مضمون کا ترجمہ قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔

پادری صاحب لکھتے ہیں:- مغربی طرز فکر کے کیتھولک چرچ کے عقیدے کے مطابق ایک پادری کے لئے لازمی ہے کہ وہ رہبانیت کی زندگی بسر کرے بصورت دیگر اسے چرچ سے علیحدگی اختیار کرنی پڑتی ہے۔ ایک ایسے چرچ سے وہ والہانہ محبت کرتا ہے اور اسے مسیح اور کنواری مریم کا حقیقی مذہب سمجھتا ہے۔

اگرچہ حضرت مسیح اور سینٹ پال نے غیر مبہم طور پر رہبانیت کی تلقین کی ہے لیکن یہ تلقین بھی صرف انہیں لوگوں کے لئے ہے جو کہ رضاکارانہ طور پر اسے اختیار کرنا چاہتے ہیں اور سمجھتے ہوں کہ وہ غیر متاہل زندگی بسر کرنے کی قوت رکھتے ہوں۔ ورنہ نہ تو حضرت مسیح نے اور نہ ہی سینٹ پال یا کسی حواری نے اسے لازمی قرار دیا ہے اس کے برعکس انہوں نے انتہائی واضح الفاظ میں اسے رضاکارانہ فعل قرار دیا ہے کیونکہ اگر مذہب خالق ہے اور اس کے بندوں کے درمیان ایک رشتۂ الفت کا نام ہے تو پھر اس رشتہ کا بندھن اور اس کی استواری لازمی طور پر آزادانہ اور انسان کے اندرونی جذبۂ روحانیت کے تحت ہونا چاہیئے۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا الفت و محبت کو جبراً دلوں پر مسلط کیا جا سکتا ہے۔

حقیقی رہبانیت، خدائے تعالیٰ کے حضور مکمل اور غیر مشروط اطاعت کا نام ہے یا اسے آپ ایک روحانی شادی کا نام بھی دے سکتے ہیں یا اسے آپ خدائے تعالیٰ سے انسانی محبت کا کمال بھی کہہ سکتے ہیں بشرطیکہ اسے اختیار کرنے والا مرد یا عورت خدائے تعالیٰ سے جس کی وہ عبادت کرتا ہے اور جسے وہ تو دیکھ نہیں سکتا لیکن اپنی عبادت سے اسے اپنے پاس موجود پاتا ہے۔ اس محبت کے کمال کو حاصل کرنے کے لئے رضاکارانہ طور پر شادی سے پرہیز کرتا ہے لیکن جب یہ حقیقت ہے کہ جبر سے محبت کو حاصل نہیں کیا جا سکتا تو پھر کیتھولک چرچ کے کرتا دھرتا لوگوں کو یہ حق ہو پہنچتا ہے کہ وہ ایک ایسے فعل کو جو محبت اور الفت کی پیداوار ہے اور ایک سخت گیر اور بے لچک اور جابرانہ قانون کی شکل دے دیں جس سے چھٹکارا صرف اسی صورت میں ہو سکتا ہے جبکہ ایک پادری اپنی عزیز ترین ذاتی مذہبی پیشوائی رہنمائی کو قربان کرنے کے لئے تیار ہو جائے۔ کیا ایسی محبت جو انسان پر اس کی مرضی کے بغیر جبراً مسلط کی گئی ہو۔ خدائے تعالیٰ کی نظروں میں کوئی وقعت رکھتی ہے؟ چرچ کے ناخداؤں کے لئے یہ کس طرح جائز ہے کہ مسیح کی اس خواہش اور دعوت کو ایک ایسا رنگ دیدیں جو مسیح کے وہم و گمان میں کبھی نہیں تھا اور وہ بھی اس صورت میں جبکہ خود ان کا منصب اور ان کے فرائض اس بات کے متقاضی ہیں کہ وہ لوگوں کے دلوں میں تبلیغ اور ترغیب کے ذریعہ خدائے تعالیٰ کی محبت پیدا کریں۔

میں ایک ایسے راہب کی حیثیت سے یہ سطور لکھ رہا ہوں جو اس قانون سے بری طرح متاثر ہوا ہے ایک ایسے انسان کی حیثیت جس کی امنگیں اور قوت عمل آہستہ آہستہ ختم ہو رہی ہیں۔ اور جو یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کے دل اور دماغ کو جمالیاتی حس اور جذبات کی گرمی سے محروم کر دیا گیا ہے بالکل اسی طرح جس طرح موسم خزاں میں کسی درخت کو اس کے ہرے بھرے پتوں سے محروم کر دیا گیا ہے میں جانتا ہوں کہ وہ لوگ جو رہبانیت پر یقین رکھتے ہیں مجھے کیا جواب دیں گے؟ ان کا سب سے بڑا اعتراض یہی ہوگا کہ جب میں نے اپنے آپ کو مذہبی تعلیم اور پادری کے پیشے کے لئے پیش کیا تو کیا مجھے علم نہیں تھا کہ مغربی طرز فکر کے کیتھولک چرچ میں ایک پادری کو مجرد زندگی گذارنی پڑتی ہے؟ لیکن کیا یہ اعتراض اس قدر وزنی ہے کہ اسی کی بنیاد اسی ظلم و تعدی کو روا رکھا جا سکے؟ جو لوگ ایسا سمجھتے ہیں میں ان کے خلاف شدید احتجاج کرتا ہوں۔ آخر ایسے قانون کی ضرورت ہی کیا ہے اور اگر اس قانون کو بنایا ہی گیا تھا تو اس کو سخت اور جامد کیوں بنایا گیا ہے؟ جبکہ دوسرے عیسائی فرقوں مثلاً اینگلیکن، ارتھوڈکس اور خود کیتھولک چرچ کے مشرقی طرز فکر والے فرقے میں پادریوں کی شادی کی اجازت ہے۔ اور متاہل زندگی ان کے فرائض مذہبی پر کس طرح اثر انداز نہیں ہوتی۔ آخر وہ کون سی بنیاد ہے جس پر چرچ اس قانون کو صحیح کہہ سکتا ہے جبکہ یہ قانون خود رہبانیت کے حقیقی مفہوم اور مجرد زندگی گزارنے کے لئے مسیح کی تعلیم سراسر منافی ہے۔ آخر وہ کون سی ہستی ہے جس کا کہنا قانون کی حیثیت رکھتا ہے کیا خود مسیح کا قائم کردہ چرچ مسیح کی تعلیم کے خلاف جا سکتا ہے؟

یہ کہنا مجھے یا کسی اور شخص کو جو پادری بننے کے لئے تعلیم حاصل کرتا ہے اس بات کا علم ہوتا ہے کہ اس کے پیشے کے ساتھ کیا ذمہ داریاں وابستہ ہیں قطعی غلط ہے کیونکہ جب تک تعلیم کے بعد عملی طور پر ان امور کی سرانجام دہی کا بار کسی کے کندھوں پر نہیں ڈالا جا سکتا اسے نہ تو یہ علم ہوتا ہے کہ پادری بننے کے ساتھ کن ذمہ داریوں کو اسے قبول کرنا ہوگا اور نہ ہی دوران تعلیم اسے ان ذمہ داریوں کے متعلق کچھ بتایا ہی جاتا ہے تاکہ وہ اس سے قبل اپنے ذہن میں ان کا کوئی تصور لا سکے۔ ان اداروں میں جہاں رہبانیت کی تعلیم دی جاتی ہے صبح و شام صرف عیسائی دینیات ہی پڑھائی جاتی ہے۔ ہماری سرگرمیوں کا دائرہ کلاس روم یا لیکچر ہال کے صرف ایک

ڈیک تک محدود ہوتا ہے اور اس میں پادری کے عملی فرائض کی اس بنیاد میں داخل ہونے کے بعد میری ضروریات کیا ہوں گی ان کا احساس اس وقت ہوا کہ میں اور میری ہی طرح ۱۱-۱۲-۱۳ سال کے وہ بچے جو پادریت کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے سیمنری میں داخلہ لیتے ہیں کس طرح ظالمانہ نظام کا شکار بنائے جاتے ہیں اس سیمنری میں ایک طالب علم ۱۰-۱۵ سال تک زندگی گزارتا ہے - تجرد کی زندگی کا خوگر بنانے کے لئے اس سے بہتر اور کیا طریق اختیار کیا جاسکتا ہے؟

رہبانیت، تنہائی اور زندگی :- یہ وہ زمانہ تھا جب مجھے تنہائی کا کچھ احساس نہ تھا - ایک ایسی تنہائی جو آج میری روح کو کھا رہی ہے اس وقت جبکہ میں بے شمار زندہ دلوں میں گھرا ہوا ہوتا تھا مجھے اس زندگی کا تصور بھی نہیں ہو سکتا تھا تو مجھے اس زندگی میں صبح سے شام تک کام کرنے کے بعد انسان ایک ایسے کمرے میں داخل ہوتا ہے جہاں چند جامد اشیاء کے سوا زندگی کی کوئی حرارت نہیں ہوتی - اس وقت مجھے بالکل یہ خیال نہ تھا کہ مجھے کسی ساتھی کی جو صرف میرا رفیق کار نہ ہو بلکہ ایسا جو میری روح اور میرے جیون کا ساتھی ہو اور آج جب مجھے اپنی اس ضرورت کی حقیقت کا علم ہوا ہے میں اس سفر میں بہت دور نکل آیا ہوں نہ مجھے یہ احساس ہی نہ تھا کہ میرے دل میں یہ کتنی تڑپ ہے کہ میں بھی کسی عورت سے محبت کروں اور کوئی عورت مجھ سے محبت کرے مجھے اس بات کی پرواہ نہیں کہ کوئی میری اس تحریر کے جذباتی ہونے کا فتوی دیدے اور اسے لغویات میں شمار کرے - یہ میرے دل کی آواز ہے اور میں اسے دبا نہیں سکتا - اگر یہ جذبہ غلط ہے تو پھر انسانی فطرت بھی ایک ڈھونگ ہے - کچھ لوگ ایسے بھی ہونگے جو اسے جنسیات کہکر مسترد کر دیں گے - میں اعتراف کرتا ہوں کہ یہ جنسی جذبہ اور یہ ضرورت میرے جسم کا ایک حصہ ہے ایک زمانہ تھا جب میں جوان تھا اور جوانوں کی طرح اس خواہش کا شدت سے شکار تھا - لیکن اب یہ خواہش کسی اور چیز کا صرف ایک حصہ بن کر رہ گئی ہے ایک ایسی چیز کا جسے میں اب بہت شدت سے محسوس کرتا ہوں یعنی اس خواہش کا جس میں میں چاہتا ہوں کہ ایک عورت میری قریب ترین ساتھی ہو جسے میں محبت کروں جو مجھ سے محبت کرے جو میری رفاقت میں خوشی محسوس کرے اور میں جس کی رفاقت میں مسرت حاصل کروں اور جس کی زندگی اور بہتری میں شریک ہو سکوں صرف ایک ظالم اور ناقابل رحم ذہن یہ فرض ادا کر سکتا ہے کہ شادی صرف جنسی رفاقت کا ہی نام ہے -

میں اس سے بھی زیادہ یہ اعتراف کر سکتا ہوں کہ ایک وحشتناک تنہائی کا شکار ہوں - یہ ایک ایسی تنہائی جو میرے دل اور دماغ پر چھا چکی ہے اور جسے کوئی دعا اور کوئی مذہب عبادت دور نہیں کر سکتی یہ ایک ایسی تنہائی ہے جو میری روح کو کھا رہی ہے اور میری پیشہ ورانہ سرگرمیوں کیلئے جن جوش اور جذبے کی ضرورت ہے اسے سرد کر رہی ہے یہ میرے اندر ایک لامتناہی کشمکش کی ذمہ دار ہے - اور ایک مسلسل تاریکی بنکر میرے ذہن پر چھا چکی ہے میں نہیں جانتا اس اذیت کو میں کب تک برداشت کرتا رہوں گا - میرے پاس اس سے چھٹکارا پانیکا کوئی ذریعہ ایک عورت سے محبت کرنا اور اس سے شادی کرنا ایک ایسا جرم ہے جسمیں مجھے اپنی پادریت کی قبا سے محروم کر دیا جائیگا اور جسکی سزا کی تکمیل کیلئے مجھے اذیت کے ایک طویل دور سے گزرنا پڑیگا لیکن ان تمام خواہشات تمام تنہائیوں اور ضرورتوں کے باوجود مجھے اپنی موجود مذہبی حقیقت سے محبت ہے میں یہ یقین رکھتا ہوں کہ یہ میری فطرت اور رجحانات کے عین مطابق ہے میں خدا تعالیٰ کے بندوں کو اس کے دین کی تعلیم دیکر اسکے سکون بخش اور پر اثر تقویت کلام کو سنا کر انکی خدمت کرنا چاہتا ہوں - یہ میری زندگی ہے لیکن اس جابر قانون کے تحت اس زندگی کا مطلب صرف یہ ہے کہ میں اس محبت سے اپنے آپ کو محروم کر دوں جس کی مجھے آج اتنی ہی ضرورت ہے جتنی ایک غرق شدہ انسان کو ہوا کی - اس کا مطلب ہے کہ میں لوگوں کی دینی رہنمائی کا فرض تو ادا کرتا رہوں لیکن خود میری حالت انسان کی ہو جسکی روح مر چکی ہے اور جس کے دل میں نہ کوئی خوشی ہو نہ کوئی امنگ اور نہ ہی کام کرنے کے لئے کوئی جذبہ - مسیحی چرچ اس قدر ظالم بھی ہو سکتا ہے؟ میں شادی نہیں کر سکتا اس لئے کہ میں ایک معصوم لڑکی کو اس مصیبت میں مبتلا نہیں کرنا چاہتا جو زندگی میں ناکام پادریت سے خارج کئے ہوئے انسان کے ساتھ وابستہ ہونیوالی لڑکی کو پیش آئے گی جو اس کی گھریلو زندگی کو عذاب مسلسل بنا دے گی - صرف ایک ہی راستہ میرے لئے کھلا ہے کہ میں اسطرح اپنی زندگی بسر کرتا ہوں لیکن مجھے اندیشہ ہے کہ اس طرح ہر دن جو گزرے گا اور ہر رات جو بیتے گی میری تنہائی میں اضافہ کا باعث بنینگے - محرومیوں کے احساس کی تلخی کو بڑھائیں گے اور میرے دل کی امنگوں سے حرارت چھین کر مجھے شکست خوردہ انسان کی شکل میں تبدیل کر دیں گے بظاہر کئی مسرت لمحات بھی آئیں گے لیکن یہ اندرونی تباہی کا سلسلہ ناگزیر ہے - میں اس وقت شدت سے محسوس کرتا ہوں کہ کوئی چیز ہے جسکے بغیر میں زندگی نہیں گزار سکتا جسکے بغیر میں مرجھاتا چلا جاؤں گا اور آہستہ آہستہ میری جذباتی حالت اس برف کی مانند ہو جائے گی جو ایک خاموش اور افسردہ جھیل پر چھا چکی ہو اس خزاں کی مانند میرا حشر ہوگا جو انگلستان پر چھا جاتا ہے لیکن جس میں بعض ایام ایسے بھی آتے ہیں جو سورج پوری تابناکی سے طلوع ہوتا ہے اور لوگوں کو گذرے ہوئے موسم بہار کی یاد دلاتا ہے لیکن اس کے بعد پھر سرد ہواؤں کے ساتھ دھند اور کہر کی گھٹا چھا جاتی ہے -

میری خود اعترافی ہے - میں یہ نہیں کہتا کہ کیتھولک چرچ کے سب پادری میری طرح ہی محسوس کرتے ہیں لیکن یہ حقیقت ہے کہ ان میں سے بعض خلوص دل سے یہ تسلیم کریں گے کہ وہ بھی میری طرح اس ظلم کے شکار ہیں میں ان کی صحیح تعداد متعین نہیں کر سکتا ممکن ہے کہ یہ تعداد بہت تھوڑی ہو مجھے یہ بھی تسلیم ہے کہ کئی پادری ایسے ہیں جو راہبانہ زندگی کو پرمسرت قرار دیتے ہیں وہ مسیح اور اس کے بتائے مذہب سے حقیقی وابستگی کے لئے اسے ضروری سمجھتے ہیں اور ان کے بقول اسی طفیل روح مقدس ان کے دلوں میں جاگزیں ہوتی ہے لیکن مجھے تو اپنی تکلیف کا اظہار کرنا ہے اپنے دکھ درد کو بیان کرنا ہے میں وہ انسان ہوں جو نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن کا شکار ہوا ہوں -

چرچ اپنے اندر کوئی لچک پیدا نہیں کریگا - کم از کم مجھے یقین ہے کہ اس وقت تک اس میں کوئی لچک پیدا نہیں ہوگی جب تک کہ میں بوڑھا نہ ہو جاؤں، میری تنہائیوں اور محرومیوں کی شدت میں اضافہ نہ ہوجائے اور اس قابل نہ رہوں کہ ایک پر راز زندگی بسر کر سکوں چرچ کے ناخداؤں کے سامنے اصول ہے جسے انہوں نے قانون کی شکل دے دی ہے اور جسے وہ ایک پادری کی روحانی زندگی میں پرواز کے لئے اور پادریت کے تقدس کیلئے مفید سمجھتے ہیں انکا یہ عقیدہ ہے کہ چرچ کے فائدے کیلئے ایک فرد کو کل کے لئے جزو کو اور جسم کے لئے ایک عضو کو قربان کیا جاسکتا ہے قربانی کی اس آماجگاہ میں یہ شمع مدتوں سے جل رہی ہے اور چونکہ پادری کو صرف ایک چلتا پھرتا جذبات سے عاری انسان تصور کیا جاتا ہے اس لئے اس شمع ماضی میں ہمیشہ اس کی شکل میں ایندھن ملتا رہا ہے اور مستقبل میں بھی ہمیشہ ملتا رہے گا یہ ان کی قسمت بن چکی ہے گو میں یہ یقین رکھتا ہوں کہ مسیح نے کبھی کبھی قربانی کی اس آماجگاہ کی تعمیر نہیں کی تھی اور کبھی بھی اس شمع کو جلانے کے لئے نہیں کہا تھا -

مغرب میں مشرق کی جھلکیاں

(مولانا ابراہیم عمادی ندوی مصنف سیرۃ خاتم النبیین وعلم شہرت)

اعتراف حقیقت:۔ عالم اسلام علوم وفنون کا محور بنا ہوا تھا۔ اور تشنہ لب دنیا اپنی علمی تشنگی بجھانے کے لئے اس طرف دوڑ رہی تھی۔ یورپ کی یہ حالت تو صدیوں تک قائم رہی۔

اس قدیم دور کی علمی ترقیوں کا مختصر سا خاکہ یہاں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ دانشوروں کے خیالات یہاں درج کئے جائیں جو انہوں نے اپنی تصنیفات میں مسلمانوں کی علمی تحقیقات اور کدوکاوش کے بارے میں ظاہر کئے ہیں۔

یوں تو ملکی تعصب اور قومی تنگ نظری اہل یورپ کا فطری خاصہ ہے لیکن پھر بھی کہیں نہ کہیں ان کے قلم نے انصاف کی بات لکھدی ہے یا پھر مجبوراً لکھنا پڑا ہے۔

مشرق میں مسلمانوں کی تہذیب وثقافت عروج پر تھی اور سچی انسانیت فروغ پا رہی تھی یورپ پر اس وقت جہالت کا سایہ پڑ رہا ہے وہ اسلامی تہذیب وثقافت سے بدرجہا غایت متاثر تھا۔ اگرچہ پاپائے روم مسلمانوں کا سخت مخالف تھا۔ پاپائے روم اربن نے ۲۶ نومبر ۱۰۹۵ء میں مشرق فرانس کے شہر کلومونٹ سے تقریر کرتے ہوئے مجاہدین سے صاف الفاظ میں کہا:۔

"مذبح مقدس کی طرف جانے والے راستوں پر ڈٹ جاؤ اور نابکاروں (مسلمانوں) کی نسل سے لڑو اسے اپنا غلام بنالو۔ یاد رکھو ساری دنیا میں خدا کی مشیت یہی ہے۔"

لیکن یورپ کے بادشاہ اور عوام اس قدر بے تاب تھے کہ وہ جلد سے جلد اسلامی علوم وفنون اور ثقافت کو جذب کر لینا چاہتے تھے۔

یورپ میں اسپین کے بعد جزیرے صقلیہ (سسلی) کو مسلمانوں نے ۸۲۷ء میں مکمل طور پر فتح کر لیا تھا اور ۱۸۹ سال تک مسلسل یہاں مسلمانوں کی حکومت قائم رہی۔ اس علاقے کا صدر مقام پلیرمو (PALERMO) تھا۔

مسلمانوں پر جب زوال شروع ہوا تو جزیرہ صقلیہ بھی عربوں کے ہاتھوں سے نکل گیا اور نارمنوں نے تخت وتاج سنبھالا۔

فاتح نے مفتوح کے علوم وفنون اور تمدن وثقافت سے پورا پورا فائدہ اٹھایا اور اپنے میں جذب کر لیا۔ آہستہ آہستہ وہاں ایک نئے آرٹ نے جنم لیا جس میں آج بھی اسلامی آرٹ کے خدوخال نمایاں نظر آتے ہیں۔

حکمراں طبقے نے اگرچہ بالعموم اسلامی آرٹ کے نشانات کو مٹانے کی کوششیں کیں لیکن پھر بھی عام خاکے اور تہذیب کی روح اس بات کی غمازی کرتی رہی کہ اصل چیز کچھ اور ہے۔ کہتے ہیں کہ راجر اول ۱۱۰۱ء کی پیدل فوج میں بہت سے مسلمان تھے بلکہ ریاست کے بعض اہم عہدوں پر مسلمان افسران فائز تھے۔ راجر اول نے عرب علوم وفنون کو ہاتھوں ہاتھ لیا۔ اس نے اپنے دربار میں مسلمان اہل علم مفکروں اور ہیئت دانوں اور طبیبوں کو عزت کے ساتھ جگہ دی۔

یورپ کی قدیم ترین دستاویزوں میں راجر اول کی ایک دستاویز بھی ہے یہ ایک فرمان ہے جو راجر کی ملکہ نے یونانی اور عربی دونوں زبانوں میں ۱۱۰۹ء میں جاری کیا تھا۔

راجر دوم ۱۱۳۰ء تا ۱۱۵۴ء کے عہد میں صقلیہ نے اسلامی آرٹ کی رہنمائی میں بہت ترقی کی۔ مورخین لکھتے ہیں کہ راجر دوم مسلمانوں کی معاشرت اور لباس کو بہت پسند کرتا تھا اور اکثر مسلمانوں کا لباس زیب تن کئے رہتا تھا۔ اس بادشاہ کی شاہی عبا عربی طرز کی تھی اور عربی نقش ونگار سے مزین ہوتی تھی۔

اندلس کا مسلمان سیاح ابن جبیر جب صقلیہ پہونچا تو اس وقت راجر دوم کے پوتے فریڈرک دوم کی حکومت تھی اس نے جن خاص باتوں کا ذکر کیا ان میں ایک بات یہ بھی تھی کہ افرانی عورتیں اسلامی لباس پہنتی ہیں۔

راجر دوم نے اپنے عہد کے مسلمان جغرافیہ داں الادریسی کی بڑی قدر ومنزلت کی تھی اور شاہانہ تحائف سے نوازا تھا۔ راجر دوم کا پوتا فریڈرک دوم زبردست بادشاہ گزرا ہے یہ صقلیہ کے علاوہ جرمنی کا بھی حکمراں تھا اور بیت المقدس بھی اسی کے قبضے میں آگیا تھا ۱۲۲۰ء میں فریڈرک دوم نے روم کے شہنشاہ کا لقب اختیار کر لیا تھا کہتے ہیں کہ اس زمانے کی نصرانی دنیا میں سب سے زیادہ ہوشمند اور طاقت ور اور مہذب شہنشاہ فریڈرک دوم کی تھی۔ شہنشاہ فریڈرک اسلامی تصورات اور اسلامی ثقافت سے بہت متاثر تھا اس کی خانگی اور سرکاری زندگی نیم مشرقی تھی اس کا شاہی دربار ملک شام اور بغداد کے دراز ریش اور ڈھیلی ڈھالی عبا پہننے والے حکمار فلسفیوں اور مفکروں سے بھر ارہتا تھا شہنشاہ فریڈرک دنیائے اسلام سے بڑی دلچسپی تھی بادشاہ مصر سے اس کے گہرے تعلقات تھے اسلامی ممالک کے ہنرمندوں اور کاری گروں کو وہ اکثر دعوت دیتا اور ان کی بڑی قدر ومنزلت کرتا تھا۔

کہتے ہیں کہ شہنشاہ فریڈرک نے شتر مرغ کے انڈوں سے بچے پیدا کرنے کا تجربہ کرنے کے لئے مصر سے مسلمان ماہرین کو بلوایا اور یہ تجربہ دیکھا۔ شہنشاہ فریڈرک کو مطالعہ قدرت سے بڑی دلچسپی تھی۔ شہنشاہ نے بازوں کو تربیت دینے کے لئے ملک شام سے ماہر شاہین بازوں کو دعوت دی۔ شاید قدرت کا دلدادہ شہنشاہ یہ معلوم کرنا چاہتا تھا کہ شاہین کی آنکھوں پر جو پٹی باندھ دی جاتی ہے تو دیکھے بغیر وہ محض قوت شامہ کے ذریعہ اپنی غذا کا پتہ کیسے چلا سکتا ہے۔

جزیرہ صقلیہ کے مسلمان بادشاہوں کے شاہی محلات مسلم آرٹ کا نمونہ تھے کہا جاتا ہے کہ دارالسلطنت بالرمو (بلرم) کے ایک کارخانے میں مسلمان حکمرانوں اور امراء کے لئے اعلیٰ قسم کے کپڑے تیار ہوتے تھے پارچہ بافی کا کارخانہ شاہی ضروریات کو پورا کرتا تھا۔ مورخین لکھتے ہیں کہ یورپ کے اکثر بادشاہوں کی خلعتیں بھی تیار ہوتی تھیں۔ یہ خلعتیں عربی تحریروں سے مزین ہوتی تھیں۔ یورپ کے بادشاہ اور امراء ان خلعتوں کو بہت پسند کرتے تھے مسلم ممالک کے تیار کردہ کپڑوں کی مانگ بھی بہت تھی یورپ کے بازار مشرق کے خوبصورت اور ملائم کپڑوں سے بھرے پڑے تھے۔

امریکی پروفیسر فلپ لکھتا ہے کہ:۔

مسلم ممالک کے کپڑے یورپ میں اس قدر مقبول تھے کہ کوئی یورپی باشندہ جب تک ایک مشرقی پوشاک زیب تن نہ کر لیتا اسے اپنی خوش پوشاکی کا کبھی اطمینان نہ ہوتا تھا۔ وینس (   ) کا متمول ترین شہر پندرھویں صدی میں اسلامی آرٹ کو بڑی تیزی سے اختیار کرتا جاتا تھا اسلامی ممالک صنعت یہاں بے حد مقبول ہو گئی تھی شہر وینس سونے چاندی، سرخ تانبا اور پیتل کے خوبصورت برتنوں کی مرصع کاری میں بہت شہرت حاصل کر لی۔ یہ مرصع کاری کی صنعت مشرق کی خاص چیز تھی اور مسلمان فنکار

اور ہنر مند یہاں لائے تھے وینس کے لوگوں نے ان ہنر مندوں کی بڑی قدر کی اور ان سے یہ ہنر یورپ میں پھیلا۔

علوم و فنون کی ترقی نے مشرق میں جلد سازی کے فن کو بھی ایک آرٹ بنا دیا تھا اور اس میں بڑی جدتیں پیدا کی تھیں نہایت عمدہ چمڑے کی خوبصورت جلدیں سونے چاندی کے بیل بوٹوں سے تیار ہوتی تھیں۔ یورپ میں بہت مقبول ہوئیں اور مقدس بائیبل پر بھی جلدیں چڑھائی جانے لگیں۔

جلد سازی کا یہ فن مسلمان ہنر مندوں نے صقلیہ سے اٹلی پہونچایا اور وہاں سے پورے یورپ میں یہ صنعت پھیل گئی چنانچہ اس زمانے میں عیسائیوں کی بڑی بڑی کتابیں اور مقدس بائیبل کی جلدیں اسلامی آرٹ کی ہنر مندی کا نمونہ نظر آتی ہیں کتاب کو محفوظ رکھنے کے لئے جو جلد کا ایک ٹکڑا موڑ دیا جاتا ہے یہ خاص مسلمان جلد سازوں کی ہنر مندی کی ایجاد ہے

چمڑے کی مصنوعات تہذیب و تمدن میں بڑی اہمیت رکھتی ہے کہتے ہیں کہ چمڑے کی دباغت کا فن اسلامی مراقش کی خاص صنعت تھی۔ مراقش کے مسلم کاریگروں نے اس فن میں کمال پیدا کیا تھا۔ چمڑے کی اس صنعت کو یہاں سے فرانس اور انگلستان والوں نے دیکھا اور اپنے ملک میں فروغ دیا۔

مراقش کی اسی نسبت سے عمدہ سمجھائے ہوئے اعلیٰ قسم کے چمڑے کو اہل یورپ مرکو (MORO COA) کہتے ہیں۔

شہر قرطبہ بھی چمڑے کی صنعت میں مشہور تھا۔ ایک خاص قسم کے چمڑے کا نام اسی نسبت سے (CARDWAINER) یا (CORD VAN) کہتے ہیں۔

حکومت میں سکہ کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ شمال کی عیسائی حکومت کو تقریباً چار سو سال تک خوبصورت عربی سکے رائج تھے جو یورپ نے عربی سکوں کے مشرقی نمونوں پر سونے اور چاندی کے خوبصورت اور سبک سکے ڈھلتے تھے اور یورپ کی حکومتوں میں اس کے بعد یہ سکے رواج پا گئے۔

یورپ کی قدیم عمارتیں بھی اسلامی آرٹ کی غمازی کرتی ہیں۔ پالاٹن (PALATIN) FCHAPPL کے شاندار کلیسا کو نظر غور سے دیکھا جائے تو اس کا طرز تعمیر ہیں اور خوبصورت کتبات اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ اس کی تعمیر میں مسلم آرٹ کو سامنے رکھا گیا ہے اور یہ عمارتیں مسلم آرٹ اور فن کا اعلیٰ نمونہ ہیں۔

تعمیر کے فن میں اسلامی قرطبہ کا ایک اچھوتا کارنامہ یہ تھا کہ وہاں کے کاریگروں نے لداؤں اور چھتوں کی وہ طرز ایجاد کی ہی جس میں چھتوں کو اور نمایاں منقاطع کڑیوں پر قائم کیا گیا تھا یہ اور اسی قسم کے اور بھی تعمیری آرٹ اسلامی قرطبہ کی خاص ایجاد ہیں فن تعمیر کو بہت فروغ ہوا اور پھر یہاں سے یہ تعمیری آرٹ یورپ والے لے گئے طب کے فن کو مسلمانوں نے درجہ کمال کو پہونچایا تھا کیونکہ خدمت خلق کا یہ بہترین ذریعہ ہے اور رسول پاک نے اس فن کی تعریف فرمائی تھی۔ دوا خانوں اور شفا خانوں (اسپتالوں) کا قیام ترویج و اشاعت بھی مسلمانوں کی خاص دین ہے۔

مشرق کے اثرات جب یورپ پہونچے تو اہل یورپ رفاہ عام کے کاموں کی طرف بھی متوجہ ہوئے اور خدمتی ادارے قائم کئے یہ ادارے محتاج خانے اسپتال اور ہر قسم کے مریضوں کے لئے شفا خانوں پر مشتمل تھے۔ پروفیسر خلیب لکھتا ہے کہ یورپ میں باقاعدہ شفا خانوں کی تحریک بارہویں صدی میں اسلامی مشرق سے آئی اسی طرح مسافر

صحت بخش غسل خانوں کا رواج یعنی حمام خانے بھی اسلامی مشرق کی خاص چیز ہے جو یورپ میں مقبول ہو کر رواج پا گئی اسلامی ممالک میں فتح کے موقع پر نماز شکرانہ ادا کی جاتی اور خوشی میں چراغاں ہوتے تھے جشن فتح کے وقت چراغاں کرنے کی رسم بھی اسلامی مشرق سے یورپ میں آئی۔ خوشیوں کے خاص خاص موقع پر رات کے وقت روشنی میں مردانہ کھیلوں کا رواج اسلامی مشرق میں بہت مقبول تھا جب اہل یورپ نے اسے دیکھا تو اسے بھی پسند کیا اور اپنے ملک میں رات کے وقت روشنی میں مردانہ کھیلوں کا رواج دیا۔

بقیہ علم جفر

ایک بات اور رہ گئی وہ یہ کہ اس نقش میں (۳۰) کم کرنے کے بعد تقسیم پوری ہو گئی ہر عدد میں یہ بات ممکن نہیں چار سے تقسیم کرنے کے بعد کبھی ایک کبھی دو اور کبھی تین باقی بچ سکتے ہیں ایسی صورت میں نقش پر کرتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ اگر ایک بچے تو تیرھویں، دو بچے تو نویں اور تین بچے تو پانچویں خانے میں ایک عدد کا اضافہ کیا جائے مثلاً پانچویں خانے میں ایک عدد کا اضافہ کرنا ہے تو موجودہ عدد (۳۹۹) کی جگہ پر (۴۰۰) لکھا جائے گا پھر اگلے خانے میں ۴۰۱، ۴۰۲ وغیرہ لکھ کر نقش کو پورا کریں گے میں سمجھتا ہوں کہ اب اس تشریح کے بعد کوئی چیز تشنہ نہیں رہ جاتی خدا کرے قارئین اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکیں

ابجد قمری توضیح اور افادیت

حروف نورانی کی توضیح و تشریح کے بعد ضروری ہے کہ ابجد قمری کے بارے میں بھی لکھا جائے۔ ابجد قمری جس کا پہلا حرف "الف" اور اٹھائیسواں غین ہے یہ تمام حروف اسی ترتیب سے چاند کی اٹھائیس منزلوں سے متعلق ہیں چنانچہ پہلا حرف الف چاند کی پہلی منزل شرطین سے تعلق رکھتا ہے اس کے اعداد مکتوبی ایک ہیں اور ملفوظی ایک سو گیارہ ہیں مزاج اس کا آتشی ہے حُب کی عظیم تاثیر رکھتا ہے اس حرف کے اعداد ملفوظی (۱۱۱) اور نیز طالب و مطلوب کے نام مع ان کی والدہ کے اعداد کو جمع کیا جائے اور اس سے نقش مربع پر کیا جائے نقش کے چاروں طرف (۱۱۱) الف لکھے جائیں اس نقش کا فلیتہ بنایا جائے اور مٹی کے سکورے پر بھی یہی نقش لکھ کر اس میں چنبیلی کا تیل ڈال کر یہی فلیتہ جلایا جائے فلیتہ کا رخ خانہ محبوب کی طرف ہو اور طالب یا ودود یحق الف نقش کے اعداد کے مطابق پڑھے جائیں سات دن تک یہ عمل پڑھا جائے مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو گا اگر پہلے ہفتے میں نہ ہو تو دوسرے ہفتے میں اسی طرح عمل کرے جائے انشاء اللہ مقصد براری ہو گی۔

اس محل پر یہ لکھنا ضروری ہے کہ یہ سارے اعمال جائز امور کے لئے کئے جائیں ناجائز اور حرام امور میں اس کے استعمال سے اجتناب کیا جائے کیوں کہ اللہ پاک کا کلام ہے اور ہم اسی کے توسط سے دعا کرتے ہیں تو پھر ہماری نیت بھی پاک ہونی چاہیے لیکن اگر ایسا ہو تو پھر انشاء اللہ کامیابی قدم چومے گی۔

اچھی غذا صحت کی ضامن ہے

(مولانا ابراھیم عمادی ندوی جامعی، فاضلِ ادب لکھنؤ)
(مصنف سیرۃ خاتم النبین وعلم شہریت)

انسان اور غذا

اچھی غذا کی ضرورت اور فائدے:- اللہ تعالیٰ نے روشنی ہوا اور پانی کے ساتھ قسم قسم کی اچھی غذائیں بھی انسانوں کیلئے کثرت سے پیدا کی ہے مثلاً اناج پھل اور سبزی ترکاری، دودھ، مکھن اور گوشت وغیرہ

خالص، اچھی اور مناسب غذا انسانوں کے لئے نہایت ضروری ہے اسکے بغیر جسم کی پرورش نہیں ہو سکتی، طاقت اور تندرستی قائم رکھنے کیلئے خالص عمدہ اور مناسب غذا کا استعمال لازم ہے۔

خالص، عمدہ اور مناسب غذا سے یہ چار قسم کے فائدے حاصل ہوتے ہیں

(۱) جسم کی پرورش ہوتی ہے اور جسم بڑھتا ہے اعضا ترقی کرتے ہیں۔

(۲) کام کرنے اور چلنے پھرنے سے طاقت میں کمی پیدا ہو جاتی ہے وہ غذا سے پوری ہو جایا کرتی ہے۔

(۳) جسم میں حرارت اور گرمی پیدا ہوتی ہے جو جسم کی قوت کو قائم رکھتی ہے

(۴) جسم میں بیماریوں سے بچنے کی قوت پیدا ہوتی ہے اور ایسی غذا جسم کی اچھی اصلاح بھی کرتی ہے۔

غذا کی قسمیں:- اللہ تعالیٰ نے یہ تین قسم کی غذائیں پیدا کی ہیں جو ہمارے کام آتی ہیں۔

۱۔ نباتاتی غذائیں، جیسے ہر قسم کے اناج، پھل اور سبزی ترکاریاں وغیرہ
۲۔ حیوانی غذائیں جیسے گوشت، انڈا، مچھلی، دودھ اور اس سے بننے والی چیزیں
۳۔ معدنی غذائیں نمک جو کھانے میں پڑتا ہے نیز وہ نمک بھی جو پھل اور سبزی ترکاریوں میں قدرتی طور پر پایا جاتا ہے۔

ہماری غذاؤں میں یہ تینوں اقسام کی چیزیں شامل ہوتی ہیں لیکن یہ غذائیں بھی مرکب ہیں یعنی اس میں بہت سی غذائی اجزا جو پائے جاتے ہیں جو ہمارے لئے ضروری ہیں

ہماری غذا میں خاص خاص فائدے والے اجزاء

ہم جن غذاؤں کو استعمال کرتے ہیں ان سے کئی طرح کے غذائی اجزاء (غذائیت) ہم کو حاصل ہوتے ہیں جن سے ہمارے جسم کی صحیح پرورش ہوتی ہے خون اور گوشت بڑھتا ہے اور دوسرے فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

کسی غذا میں یہ غذائیت پانچ قسم کی ہوتی ہے۔

(۱) پروٹین:- خون اور گوشت پیدا کرنے والی غذائیت۔
(۲) جسم کے لئے چربی اور روغن مہیا کرنے والی غذائیت۔
(۳) جسم کیلئے شکر اور نشاستہ مہیا کرنے والی غذائیت۔ (کاربوہیڈر)
(۴) جسم کے لئے ضرورت بھر نمک مہیا کرنے والی غذائیت (سالٹ)
(۵) جسم کے لئے ضرورت بھر پانی مہیا کرنا۔

کون کون سی چیزوں سے کیا غذائیت پائی جاتی ہے اور اس سے جسم کو کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

۱۔ پروٹین غذائیں:- ایسی غذائیں جسم میں خون اور گوشت پیدا کرتی ہیں اس سے رگ اور پٹھے بھی بنتے ہیں جسم کی طاقت بنی رہتی ہے وزن بڑھتا ہے یا قائم رہتا ہے۔

ان چیزوں میں پروٹین غذائیں پائی جاتی ہیں۔

۲۔ چربی اور روغن والی غذائیں:- ایسی غذائیں جسم کے چربی اور روغن مہیا کرتی ہیں (فیٹس) جسم ایسی غذائیت سے موٹا ہوتا ہے جوڑ مضبوط رہتے ہیں۔ یہ چکنائی جسم کو غذائیت دیتی ہے اور صحت کو قائم رکھتی ہے۔

ان چیزوں میں چربی اور روغن والی غذائیت پائی جاتی ہے مثلاً ہر قسم کے تیل چربی، گھی، مکھن، انڈے کی زردی، بادام، اخروٹ، تل، سرسوں، مونگ پھلی وغیرہ یاد رکھئے گھی، تیل وغیرہ چکنائی ضرورت سے زیادہ استعمال کر لینے سے ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے اس لئے ضرورت سے زیادہ نہیں چاہیئے یا جیسی عادت ہو استعمال کرے۔

چکنائی اور چربی والی غذاؤں کی ضرورت سرد ممالک میں زیادہ ہوتی ہے گرم ممالک میں کم۔

۳۔ نشاستہ اور شکر مہیا کرنے والی غذائیں:- ایسی چیزیں جن میں جسم کیلئے نشاستہ اور شکر مہیا کرنے والی غذائیت پائی جاتی ہے مثلاً گیہوں، چاول، آلو، مکئی، ان میں نشاستہ زیادہ پایا جاتا ہے۔

گنا، شہد، خالص، پھل، چقندر، شکر اور گڑ، یہ شکر مہیا کرنے والی غذائیں ہیں نشاستہ اور شکر زیادہ کھانے سے بھی جسم میں چربی بڑھ جاتی ہے۔

ذیابیطس کے مریضوں کے لئے یہ سخت مضر ہے ایسی غذائیں ضرورت سے زیادہ نہیں استعمال کرنا چاہیئے۔

۴۔ نمک مہیا کرنے والی غذائیں:- ایسی چیزیں جن میں نمک پایا جاتا ہے معدنی نمک ہم کھانے میں ڈالتے ہیں قدرتی نمک ہر غذا اور ہر چیز میں پایا جاتا ہے ہمارے جسم کے لئے نمک کی بھی ضرورت ہے نمک سے غذا ٹھیک ٹھیک ہضم ہوتی ہے نمک سے خون کی صفائی ہوتی ہے رگ اور پٹھوں کی نشوونما میں مدد ملتی ہے ہڈیوں کی بناوٹ میں نمک کام آتا ہے۔

نباتاتی اور حیوانی غذاؤں میں قدرتی طور پر نمک پایا جاتا ہے۔

نمک ہمارے جسم کو دو طرح سے حاصل ہوتا ہے وہ غذائیں جو ہم پکاتے ہیں اس میں نمک پڑتا ہے نمک غذا کو خوش مزہ بنا دیتا ہے دوسرے تمام پھلوں اور سبزی ترکاریوں میں قدرتی نمک پایا جاتا ہے۔

جسم میں نمک کم ہو جاتا ہے تو دوران خون میں فرق آ جاتا ہے ہاضمہ ٹھیک نہیں رہتا جسم کے اعضا میں کمزوری پیدا ہو جاتی ہے اس لئے سبزی ترکاری اور پھل وغیرہ کھانا بھی صحت اور تندرستی کیلئے ضروری ہے۔

۵۔ جسم کے لئے پانی کی ضرورت:- ہمارے جسم کے لئے پانی بھی ضروری ہے غذا کو پانی سے ہضم ہونے میں مدد ملتی ہے۔ وہ غذا کے تمام اجزا کو نرم کر کے ہضم کے قابل بنا دیتا ہے خود ہضم ہونے کے بعد پانی غذا کے اچھے اجزاء کو جسم کے تمام

حصوں میں پہنچاتا ہے۔ پانی خون کو نیلا بناتا ہے۔
پانی خون کو معتدل (ٹھیک) رکھتا ہے پانی جسم کی پوری مشین کو ٹھیک رکھتا ہے پانی کے ذریعہ جسم کا خراب مادہ نکل جاتا ہے یہ خراب مادہ پسینہ آکر یا پیشاب سے خارج ہو جاتا ہے اور جسم کو سکون حاصل ہوتا ہے۔
کھانے کے درمیان تھوڑا پانی پینے سے ہاضمہ درست رہتا ہے تاکہ غذا صحیح طور پر ہضم ہو سکے اور دن بھر میں پانچ چھ گلاس پانی ضرور پینا چاہیئے۔
زیادہ ٹھنڈا پانی پینے سے ہاضمہ کمزور ہو جاتا ہے اور غذا اچھی طرح ہضم نہیں ہوتی برف کا پانی نقصان کرتا ہے۔
بنایا ہوا پانی مثلاً سوڈا واٹر لیمن، کوکا کولا وغیرہ صحت کے لئے مفید نہیں ہے کم پانی پینے سے جسم میں زہریلا مادہ پیدا ہوتا ہے۔ چہرہ پر رونق نہیں ہوتی، کم پانی پینے سے قبض کی شکایت ہو جاتی ہے۔
صبح کو سورج نکلنے سے پہلے باسی پانی کا ایک گلاس بڑا فرحت بخش رہتا ہے قبض دور ہو جاتا ہے۔ اگر پانی پابندی سے پیتا ہے لیکن یہ عادت گرم مزاج لوگوں کے لئے مفید ہوگی۔ یا مزاج ٹھنڈا ہے ان کے لئے مناسب ہے۔
کیسی غذا کھانی چاہئے:۔ سورج کی روشنی، تازہ صاف ہوا، صاف شیریں پانی کی طرح عمدہ، خالص تازہ اور مناسب غذا بھی انسان کے لئے ضروری ہے۔ یہ غذا موسم اور وقت کا خیال رکھتے ہوئے تیار کی جائے۔
غذا کی تیاری:۔ غذا کے پکانے میں بہت احتیاط رکھنی چاہیئے اس کے ضروری اور قوت بخش والے اجزا (حیاتین) ختم نہ ہو جائیں۔
غذا ایک ہی پانی میں پکائی جائے سبزی اور ترکاریاں زیادہ دیر تک نہیں پکائی جانی چاہیئے۔ عمدہ، خالص، تازہ اور مناسب غذا جو ٹھیک طور پر پکائی جائے ایسی غذا جسم میں خون پیدا کرتی ہے۔ طاقت بڑھاتی ہے تندرستی ٹھیک رکھتی ہے اس سے وزن بڑھتا ہے۔ بیماریوں کو دور کرنے کی قوت جسم میں پیدا ہوتی ہے۔ دل اور دماغ صحیح کام کرتے ہیں۔

عمدہ غذا کے یہ اصول بتائے گئے ہیں:۔

۱۔ غذا ہمیشہ بھوک سے کم کھانی چاہیئے۔
۲۔ غذا موسم کے مطابق ہو۔ تازہ ہو، باسی نہ ہو۔
گرمیوں میں مناسب سبزی ترکاریاں اور ٹھنڈی غذائیں زیادہ استعمال کی جائیں جو جلد ہضم ہونے والی ہیں۔ گرمیوں میں معدہ کمزور ہو جاتا ہے۔
سردیوں میں جسم کو گرمی پہنچانے والی غذائیں استعمال کی جائیں کیونکہ سردیوں میں معدہ صحیح کام کرتا ہے۔
۳۔ ایسی غذائیں جن سے جسم کو ضرورت کے مطابق ہر قسم کی غذائیت حاصل ہو سکے ان کا تناسب قائم رکھنا ضروری ہے۔ مثلاً
پروٹین غذائیں جسم کو چکنائی (چربی) مہیا کرنے والی غذائیں ضرورت کے مطابق نشاستہ مہیا کرنے والی غذائیں قدرتی نمک مہیا کرنے والی غذائیں ضرورت کے مطابق شکر اور نشاستہ مہیا کرنے والی غذائیں۔
عمدہ غذا:۔ گیہوں کی سادہ روٹی، گوشت کا سادہ سالن، انڈا (نیم برشت) دودھ سرخ نہ ہونے پائیں ڈالیں۔ چاول (اُبلے ہوئے) سبزی ترکاریاں، مچھلی کھانے کے بعد کچھ پھل،
خالص، گھی یا تیل، مکھن، کبھی کبھی دہی لیموں یا لیموں کا اچار (گرمی میں)
۴۔ ان غذاؤں کا تناسب صحیح قائم رکھنا چاہیئے۔
روزانہ دونوں وقت گوشت کا استعمال، پراٹھے یا گھی کی روٹیاں یا روزانہ صرف سبزی ترکاریاں یا دالیں ہی کھانا ٹھیک نہیں ہے۔ یا روزانہ دونوں وقت بریانی یا پلاؤ کھانا ٹھیک نہیں، یا روزانہ دونوں وقت صرف میٹھی چیزوں کا کھانا درست نہیں۔ غذا بدلتی رہنی چاہیئے تاکہ پروٹین غذاؤں کا ساتھ ہر قسم کی غذائیت جسم کو ملتی رہے۔
(۵)۔ یاد رکھئے:۔ کوئی شخص ہمیشہ صرف دودھ کھا کر یا ہمیشہ صرف پھل کھا کر یا صرف ہر وقت گوشت اور انڈے کھا کر اپنی صحت کو ہر موسم میں قائم رکھ سکے، یہ مشکل ہے۔
۶۔ مساوی غذاؤں میں یہ ہیں:۔ مثلاً گیہوں کی چپاتی، اُبلے ہوئے چاول، (مشین سے صاف کئے ہوئے چاول نہیں) سادہ پکایا ہوا گوشت کا سالن، سبزی اور ترکاری جو ہلکی آنچ پر پکائی جائیں) تور (ارہر) یا مونگ کی دال، مچھلی، دہی، بہترین صحت بخش غذائیں سمجھی جاتی ہیں۔
دودھ اور انڈے کا استعمال صبح کے وقت اچھا ہوتا ہے۔
۷۔ مرغن غذائیں ہاضمہ کو خراب کر دیتی ہیں۔ اور صحت پر اثر ڈالتی ہیں مثلاً بریانی، پلاؤ، زردہ، تلی ہوئی چیزیں، جیسے پراٹھے، گھی لگا کر پکائی ہوئی روٹیاں، پوریاں، کباب بھنا ہوا گوشت، بگھارے ہوئے چاول یہ ثقیل اور دیر ہضم غذائیں ہیں ان سے نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔
۸۔ سادہ کھانا کھانے کے بعد اگر کبھی کوئی ثقیل اور دیر ہضم غذا ذرا سی کھائی جائے تو وہ بھی ہضم ہو جاتی ہے۔
۹۔ گرمیوں میں مناسب کھانے کے بعد ساتھ دہی کھانا یا سالن میں لیموں نچوڑ لینا اچھا ہے کھانے کے بعد پھل کھانا بہت اچھا ہے۔
۱۰۔ گرمیوں میں مچھلی کا زیادہ استعمال اچھا نہیں۔ اسی طرح بیگن کھجلی پیدا کرتا ہے گھنیاں (اروی) پھول گوبھی، کرم کلہ ثقیل اور بادی غذائیں ہیں جلدی ہضم نہیں ہوتیں
۱۱۔ کھانا کھانے کے بعد شکر کا شربت پینا یا دن کے وقت کھانا کھا کر دوڑنا نقصان کرتا ہے اسی طرح رات کے وقت کھانا کھا کر کچھ دیر ٹہلنا چاہیئے۔
۱۲۔ دودھ یا دہی کا ایک ساتھ کھانا یا دودھ اور مچھلی ایک ساتھ کھانا منع ہے۔
۱۳۔ معدہ میں غذا کے ہضم ہو جانے کے لئے تین گھنٹہ کا وقت لگتا ہے۔
۱۴۔ کھانا وقت کی پابندی کے ساتھ کھایا جائے۔ صبح کو ناشتہ ۸ بجے یا اس سے پہلے۔ دوپہر کا کھانا ۱۲ یا اس سے پہلے۔ رات کا کھانا مغرب بعد فوراً کھا لینا چاہیئے۔
۱۵۔ بچے بڑے بوڑھے سب کے مزاج میں فرق ہے اور قوت ہاضمہ میں بھی فرق ہوتا ہے غذا مزاج کے مطابق ہونی چاہیئے۔
۱۶۔ اسی طرح غذا میں پیشے کا خیال رکھنا ضروری ہے سخت محنت کرنے والے مزدور کی غذا اور ہونی چاہیئے پڑھنے لکھنے والے یا دفتروں میں کام کرنے والوں کی غذا کچھ اور ہونی

چاہیئے۔

۱۷۔ گندی غذائیں جس پر مکھیاں بھنبھناتی ہوں، یا اس میں بو پیدا ہوگئی ہو یا کسی جانور نے جھوٹا کردیا ہو۔ ایسی چیزیں ہرگز نہیں کھانا چاہئیں۔

۱۸۔ بیماروں کے لئے پرہیزی غذائیں:۔ گیہوں کی چپاتی، اور مونگ کی کھچڑی دبغیر بگھاری ہوئی) کے ساتھ یا دھنیا کی چٹنی کے ساتھ، یا ٹماٹر کی چٹنی کے ساتھ چپاتی اور سالن کا شوربہ (مسالہ بہت کم ہو)

چپاتی اور تروئی، پالک یا پترول کے ساتھ شلجم، بتھوا۔

باورچی خانہ:۔ باورچی خانہ، جہاں کھانا پکایا جائے، صاف ستھرا رکھنا چاہیئے کیڑے مکوڑے نہ پیدا ہوں، چھپکلیاں نہ آنے پائیں۔

برتن صاف رکھنے چاہئیں۔ تانبے کے برتن میں قلعی ضروری ہے کھانا پکانے کے لئے المونیم کا برتن مناسب نہیں ہے۔

حجاج بن یوسف بن مطر

علم ریاضی کا ماہر اور علم ہیئت کا محقق اقلیدس (جومٹری) میں اعلیٰ قابلیت رکھنے والا، اہل یورپ کو جومٹری سے روشناس کرانے والے۔ المجسطی کو عربی زبان میں منتقل کر کے علم ہیئت کو فروغ دینے والا۔ ہارون رشید، اور مامون الرشید دونوں کا زمانہ دیکھنے والا سائنس داں۔

وطن:۔ نامعلوم ۷۸۶ء میں وارد بغداد ہوا۔ وفات ۸۳۳ء

ابتدائی زمانہ، علمی خدمات اور کارنامے:۔ حجاج بن یوسف بن مطر کے والدین دیہات میں آباد تھے۔ اپنے گاؤں ہی میں اس نے اپنی تعلیم مکمل کرلی اور پھر دیہات کے تنگ دائرے سے نکل کر ۷۸۶ء میں بغداد آیا۔

حجاج بڑا خوش قسمت تھا کہ اس نے ہارون الرشید اور مامون الرشید دونوں کا درخشاں زمانہ دیکھا۔ اس نے بغداد کے علمی ماحول سے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔

حجاج کا ذہن دماغ علمی تھا وہ علم ریاضی کا ماہر اور علم ہیئت میں ایک محقق کی حیثیت رکھتا تھا۔ بغداد کے علمی ماحول میں اس بلند مرتبہ ریاضی داں نے چند بہت بڑے کام کئے ایک تو علم ہندسہ یعنی جامیٹری کا کام تھا اور دوسرا علم ہیئت سے متعلق کام تھا۔ ان دونوں علوم کو فروغ دینے میں اس سائنداں کا بنیادی حصہ تھا

حجاج علم ہندسہ کا ماہر تھا۔ یہاں اس نے جومٹری سے بڑی دلچسپی لی اور اپنا ایک خاص حلقہ پیدا کرلیا۔

جومٹری اور علم ہیئت پر بنیادی کتابوں کی ترتیب

حجاج نے سب سے پہلے علم ہندسہ کو لیا۔ مشہور یونانی ریاضی داں اقلیدس کی کتاب مقدمات، اقلیدس کو پڑھ کر اس نے اس ضخیم کتاب کو عربی زبان میں ڈھال دیا۔ اس کی یہ کتاب ۱۵ جلدوں میں ہے۔

اقلیدس یونان کا ریاضی داں تیسری صدی قبل مسیح گزرا ہے۔ علم ہندسہ یعنی جومٹری میں اس کی کتاب مقدمات اقلیدس بہت مشہور ہے۔

حجاج کا یہ قابل قدر کارنامہ ہے کہ اس نے اس نئے علم ہندسہ یعنی جومٹری کو بڑی قابلیت سے عربی زبان میں منتقل کردیا۔ عربوں کو اس علم سے خصوصی دلچسپی پیدا ہوگئی۔ اور بغداد میں اس فن کو بہت فروغ ہوا۔ پھر مسلمانوں نے ساری دنیا کو اس علم سے روشناس کرایا۔

مقدمات اقلیدس مرتب ہوا۔ سب سے پہلے ہارون الرشید کے عہد میں منظر عام پر آئی لوگوں نے اس کتاب کو ہاتھوں ہاتھ لیا۔ اور بہت پسند کیا۔ مامون الرشید کے عہد میں اس ضخیم کتاب پر اس نے نظر ثانی کیا۔ اور بہت کچھ اصلاح اور اضافہ کر کے دوبارہ مرتب کیا۔ مامون کو اس کتاب سے بہت دلچسپی ہوگئی تھی۔

حجاج بن یوسف جو علم ہیئت کا بھی زبردست ماہر تھا اس نے بطلیموس کی مشہور کتاب المجسطی کو بھی عربی زبان میں منتقل کر کے ایک بڑی علمی خدمات انجام دی۔

کہا جاتا ہے کہ المجسطی کا مطالعہ جب مامون رشید نے کیا تو اسے علم ہیئت کے فن سے خاص دلچسپی پیدا ہوگئی اور اس نے رصدگاہ کی تعمیر کی طرف توجہ دی حجاج بن یوسف کے یہ دونوں علمی کارناموں نے اسے زندۂ جاوید بنا دیا۔

جامیٹری کا علم یورپ میں:۔ مسلمانوں کے علمی کارنامے سے جب اہل یورپ کے دانشوروں نے علم ہندسہ یعنی جومٹری کا علم اسی کتاب سے سیکھا ورنہ وہ اس فن سے قطعی آگاہ نہ تھے۔

مقدمات اقلیدس کی اہمیت اور اس کی شہرت کا اندازہ اس امر سے ہوسکتا ہے کہ بیسویں صدی کے شروع تک یہ کتاب دنیا بھر میں درس گاہوں میں داخل نصاب تھی اور علم ہندسہ (جومٹری) کے کورس کے طور پر اعلیٰ جماعتوں میں پڑھائی جاتی تھی۔ آج بھی مشرق اور مغرب کی درس گاہوں کے لئے جو کتابیں لکھی گئی ہیں اور نصاب تعلیم میں شامل کی گئی ہیں اور اب اسی کتاب "مقدمات اقلیدس" سے ماخوذ ہیں گزشتہ صدی کے آخر میں یورپ کے دانشوروں نے جب مسلم دور کی عربی کتابوں کی اہمیت کو محسوس کرتے ہوئے ان کی طباعت کا انتظام کیا تو حجاج بن یوسف کی اقلیدس کی کتاب کو بھی شائع کیا۔ یہ قیمتی کتاب اصل عربی اور لاطینی ترجمے کے ساتھ ۱۸۹۳ء میں ملک ڈنمارک کے دارالسلطنت کوپن ہیگن (Copenhagen) سے پورے اہتمام کے ساتھ مرتب ہوکر چھاپی گئی۔

مسلمانوں کے بے شمار علمی کارناموں کی یہ کہانیاں ہیں۔

افضل ترین عبادت نماز

مہتاب بیگم بنت محمد اسمٰعیل شیخ۔ شہر پوردھن

نماز من جانب اللہ فرض ہے اور کسی صورت میں معاف نہیں ہو سکتی صرف عورتوں کے لئے بعض حالات میں معاف ہے۔ تمام عبادتوں میں نماز اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔ بندہ پاک وصاف ہو کر اہتمام کے ساتھ جب اللہ کے سامنے کھڑا ہوتا ہے۔ اللہ جل جلالہٗ کو یہ طریقہ بہت بھلا لگتا ہے کہ بندہ اس کے سامنے ادب سے کھڑا اس کی تحمید و تمجید بیان کر رہا ہو۔

نماز افضل ترین عبادت ہے۔ اس کا مقصد اللہ کی خوشنودی ہے نماز سے انسان کو بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ خاص فائدہ تزکیہ نفس ہے۔ وہ پاک وصاف رہتا ہے۔ دل میں اللہ کا خوف رہتا ہے۔ وہ گناہوں سے بچتا ہے اس میں باقاعدگی اور وقت کی پابندی کی عادت پڑ جاتی ہے۔ نماز باجماعت سے معاشرہ کے نظم و نسق کی اصلاح و تعمیر ہوتی ہے۔

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ

بے شک نماز برائیوں سے بچاتی ہے۔ حرام چیزوں سے نافرمانیوں سے دور رکھتی ہے۔

شرائط نماز نماز سے پہلے کچھ باتیں ضروری ہیں۔ یعنی نماز کی تیاریاں اور پھر نماز میں کچھ باتیں ضروری اور کچھ بہتر ہیں۔ ہم یہاں سب باتیں بیان کر دیتے ہیں۔

(۱) **فرائض نماز** جن کے بغیر نماز صحیح نہیں ہو سکتی۔ وضو کرنا۔ نماز کا وقت ہونا۔ رُخ بجانب قبلہ ہونا۔ جسم، کپڑوں اور جگہ کا پاک ہونا، نماز کی نیت، تکبیر، قیام، قرأت، رکوع، سجدہ وغیرہ کرنا نماز میں منہ ہاتھ پاؤں وغیرہ کے علاوہ باقی جسم کو ڈھانکنا

عورت ستر پوشی کا زیادہ خیال رکھنا لازم ہے۔ اگر باریک تر کپڑے جیسے ململ وغیرہ سے ستر پوشی کرے گی تو نماز نہ ہوگی۔

(۲) **واجبات نماز** نماز میں الحمد یعنی سورہ فاتحہ پڑھنا، اس کے بعد کسی اور سورہ یا آیات کا پڑھنا، نماز ترتیب سے پڑھنا، التحیات کے لئے بیٹھنا، ختم نماز پر سلام پھیرنا، دائیں پھر بائیں۔ وتر میں دُعائے قنوت پڑھنا

نماز لازم ہے کہ اطمینان سے پڑھے۔ اگر تنہا ہے تو قرأت چاہے باآواز کرے یا خاموش پڑھے۔ لیکن اگر امام ہے تو دو رکعتوں میں قرأت باآواز کرے گا۔ قرأت باآواز کے لئے صبح، مغرب، عشاء کی نمازیں، نیز جمعہ اور عیدین کی نمازیں ہیں۔

(۳) **سُنّت** نماز شروع کرنے پر پہلی تکبیر کے بعد ہاتھ کانوں تک اٹھانا، ہر رکن (عمل) کی ابتداء میں (مثلاً رکوع سجود قیام وغیرہ کے وقت) تکبیر کہنے کا قیام میں ہاتھ باندھنے پر دایاں ہاتھ اوپر رکھنا۔ ثنا یعنی سُبحانکَ اللّٰھُمَّ وبحمدک اور اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھنا۔ آمین خاموش کہنا۔ کم از کم تین دفعہ رکوع اور سجود میں تسبیح پڑھنا۔ سمع اللہ لمن حمدہ کہنا یا (ربنا لک الحمد) کہنا۔ رکوع کے لئے سیدھے کھڑے ہو کر سجدے میں جانا دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا۔ پہلی اور تیسری رکعتوں کے بعد جلدی اٹھنا، التحیات کے وقت بائیں پہلو پر بیٹھنا۔

(۴) **مستحبات** نماز اطمینان سے پڑھنا، ہرگز جلدی نہ کرنا، نماز میں ہر رکن کو توجہ سکون اور اطمینان سے ادا کرنا قرأت کے وقت ہر لفظ کو سمجھ کر پڑھنا، توجہ، خشوع اور خضوع سے نماز پڑھنا۔

(۵) **مکروھات** نماز میں یہ باتیں مکروہ ہیں۔ نماز پڑھتے وقت مٹی، پانی یا کسی اور چیز سے اپنے کپڑوں کو بچانے کی کوشش کرنا۔ ادھر ادھر دیکھنا، انگڑائیاں لینا، سجدہ کرتے وقت زمین پر بازو رکھنا۔ یعنی پورا ہاتھ بچھا دینا۔ کمرے میں نماز کی جگہ کی طرف تصاویر کا آویزاں کرنا، میلے کچیلے کپڑوں میں نماز پڑھنا، نماز میں سجدہ کرتے وقت زمین سے مٹی ہٹانا۔ سہولت کے لئے (بے وجہ) کسی کا سہارا لے کر نماز پڑھنا۔ پہلی صف میں جگہ ہونے کے باوجود (بے وجہ) پیچھے کھڑے رہنا، دو دو کھڑے ہونا۔

(۶) **مفسدات نماز** نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ نماز میں بات چیت کر لینا۔ سلام کا جواب دینا، امام کے علاوہ کسی اور کو قرأت کے وقت لقمہ دینا۔ تحریر پڑھ کر نماز ادا کرنا۔ ناپاک جگہ پر نماز پڑھنا۔ نماز میں کھانا پینا، بے ضرورت نماز کے دوران میں معمولی سا بھی کوئی فعل بار بار کرنا۔ (عمل کثیر)

نماز کے آٹھ ضروری احکام نماز میں کبھی کبھی غلطیاں ہو جاتی ہیں۔ ان غلطیوں کے بھی درجے ہیں اور نماز متاثر ہوتی ہے۔ نماز بہت احتیاط اور توجہ سے پڑھنی چاہیئے۔

(۱) نماز میں کوئی فرض چھوڑ دینے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ جان بوجھ کر فرض کا منکر کافر ہو جاتا ہے۔

(۲) **واجب** نماز میں کوئی واجب چھوٹ گیا تو نماز ٹوٹتی نہیں بلکہ نامکمل رہ جاتی ہے اور اس کا منکر گنہگار ہوتا ہے۔

(۳) **سُنّت مؤکدہ** وہ عمل جسے رسول اللہ علیہ وسلم ہمیشہ کرتے رہے اسے کسی نے دانستہ چھوڑ دیا تو مواخذہ ہوگا۔

(۴) **مستحب** وہ عمل جسے رسول اللہ علیہ وسلم کبھی کرتے اور کبھی نہ کرتے تھے، کرنا بہتر ہے، نہ کرنا کوئی گناہ نہیں۔

(۵) **فعل مباح** وہ عمل جس کے کرنے یا نہ کرنے نہ ثواب نہ عذاب۔

(۶) **حرام** وہ ہیں جنہیں کرنے سے شریعت نے حکماً منع کر دیا ہے

انہیں کرنے سے سخت عذاب ہوگا۔

(۷) مکروہات وہ ہیں جن کی ممانعت میں شک نہ ہو، نہ کرنے میں ثواب اور نہ کرنے میں عذاب کا خطرہ ہے

(۸) **مفسد نماز** وہ اعمال جن کے کرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے اور اگر قصداً کیا تو گناہ گار ہوگا۔

نمازوں کے اوقات اور رکعتوں کی تعداد کا نقشہ

		رکعتیں	کل تعداد	مقررہ اوقات
۱	فجر	دو سنت موکدہ دو فرض	۴	پو پھٹنے اور سورج نکلنے سے پہلے
۲	ظہر	چار سنت موکدہ چار فرض	۱۲	دوپہر کے ڈھلنے سے اس وقت تک جب ہر چیز کا سایہ اس کے اصلی سائے سے دوگنا ہو جائے
۳	عصر	چار سنت غیر موکدہ چار فرض	۸	ظہر کا وقت ختم ہونے کے بعد سے سورج کے غروب ہو جانے سے پہلے تک
۴	مغرب	تین فرض، دو سنت موکدہ دو نفل	۷	غروب آفتاب کے بعد سے تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک وقت رہتا ہے لیکن فوراً پڑھ لینا افضل ہے۔
۵	عشاء	چار سنت، چار فرض دو سنت موکدہ دو نفل تین وتر واجب دو نفل	۱۷	رات کے وقت غروب آفتاب کے ڈیڑھ دو گھنٹے کے بعد سے صبح صادق تک۔
۶	جمعہ	چار سنت موکدہ دو فرض باجماعت چار سنت دو سنت دو نفل	۱۴	ظہر کا وقت
۷	عیدین	دو رکعت واجب	۲	طلوع آفتاب کے بعد جب کہ سورج پورے طور پر روشن ہو جائے دوپہر تک۔ مگر وقت میں عجلت افضل ہے

ہدایات:۔ (۱) صبح کے سورج نکلنے تک فجر کی نمازوں کے علاوہ اور کوئی نماز نہیں پڑھی جا سکتی۔

(۲) نماز عصر کے بعد کوئی اور نماز نہیں پڑھی جا سکتی۔

(۳) طلوع آفتاب کے وقت، غروب کے وقت یا دوپہر کو ٹھیک زوال کے وقت کوئی عبادت ممنوع ہے۔

دیگر نفل نمازیں

	نماز	تعداد رکعت	اوقات
۱	تہجد	۴ رکعتوں سے ۱۲ تک	آدھی رات سے صبح صادق سے پہلے تک
۲	اشراق	۲ سے ۴	سورج نکلنے کے بعد
۳	چاشت	۲ سے ۴	دس بجے دن کے قریب سورج ڈھلنے سے پہلے
۴	اوابین	۶ سے ۲۰	نماز مغرب کے بعد

رمضان المبارک اور نماز تراویح

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ رمضان شریف کا مہینہ وہ مقدس مہینہ ہے جس میں قرآن پاک نازل ہوا۔ اس مہینے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پورا قرآن پاک سناتے تھے۔ مسلمان بھی اس سنت کو پابندی سے ادا کرتے ہیں۔

رمضان المبارک میں نماز عشاء کے بعد بیس رکعتیں سنت موکدہ تراویح باجماعت پڑھی جاتی ہے۔ تراویح میں پورا قرآن شریف ایک مہینے میں ختم کیا جاتا ہے۔ رواج اب یہ ہو گیا ہے کہ حافظ قرآن روزانہ سوا یا ڈیڑھ پارے پڑھتے ہیں اور ستائیس ویں شب میں ختم قرآن کرتے ہیں۔ یہ شب شب قدر مانی جاتی ہے۔ نماز تراویح دو دو رکعتیں کر کے بیس رکعتیں پڑھتے ہیں اور ہر چار رکعتوں کے بعد یہ دعا کرتے ہیں۔

دعائے تراویح سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ ۝ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْجَلَالِ وَالْجَمَالِ وَالْكَمَالِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ۝ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ ۝ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

اس دعا کے بعد درود شریف پڑھا کرے۔

نماز وتر

تراویح کی بیس رکعتوں کے بعد تین رکعتیں نماز وتر باجماعت پڑھتے ہیں۔ امام قرائت کرتا ہے۔ دو رکعتوں کے بعد قعدہ اور اس کے بعد ایک رکعت میں الحمد کے بعد کوئی آیت یا سورہ اور پھر ہاتھ کانوں تک لے جا کر اللہ اکبر کہتے ہوئے باندھ لیتے ہیں اور دعائے قنوت پڑھتے ہیں

دُعائے قنوت

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ ۝ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ ۝

وضو اور ضروریات وضو

نماز کے لئے وضو کرنا ضروری ہے۔ بے وضو کے نماز نہیں ہوگی۔ نماز کے لئے تازہ وضو کرنا افضل ہے۔

وضو میں چار فرض ہیں (۱) تمام منہ دھونا (۲) دونوں ہاتھ کہنیوں تک دھونا (۳) چوتھائی سر کا مسح کرنا (۴) دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھونا کہیں بال برابر بھی خشک نہ رہے۔

وضو میں سنت گیارہ ہیں (۱) نیت (۲) بسم اللہ پڑھنا (۳) دونوں ہاتھ پہنچوں تک دھونا (۴) کلی کرنا (۵) مسواک کرنا (۶) ناک میں پانی ڈالنا (۷) تمام سر اور کانوں کا مسح کرنا (۸) داڑھی اور انگلیوں کا خلال کرنا (۹) ترتیب[۲] (۱۰) تین تین بار ہر ایک عضو دھونا (۱۱) پے در پے عضو دھونا۔ پہلا عضو خشک نہ ہونے پائے کہ دوسرا دھو ڈالے۔

مستحب تین ہیں (۱) گردن کا مسح[۳] کرنا (۲) وضو میں کلمہ شہادت اور درود شریف پڑھنا۔ (۳) داہنے طرف سے شروع کرنا۔

مکروہ پانچ ہیں دنیا کی باتیں کرنا (۲) داہنے ہاتھ سے ناک صاف کرنا (۳) نجس جگہ وضو کرنا (۴) خلاف سنت وضو کرنا (۵) پانی زیادہ صرف کرنا۔

فاسد تین ہیں بول براز وحدث وغیرہ، خون یا پیپ اگر بہنے لگے۔ (۲) سونا (۳) نماز میں قہقہہ[۴] مار کر ہنسنا رکوع اور سجدے والی نماز میں۔

حاشیہ: بعضوں کے نزدیک بسم اللہ شریف وضو میں پڑھنا واجب ہے ع۲ ترتیب یعنی جو عضو پہلے دھوتے ہیں اسے پیچھے نہ دھوئے ع۳ طریق مسح دونوں ہاتھوں کو اس طرح سر پر رکھے کہ انگوٹھا اور کلمہ کی انگلی الگ رہے، پھر گردن تک ہاتھ لے جائے اور مسح گردن کا بھی کرے اور دونوں ہاتھ پیشانی تک اسطرح واپس لائے کہ انگوٹھے اور کلمہ کی انگلیاں سر میں لگے۔ اور باقی ہاتھ علیحدہ رہے اور کف دست اوپر رہے۔ بعد ازاں کان کا مسح کرے۔ اسطرح کلمہ کی انگلی کان میں اور انگوٹھا باہر رہے مسح تمام ہوا مگر ایک روایت فقیہ ابوجعفر سے آئی ہے کہ گردن کا مسح بعد مسح کان کے کرنا مستحب ہے۔ ع۴ قہقہہ یعنی زور سے ہنسنا۔ جاننا چاہیئے کہ ہنسی کی تین قسمیں ہیں۔ مسکرانا کہ نہ خود سنے نہ کوئی دوسرا سنے۔ اس سے نماز اور وضو دونوں قائم رہتے ہیں۔ دوسری ضحک یعنی آواز سے ہنسنا کہ خود سنے اس سے نماز جاتی رہتی ہے۔ اور وضو باقی رہتا ہے تیسرے قہقہہ بلند آواز سے ہنسنا اس سے نماز اور وضو دونوں جاتے رہتے ہیں۔

عید الفطر کا بیان

عید عربی لفظ ہے اور اس کے معنی عرف عام میں بہت ہی بڑی خوشی کا دن ہے۔ دنیا میں کوئی مذہب ایسا نہیں جس کے پابند ہر سال کئی کئی عیدیں نہ مناتے ہوں۔ ہم مسلمانوں کے لئے سال بھر میں صرف دو روز خاص خوشی کے مقرر کئے گئے ہیں۔ ان کی بنیاد دنیوی اغراض نہیں بلکہ تمام تر ادائے شکریہ رب العزت ہے۔ اس طرح کہ پہلا روز عید الفطر ادائے شکرانہ اتمام ماہ صیام ہے اور دوسری عید سے بھی بجا آوری شکریہ فریضہ حج مقصود ہے۔ رمضان شریف کے روزے ختم ہوتے ہی پہلا نکلنے والا روز عید الفطر کا ہوتا ہے۔

یہ دن طبعاً کامل خوشی اور پوری مسرت کا دن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے ماہ صیام کے روزے رکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ اس فرض کو ہم ناچیز بندوں سے کرا کے امیدوار مغفرت اور رحمت کا کیا۔ اس خاص عنایت کی ہم جس قدر خوشی منائیں واقعی زیبا ہے۔ عید تمام مسلمانوں کے حق میں یکساں موجب انبساط ہو سکتی ہے۔ بشرطیکہ ہم نے وہ حقوق حاصل کر لئے ہوں کہ جس سے بجا طور پر خوش ہونا چاہیئے۔ ورنہ یہ خوشی فعلی ہوگی۔ کیونکہ اصلی عید اور سچی خوشی کے مستحق وہ مسلمان بھائی ہیں جو اللہ سے ڈرے تکلیف اٹھائی جاڑا، گرمی، برسات میں بہ پابندی احکام شریعت محنت کر کے مشقت گوارا کرنے کے ساتھ فرض کئے ہوئے پورے تیس روزے رکھے۔

ان کے علاوہ باقی جتنے خوشی منانے والے مسلمان ہیں۔ ان کی خوشی رسمی اور رواجی ہے۔ روحانی مسرت ان کو کوئی واسطہ نہیں۔ ان کے دل خود محسوس کرتے ہیں کہ ہمارا خوش ہونا بیجا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں مسلمانوں کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے۔

لا واعید لمن بس الجدید لکن العید لمن خاف وعید

عید سے ان لوگوں کو جنھوں نے نئے کپڑے پہنے اور خوش ہوتے پھرے کوئی فائدہ نہیں۔ دراصل عید ان مسلمانوں کی ہے جو خدا سے ڈریں اور اس کا حکم بجا لائیں۔

شارع علیہ السلام نے عید کے جو احکام صادر فرمائیں وہ یہاں اختصار کے ساتھ بیان کئے جاتے ہیں۔

عید کی نماز

دو واجب رکعتوں کا چھ زائد تکبیروں کے اَللّٰہُ اَکْبَرُ کے ساتھ ادا کرنا ہے۔ یہ چھ تکبیریں ہر رکعت میں تین تین یکجائی کہی جاتی ہیں۔ پہلی رکعت نیت نماز واجب عید الفطر اور ثناء کے بعد قراءت شروع ہونے سے پہلے امام کے ساتھ ہاتھ چھوڑ کر پیوستہ تین تکبیریں ایسی آواز سے

کہے کہ کہنے والے کے کان سُن لیں اور باقی ماندہ تین تکبیریں دوسری رکعت میں رکوع میں جانے سے پہلے کہی جاتی ہیں۔ یہ چھ تکبیریں کہنا واجب ہے کہ ایک یا زیادہ تکبیرات فوت ہوجانے سے سجدہ سہو لازم آتا ہے اور سجدہ سہو ادا نہ کرنے سے نماز ناقص رہ جاتی ہے۔

مقام نماز عید: عیدین کی نماز کے لئے وہی شرائط ہیں جو جمعہ کی نماز کے لئے ہیں۔ دیہات میں جس جگہ مسلمانوں کی آبادی ان شرائط کو پوری نہ کریں عید کی نماز نہیں ہوسکتی۔ لہٰذا دیہات کے رہنے والے اپنے پاس کے قصبہ میں عید کی نماز جاکر پڑھیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ عید کی نماز شہر کے باہر کھلے میدان میں ادا فرماتے تھے۔ گو خاص ممانعت نہیں مگر مسنون امر ہے کہ عیدین کی نمازیں شہر یا قصبہ سے کسی قدر فاصلہ پر پڑھیں۔ اس میں دو بہت بڑے فائدے بھی پوشیدہ ہیں: (۱) شہر، قصبہ اور قرب وجوار کے تمام مسلمان ایک مخصوص مقام پر جمع ہوکر باہمی خیروعافیت سے مطلع ہونا، اتحاد اور اتفاق کا قیام۔ (۲) مسلمانوں کی کثرت نظر آنے سے غیر لوگوں کے دلوں پر اسلام کی ہیبت چھا جاتی ہے۔

عید کی نماز کا وقت: شوال کی پہلی تاریخ کو دن نکلنے کے بعد آفتاب میں گرمی پیدا ہوتے ہی شروع ہوکر اسی روز زوال سے پہلے ختم ہوجاتا ہے۔ عیدالفطر کی نماز دوسرے روز بھی بامر مجبوری وبوجوہات خاص پڑھی جاسکتی ہے لیکن تیسرے روز ناجائز ہے۔ وجوہات ادائے نماز عیدالفطر بروز دوم یہ ہیں: (۱) رمضان کی انتیسویں تاریخ کو چاند نظر نہ آنا اور دوسرے روز ایسے وقت ہلال عید نظر آنے کی اطلاع پہونچنا کہ وقت میں اعلان عام کی گنجائش نہ ہو یا بعد اطلاع مسلمانوں کا ادائے نماز کے واسطے جمع ہونا ناممکن ہو۔ (۲) بارش کی کثرت چلنے پھرنے اور برائے ادائے نماز جمع ہونے کی مانع ہو۔ (۳) دیگر حوادث آسمانی جن مسلمانوں کی فراہمی محال اور دشوار ہوجائے۔

عید کی نماز کے احکام: وہی ہیں جو جمعہ کے واسطے مقرر ہیں۔ عید کی نماز انہی مسلمانوں پر واجب ہے جن پر جمعہ کی نماز فرض ہے۔ فرق صرف خطبہ میں ہے کہ نماز جمعہ کا خطبہ قبل از نماز پڑھا جاتا ہے اور عید کا خطبہ بعد از نماز۔ خطبہ جمعہ کا واجب ہے اور عید کا سنت۔ جمعہ کی نماز کے خطبہ میں واعظ اور نصائح ہوتے ہیں اور عیدالفطر کے خطبہ میں احکام فطرہ۔ مسلمانوں کو لازم ہے کہ عید کا خطبہ غور سے سُنیں اور اس پر احتیاط کے ساتھ عمل کریں کہ صدقہ فطر ادا کرنے میں نقص نہ رہ جائے۔

عیدالفطر کی خصوصیات: عیدالفطر کے دن اشراق اور چاشت کی نماز میں پڑھنا مکروہ تحریمہ ہے۔ کیونکہ چاشت کا وقت عین ادائے نماز عید کا وقت ہے۔ شارع افضل الصلوٰۃ والسلام نے ادائے دو رکعت شکرانہ عیدالفطر کے واسطے بعد نماز صبح تیاری کرنے کا حکم صادر فرمایا ہے۔ اس میں سب سے پہلے صدقہ فطر ادا کرنا چاہئے۔ صدقہ فطر ادا کرنا ہر مسلمان فرد، عورت مرد، آزاد، غلام اسی دن پیدا ہونے والے بچے کے ذمے" لازمی امر ہے۔ اس کی مقدار فی کس سوا دو سیر گیہوں مقرر کی گئی ہے۔ مال والوں کو صدقہ فطر اپنے مال سے دینا چاہئے اور جو دوسروں کی ولدیت میں ہوں اسکی ادائیگی ولی کے ذمہ ہوتی ہے۔ امیر تو بڑے آدمی ہیں، جن کے پاس بقدر نصاب مال موجود ہے وہ ادائے صدقہ فطر سے بری نہیں۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ غلہ ہی فطرانہ میں دیا جائے۔ بجائے غلہ نقد قیمت بھی دی جاسکتی ہے۔ عیدالفطر کی خصوصیات میں نماز کو جانے سے پہلے کھانا مثل شیرخورما اور سوئیاں وغیرہ داخل ہے۔

روز عیدالفطر کی سُنتیں: عیدالفطر کے دن متعدد افعال حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنتوں سے روایت کئے گئے ہیں ان میں زیادہ تر شہرت یافتہ امور یہ ہیں:

(۱) صدقہ فطر ادا کرنا جس کا بیان ادھر گذرا۔ (۲) نماز کو جانے سے پہلے کوئی شیریں چیز کھانا۔ (۳) حجامت بنوانا۔ (۴) غسل کرنا۔ (۵) خدا کے دیئے ہوئے اچھے سے اچھے کپڑے پہننا۔ (۶) خوشبو کا استعمال عطر وغیرہ لگانا۔ (۷) مسواک کرنا (۸) بالوں میں تیل ڈالنا۔ (۹) سُرمہ لگانا۔ (۱۰) اپنے سے چھوٹوں اور بچوں کو پیار کرنا۔ اور انہیں خوش کرنے کے لئے عیدی دینا۔ (۱۱) آہستہ آہستہ تکبیر کہتے ہوئے عیدگاہ جانا۔ (۱۲) عید کی نماز پڑھ کر رشتہ داروں سے بغل گیر ہونا۔ (۱۳) مسلمانوں کو عید کی مُبارکبادی دینا۔ (۱۴) صلحا کی زیارت کرنا۔ (۱۵) عالموں کی خدمت میں جانا۔ (۱۶) غرباء اہل حاجت کی عقدہ کشائی اور کاربراری کرنا۔ (۱۷) دن بھر ہنسی خوشی رہنا۔ (۱۸) بھائی بندوں، عزیزوں اور دوستوں کو دعوت کرنا تاکہ مواخات اسلامی کا بہترین ثبوت ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

عیدالفطر اللہ تعالیٰ سب مسلمان بھائیوں کو مبارک کرے۔ آمین!

عیدالضحیٰ کا بیان: نماز عیدالضحیٰ کے لئے عیدگاہ جانے اور آنے کے آداب: — عیدگاہ میں کسی کے لئے کوئی جگہ مخصوص نہیں ہوتی۔ اس لئے اگلی صفوں میں شامل ہونے کے لئے سویرے پہونچئے اور بہتر یہ ہے کہ گھر سے وضو کرکے جائیے اور راستہ میں باآواز بلند تکبیر پڑھتے ہوئے وقار کے ساتھ عیدگاہ پہنچئے اور دوسروں کے سروں کو پھلانگے بغیر جہاں جگہ ملے صفوں کی ترتیب میں اپنا کپڑا بچھاکر بیٹھ جائیے۔ صفوں کی ترتیب میں درمیانی خلا کو پُر کرنے کا خاص خیال رکھئے۔ جگہ پر بیٹھ کر خاموشی اور سکون کے ساتھ اعلانات کو سُنئے۔ تعمیل سے حُسنِ انتظام کا ثواب حاصل کیجئے۔ اس بات کا ضرور خیال رکھئے کہ پانچ سال سے کم عمر بچے اپنے ہمراہ عیدگاہ پر ہرگز نہ لائیے۔ نماز سے فارغ ہوکر امام عربی میں جو خطبہ پڑھے اپنی جگہ بیٹھے ہوئے سُنئیں یہ مسنون ہے۔

عموماً دیکھا گیا ہے کہ سلام پھیرتے ہی لوگ منتشر ہوجاتے ہیں۔ اس سے وہ بہت بڑے ثواب سے محروم ہوجاتے ہیں۔ ان اسلام کے بتائے ہوئے نظم وضبط کا ضرور خیال رکھئے۔ تاکہ عام لوگوں اور ضعیف العمر مسلمانوں کو کوئی تکلیف نہ پہنچے۔

نماز کا طریقہ : اوّل تکبیر تحریمہ اللہ اکبر امام کے ساتھ کہہ کر ہاتھ باندھ لیں اور سُبحانکَ اللّٰھُمّ پڑھیں۔ اس کے بعد امام تین تکبیریں اور کہے گا۔ پہلی اور دوسری تکبیر کے بعد ہاتھ چھوڑ دیں۔ تیسری تکبیر کے بعد پھر ہاتھ باندھ لیں۔ امام فاتحہ اور سورۃ پڑھے گا، مقتدی خاموش رہیں اور دوسری رکعت میں بھی امام فاتحہ اور سورۃ پڑھنے کے بعد امام تین تکبیریں زائد کہے گا۔ ہر بار ہاتھ اٹھا کر چھوڑ دیئے جائیں۔ چوتھی تکبیر میں رکوع میں چلے جائیں اور باقی نماز حسب دستور امام کے ساتھ پوری کریں اور پھر خطبہ سُن کر دُعا مانگے اور اگر عیدگاہ میں ایسے وقت پہنچیں کہ امام نے قرأت شروع کر دی ہو تو نیت کر کے شامل ہو جائیں۔ بغیر ثنا پڑھے تین تکبیریں کہہ لیں مگر ہاتھ نہ اٹھائیں اور اگر امام کو دوسری رکعت میں یا قعدہ میں جا پائیں تو شریک ہو جائیں اور امام کے سلام پھیرنے کے بعد اپنی نماز بطریق مذکورہ پوری کریں۔

تکبیر تشریق : نویں ذی الحجہ کی فجر سے تیرھویں تاریخ کی عصر تک باجماعت پنجگانہ نماز کے بعد ایک بار بلند آواز سے تکبیر کہنا واجب ہے۔ اور مستحب نماز تنہا پڑھنے والے پر واجب نہیں مگر کہنا اچھا ہے۔ تکبیر یہ ہے: اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اَللّٰہُ اَکْبَر۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ۵۔ ترجمہ :۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ اس کے سوائے کوئی معبود نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ اسی کے لئے سب تعریف ہے۔

عید کی شب بیداری : (۱) حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص عید کی راتوں میں قیام کرے گا اس کا دل نہ مرے گا۔ جس دن لوگوں کے دل مریں گے۔ (۲) جو شخص پانچ راتوں میں شب بیداری کرے اس کیلئے جنّت واجب ہے: آٹھویں، نویں، دسویں ذی الحجہ کی راتیں، عید الفطر کی رات، شب برات۔

عید کی سُنتیں اور مستحبات : صبح کی نماز عیدگاہ یا مسجد میں ادا کرنا، مسواک کرنا، حسب استطاعت اچھے کپڑے پہننا، خوشبو لگانا، عیدگاہ جلد اور پیدل جانا، اک راستہ سے جانا اور دوسرے راستہ سے واپس آنا، راستہ میں تکبیر مذکورہ بالا پڑھنا، عید الضحیٰ میں نماز سے پہلے کچھ نہ کھانا، عید الضحیٰ کی نماز جلد پڑھنا، کثرت سے صدقہ دینا اور خوشی کا اظہار کرنا، مبارک باد دینا۔

عشرۂ ذی الحجہ کے فضائل : ماہ ذی الحجہ کے پہلے دس دنوں کی احادیث مبارکہ میں بڑی فضیلتیں وارد ہوئی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:-

(۱) کسی دن نیک عمل کرنا ذی الحجہ کے دس دنوں سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب نہیں، صحابہ اکرام نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا خدا کی راہ میں جہاد بھی نہیں ــــ؟ فرمایا نہیں! مگر وہ مجاہد جو اپنی جان و مال سے نکلا پھر کچھ بھی واپس نہ لایا یعنی خود بھی شہید ہو گیا اور گھوڑا وغیرہ بھی ہلاک ہو گیا۔

(۲) عشرۂ ذی الحجہ سے زیادہ فضیلت والا اور محبوب اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور کوئی زمانہ نہیں جس میں نیک عمل کیا جائے۔ ان دنوں میں سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کثرت سے پڑھا کرو اور شب قدر کی عبادت کے برابر ہے، یعنی نو روز کے روزے رکھے۔ عید کے دن روزہ رکھنا حرام ہے۔ سال بھر میں پانچ روزے رکھنا حرام ہے: عید الفطر، عید الضحیٰ اور تین دن ایّام تشریق یعنی ۱۱، ۱۲، ۱۳ ذی الحجہ کے۔

قُربانی کی فضیلت : سیّد عالم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: (۱) عید قربان کے دن ابن آدم علیہ السلام کا کوئی عمل اللہ تعالیٰ کے نزدیک قربانی سے زیادہ پسندیدہ نہیں۔ وہ قربانی اپنے سینگوں اور بالوں اور کھروں کے ساتھ قیامت میں آئے گی۔ اور اس کا خون زمین پر گرنے سے پہلے حق تعالیٰ کی بارگاہ میں قبول ہوتا ہے۔

(۲) قربانی کے جانوروں کو موٹا کرو کیونکہ وہ تمہارے لئے پل صراط پر سواریاں بنیں گی۔

(۳) صحابہ اکرام رضی نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ قربانیاں کیا ہیں؟ فرمایا تمہارے باپ ابراہیم کی سنّت ہے۔ عرض کیا اس میں ہمارے لئے کیا ثواب ہے؛ فرمایا ہر بال کے بدلے ایک نیکی۔ عرض کیا۔ اون (یعنی اونٹ، بھیڑ، دنبہ میں اون ہوتی ہے۔) اس کا کیا حکم ہے فرمایا اون کے ہر بال میں بھی ایک نیکی۔

قربانی نہ کرنے پر وعید : حضور فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جس میں قربانی کرنے کی وسعت ہو اور پھر وہ قربانی نہ کرے تو وہ ہماری عیدگاہ میں نہ آئے۔

وہ لوگ جن پر قربانی واجب ہے:-

قربانی ہر مسلمان، عاقل، بالغ، مالک نصاب پر واجب ہے۔ مالکِ نصاب وہ شخص ہے جسکے پاس ساڑھے سات تولے سونا یا ساڑھے باون تولے چاندی ہو۔ یا کچھ سونا اور کچھ چاندی دونوں مل کر کوئی ایک نصاب پورا ہو جائے۔ نوٹ وغیرہ جب سونے چاندی کے نصاب کی قیمت میں ہوں تو انہیں کے حکم میں ہے۔ اولاد وغیرہ کی جانب سے قربانی واجب نہیں۔ بلکہ مستحب ہے اور قربانی میں جانوروں کا ذبح کرنا ضروری ہے۔ قیمت دینے سے قربانی ادا نہ ہوگی۔ جس کے ذمہ قربانی ہو اس کو ذی الحجہ کی چاند رات سے لیکر دسویں دن تک خط نہ بنوانا، ناخن نہ کٹوانا مستحب ہے۔ بلکہ جسے قربانی کی استطاعت نہ ہو وہ بھی ایسا ہی کرے۔ حدیث شریف میں ہے کہ حق تعالیٰ اسے بھی قربانی کا ثواب عطا فرمائے گا۔

قربانی کے جانور : قربانی کے چھ جانور ہیں: اونٹ، گائے، بھینس، بکری، دُنبہ، بھیڑ، پانچ سال کا اونٹ، دو سال کی گائے، بھینس، ایک سال کی بھیڑ، بکری قربانی کے لئے کام آسکیں گی۔ اس سے کم عمر کی قربانی جائز نہیں ہے۔ البتہ چھ مہینے کا دُنبہ جو دُور سے دیکھنے میں سال بھر

والوں میں مل جائے تو اس کی بھی قربانی جائز ہے۔

وہ جانور جن کی قربانی جائز نہیں : اندھے، کانے، لنگڑے یا جس جانور کا سینگ، کان، ناک، دُم، تھن کوئی عضو تہائی سے زیادہ کٹا ہو۔ یا جس کے کان، دانت سرے سے پیدا ہی نہ ہوئے ہوں یا بکری کا ایک گائے بھینس کے دو تھن نہ ہوں یا علاج سے خشک کر دیئے گئے ہوں کہ دودھ نہ اُترے یا بیمار ہو یا اتنا کمزور ہو کہ ذبح تک نہ پہونچ سکے ان سب کی قربانی جائز نہیں۔

قربانی کا وقت : شہری کیلئے بعد نماز عید اور دیہاتی کیلئے دسویں ذی الحجہ کی صبح صادق سے ہے اور قربانی کا آخری وقت بارہویں تاریخ سورج غروب ہونے سے پہلے تک ہے۔

قربانی کے ذبح کرنے کا طریقہ : قربانی کا جانور اپنے ہاتھ سے ذبح کرنا سنّت ہے۔ اگر خود ذبح نہ کر سکے تو اپنی موجودگی میں کسی اور سے کرائے۔ لیکن اس کے لئے اجازت کا ہونا ضروری ہے اور جانور کو بھوکا پیاسا ذبح نہ کیا جائے۔ اور نہ اس کے سامنے چھری تیز کی جائے۔ اور جب تک سرد نہ ہو جائے کھال نہ اُتاری جائے۔ اور نہ کوئی عضو کاٹا جائے۔ وقت قربانی جانور کو بائیں پہلو پر قبلہ رو لِٹاکر تیز چھری سے ذبح کیا جائے۔ ذبح سے پہلے اس دعا کو پڑھ لینا بہتر ہے :

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝

قربانی کی کھال : اس کو بیچ کر نہ قیمت اپنے صرف میں لائے نہ قصاب کی اُجرت میں دے، نہ جانور کی اُجرت میں دے بلکہ میت کے کفن کے لئے یا کسی مدرسہ یتیم خانہ کو دیدے۔

قربانی کا گوشت : مستحب یہ ہے کہ گوشت کے تین حصے کرلیں : دو حصے اپنے اور اپنے عزیزوں کو دیں اور ایک فقیروں کو دیدیں۔ اگر سب خود بھی کھالیں یا عزیزوں کو کھلائیں یا رشتہ داروں میں تقسیم کردیں یا فقیروں کو دیں یا پکاکر کھلادیں تو یہ سب جائز ہے۔

راست کرداری ریاضت ہی بڑی
صلح رحمی، نیک عادت ہی بڑی
خیر خواہی ہیں ہے مخلوق کی
یہ حقیقت میں عبادت ہی بڑی

●

پیروی دل سے کرو اسلاف کی
اُن کے نیک اطوار و نیک ادعا کی
بادشاہ ظالم بھی ہو جب اے خلیل
اس کے مُنہ پر کہہ دبات انصاف کی

●

شوق ہے میری سواری برملا
ہے "غم دل" میرا ساتھی برملا
زندگی ہیں ہے انیس اپنا خلیل
رات دن "ذکر الٰہی" برملا

خدائے ذوالجلال

(از:- عزیز الملک خلیل سیمابی کولاری)

مرے کریم مرے ذوالجلال یا اللہ
نہ کر جہاں میں مجھے پائمال یا اللہ
کہاں ہے ایسی بشر میں مجال یا اللہ
تو بے نیاز، تو ہے بے مثال یا اللہ

تراشریک نہیں کوئی تیری قدرت میں
تو بے نیاز، تو ہے بے مثال یا اللہ

ہے کائنات دو عالم پہ رات دن جاری
یہ تیرا فیض یہ جود و نوال یا اللہ

فقط رہے گا ترا نام، قائم و باقی
تو لازوال ہے تو لایزال یا اللہ

کبھی نظر نہیں آتا ہے نامراد کوئی،
ترے حضور میں یا ذوالجلال یا اللہ

سمجھ سکے نہ کبھی راز تیری حکمت کا
ہزاروں یوں تو ہیں اہل خیال یا اللہ

اگر تو چاہے تو دو جہاں بدل جائیں
عجب کمال ہے تیرا کمال یا اللہ

تو اپنے لطف و کرم سے سنوار دے اسکو
بہت خراب ہے دنیا کا حال یا اللہ

خوشی سے صبح و مسا رکھ تو اہل ملت کو
نہ دل میں ان کے ہو باقی ملال یا اللہ

خلیل تفتہ جگر کی یہی تمنا ہے
دکھا دے پیارے نبی کا جمال یا اللہ

مدحت احمد مختار

از عزیز الملک خلیل سیمابی

دیارِ محمد کا دلکش نظارا
تڑپتے دلوں کا بنا ہی سہارا
ہمیں موت آئے مدینہ میں یارب
نہیں ہند کی زندگانی گوارا
منور ہوئے دو جہاں کے مقدر
کہ جب نور احمد ہوا آشکارا
جہاں آستانہ ہوا ہے نبی ﷺ کا
وہاں خاتمہ ہو الٰہی ہمارا
وہاں فضلِ حق بہر امداد آیا
نبی ﷺ کو جہاں بیکسوں نے پکارا
خلیل اس شہنشاہ طیبہ کا روضہ
وسیلہ بنا دو جہاں میں ہمارا

قاعدہ دریافت کرنے اس امر کا کہ فلاں شخص کے نام کی راس کیا ہے اور کون سیارہ اسکو منحوس اور بری سیارہ اسکی راس سے کسقدر دور ہے

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
نام سیارگان	زحل سنیچر	مشتری برہسپت	مریخ منگل	شمس سورج	زہرہ شکر	عطارد بدھ	قمر چندرما	راس راہو	ذنب کیتو	٠	٠	٠
نام برج یعنی لگن	حمل میکھ	ثور برکھ	جوزا متھن	سرطان کرک	اسد سنگھ	سنبلہ کنیا	میزان تلا	عقرب برچھک	قوس دھن	جدی مکر	دلو کنبھ	حوت مین

سینچر معلوم کرنیکا قاعدہ:- اول ہر شخص اپنے نام کا پہلا حرف دریافت کرے فرض کیجیے کہ آپ کے نام کا پہلا حرف (ق یا ک) ہے تو اس تقویم کے صفحہ ... پر دائرہ بسلطۃ الاشکال یعنی ہوڑا چکر کے برج ہائے مذکورہ سے دیکھیے کہ وہ حرف کس راس میں درج ہے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ (ق و ک) متھن راس یعنی برج جوزا میں ہے اب زحل یعنی سنیچر کو دیکھنا

ہے کیونکہ یہی سیارہ نحس اکبر ہے فرض کرلو کہ معلوم کرنیوالے کا نام قادر بخش ہے تو اسکی راس یا لگن سے کتنی راس کے فاصلے پر ہے نقشہ مذکورہ بالا میں ہم نے متھن راس سے شمار کیا۔ اسطرح کہ متھن پہلا گھر یا راس اسکے برابر بائیں جانب کرک راس دوم اور سنگھ راس تیسری کنیا راس چوتھی تلا راس پانچویں برچھک راس چھٹی دھن راس ساتویں مکر راس آٹھویں کنبھ راس نویں مین راس دسویں اور میکھ راس گیارھویں ہوا جسمیں سیارہ سنیچر ہے اور برہسپت یعنی مشتری اس شمار سے بارھویں گھر میں اور مریخ یعنی منگل متھن راس کو پہلے گھر میں اور دوسرے گھر سورج اور تیسرے گھر میں زہرہ یعنی شکر معلوم ہوا اب مجملاً نحس اور بدی سیارگان کی لکھتے ہیں مفصل کیفیت درج گوشوارہ کی جانیئے آفتاب سائل کو ۲-۶-۱۰-۱۱ راس میں ہو تو مبارک ہوتا ہے اور زحل یعنی سنیچر سائل کو ۳-۶-۱۱ راس پر ہو تو بہت مبارک ہے قمر یعنی چندرما ۱-۳-۶-۷-۱۰-۱۱ راس پر ہو تو مبارک ہے۔ اور عطارد یعنی بدھ ۲-۵-۶-۹-۱۰-۱۱ راس پر سائل کے ہو تو مبارک ہے اور مشتری یعنی برہسپت ۵-۷-۹-۱۱ راس یعنی گھر میں ہو تو بہت نیک ہے اور زہرہ یعنی شکر ۱-۲-۳-۴-۵ راس پر ہو تو مبارک ہے۔ اور راس یعنی راہو اور کیتو یعنی ذنب یہ ۳-۶-۷-۹ راس پر سائل کے ہوں تو مبارک ہے۔

فلک البروج

از ______ مؤلف تقویم ہذا

(آکاش) ہفت سموٰت کے زیرین فلک البروج جس کو راسی منڈل کہتے ہیں پوتھی سورج سدھانت سے ہے اس میں بے شمار ثوابت مثلی نگینہ کے جڑے ہیں اور نچھتر منڈل منڈل بھی اس کے ساتھ ملحق ہے جس کے بارے میں بعضوں نے لکھا ہے یہ فلک ۳۶ ہزار اور بقول بعض ۲۴ ہزار برس بحساب ہجرت ۲۱۶۰۰ برس میں یہ اپنے دائرہ محیط کا ایک چکر لگاتا ہے اور یہ فلک اپنے محور پر سیدھی رفتار سے چلتا ہے۔

اسکے بارے میں منقول ہو کہ جب تک فلک گردش کرتا ہے پھر اپنے اصلی مقام پر آجاتا ہو تو اس وقت دنیا میں سخت انقلاب اور مذہبوں میں ترمیم اور حکومتوں میں تغیر و تبدل اور نئی نئی صورتیں ظہور میں آتی ہیں پس ہر ایک سیارہ کی گردش کے حساب سے دار و مدار تمام اس فلک پر منحصر ہے جسکی نسبت جوتشی منجم لوگ بتلاتے ہیں کہ فلاں سیارہ اس فلاں راشی برج میں ہے اسلئے ابتدا سے انتہا تک تمام سیارے اپنی راشیوں کے زیر اثر چکر لگاتے ہیں جس کے بارے میں سورج سدھانت پہلا ادھیائے اشلوک نمبر ۲۸ میں لکھا ہے کہ ترجمہ شلوک ۶۰ وکلا کی ایک کلا اور ۶۰ ساٹھ کالنش اور تیس انس کی راشی یعنی ایک برج اور ۱۲ راشیوں کا ایک بھگن ہوتا ہے لہٰذا اس گرنتھ کے دیگر اشلوکوں کے انسار ہم ذیل میں ترتیب سے ہر ایک یگ کے بھگنوں (حسابوں) کا نقشہ برائے آسانی کے دکھلاتے ہیں ایک مہایگ میں سیاروں کے بھگنوں کا نقشہ یہ ہے۔

ایک مہایگ میں بارہ راشیوں کی گردش کا شمار

بھشتر ۸ ۲۸ ۲۲۳ ۱۵۸۳ / شنیچر زحل ۱۴۶۵۶۸ / برہسپت مشتری ۳۶۴۲۲۰ منگلی مریخ ۲۲۹۶۸۳۲ / سورج آفتاب ۴۳۲۰۰۰۰ / زہرہ شکر ۷۰۲۲۳۷۶ عطارد بدھ ۱۷۹۳۷۰۶۰ / چندرماں ماہتاب ۵۷۷۵۳۳۳۶

واضح ہو کہ نقشہ مندرجہ بالا میں جو گرہوں یعنی سیاروں کے بھگنوں کے اعداد دکھلائے گئے ہیں ان سے یہ مراد ہے کہ ایک یگ میں ۱۲ راشیوں کا اتنی مرتبہ چکر گردش کرتا ہے چنانچہ سدھانت کے ۱۲ ادھیائے کے شلوک نمبر ۷۷،۷۶ میں لکھا ہے کہ الپ کھلیا یعنی تھوڑے وقت میں بھگن کا بھوگ کرتا ہے۔ اور بہا کلکیا یعنی بڑے محیط والا سیارہ دیرک کال یعنی زیادہ مدت میں بھوگ کرتا ہے مثلاً ایک سے وقت کے مدہ الپا کلکھیا والا یعنی چھوٹے محیط والا چندرماں بہت سے بھوگن بھوگتا ہے پس ان دونوں شلوکوں سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر ایک سیارہ بلحاظ اپنے چھوٹے بڑے محیط کے سبب کم و بیش چکر لگاتا ہے اس لئے جس گرہ کے بھگن کو ایک ہزار ضرب ایک کلپ کے چکر نکل آئے جس سے یہ معلوم کہ ایک کلپ میں فلاں ستارے ۱۲ برجوں کے اتنے چکر گردش کریں گے۔

نوٹ:۔ ماہتاب کے حساب کو ایک ہزار سے ضرب بکر ایک کلاپ کے بھگن چندرماں کے برآمد کو لو۔ اور پھر ان کو چندرماں کی کھکیا یعنی دائرہ محیط کے اعداد سے ضرب دے دو تو تمام آکاش کی کھکیا یعنی دائرہ محیط برآمد ہو گا۔ دیکھو چندرماں کا ایک بھگن۔

مہایگ کا حساب ذیل ہے ۵۷۷۵۳۳۳۶ ہوئے ان کو ایک ہزار سے ضرب کیا تو ۵۷۷۵۳۳۳۶۰۰۰ ہوئے اس کو چندرماں کے محیط ۳۲۴۰۰۰ سے ضرب دیا تو

۵۷۷۵۳۳۳۶۰۰۰ ہوئے اس کو چندرماں کے محیط ۳۲۴۰۰۰ سے ضرب دیا تو
۱۸۷۱۲۰۸۰۸۶۴۰۰۰۰۰ حاصل جمع آکاش کی کھکیا دائرہ محیط برآمد ہوا پس یہی کھکیا آکاش کی بیشتر دیکھلائی گئی ہے

سنکرات یعنی تحویل آفتاب کے نتائج منجمان ہندستان کے نزدیک یہ ہے

کہ ہر ایک تحویل آفتاب کے ۳ اقسام ہیں اول استادن دوئم نشستن سوم خفتن بہ موجب نچھتر کے خیال کیا جاتا ہے۔ تحویل آفتاب مول نچھتر یا شرون یا ہبیا کھ یا استی یا روہنی یا مگھا یا پوربا یا بھادر پد یا ہست نچھتر میں سے کسی نچھتر میں واقع ہو تو نشستن تحویل ہے جو ارزانی غلہ کا آثار ہے اگر جیشٹا یا سواتی کرتکا اترکھا دست بھکبیا یوتی آدرا شلیکھا ان میں سے کسی نچھتر ہو خفتن نام ہے اوسط درجہ کا نرخ قائم رہتا ہے اگر تحویل بھرنی یا مرگسر پوربا پھالگنی، اترا، یا پوربا کھاد، دھنشٹا، چترا، اتربھادرپد میں سے کسی نچھتر میں واقع ہو تو استادن تحویل آفتاب ہے جس میں گرانی غلہ کا آثار ہوتا ہے سوداگران کے حق مفید نافع ہے

(نوٹ) موسم سرما میں شروع سال نشستن ہوگا اور حال بہتر گزرے گا اگر موسم گرما میں استادن ہو تو ملک میں ارزانی کا خیال کیا جاتا ہے۔

تحویل آفتاب کے دنوں کے نتائج

شمس کے روز تحویل ہو تو عاج کی سواری ہوتی ہے پس اس میں ہوا تیز و تند چلے جھگڑا فساد زیادہ ہو اور نرخ بر نرخ گراں ہوں لوگوں کو تکلیف پہنچے بارش کی کمی کے آثار ہیں۔

قمر روز تحویل آفتاب ہو اس کی سواری کشتی کی ہوتی ہے پس مرجان گوہر اور غلہ روغن زرد روغن قلم روغن کنجد ارزانی پر رہے بارش زیادہ ہو۔

مریخ بروز تحویل آفتاب ہو اس کی سواری اسپ تازی کی ہوتی ہے اس ماہ میں لوگوں کو ہر قسم کی تکلیف اور امراض صفرادی و اکازنی زہرنی و زدی زیادہ ہوں اور نیچے درجہ کے حکام آنکھ مچولی کریں حکومت کی خیر خواہی پر نہ رہیں اور ہر اشیا کا نرخ اوسط درجہ پر رہے۔ بروز عطارد کو تحویل آفتاب ہو تو اس کی سواری بھی کشتی کی ہے اور غلہ کا نرخ اوسط درجہ پر رہے اور رسی گنا کا اور مونگ فلفل سیاہ گراں ہو بروز تحویل آفتاب مشتری بند میں نندا ہے اسی ماہ میں تمام لوگ خوش حال رہیں شب کو مردنگ بجا دیں ہر قسم کا غلہ ارزاں ہوں حکام لوگ سچائی و صادق رہیں اور چوپایہ کی پیدائش بہت ہو اور خوشی کی خبریں زیادہ سننے میں آئیں اور مذہبی امور پر غافل نہ رہیں دھرم کرم میں مشغول رہیں بروز زہرہ تحویل آفتاب ہو اس کی سواری مادہ اسپ سیاہ کی ہے اس ماہ میں غلہ گراں ہو اور لوگوں میں اتحاد نہ رہے تکلیف سے زندگی بسر ہو مثل ہے کہ سچ کہنے تو مارا جائے جھوٹ کہے تو جگ ہتیائے

واللہ عالم بالصواب

ستاروں کا آسمانی دورہ

کلام الدین حفید حکیم شمس الدین منجم

قمر معلوم ہو کہ ماہتاب انتیس دن اور ایک دن کی تہائی میں آسمان کا دورہ کرتا ہے اور ماہتاب کا ہر برج میں دو دن تین شب کا مقام ہے ماہتاب برج ثور میں شرف ہوتا ہے دن دوشنبہ ہے بارد مؤنث بلغمی ہے اور حرارت اس کی عارضی ہے کیونکہ اس کی روشنی آفتاب کی روشنی سے ہے جنسی اور نیت کا بادشاہ ہے۔

عطارد عطارد کا ہر برج میں پندرہ دن اور اٹھائیس روز کا دورہ ہے برج سنبلہ میں شرف ہے روز چہارشنبہ ہے گاہ مؤنث گاہ مذکر سعد ہے کبھی نحس ہو جاتا ہے حرارت اس کی معتدل ہے اور یہ گفتگو اور نوشت وخواند کا بادشاہ ہے۔

زہرہ زہرہ کا دور دوسو چوبیس روز کا ہے اور ایک دن کی چوتھائی میں برج حوت شرف میں ہے روز جمعہ سرد تر مزاج بلغمی مؤنث ہے گاہ سعد شادی اور خوشی کا بادشاہ ہے شہوت وزینت اور تالیف قلوب وحسن لہو لعب رقاصہ موسیقی ہے۔

آفتاب شمس ٣٦٥ روز میں فلک کو طے کرتا ہے دن یکشنبہ ہے اور شرف برج حمل میں اور مذکر گرم خشک ہے مزاج صفراوی اور یہ سعد بالنظر ونحس بالمقابل ہے جوہر اس کا سونا زر ہے علوم شرافت خوشی وسرور کا یہ بادشاہ ہے

مریخ بہرام چھ سو تیس روز میں دورہ کرتا ہے اور برج جدی میں شرف ہے دن سہ شنبہ ہے مزاج گرم خشک ہے جب مریخ زحل کے قریب ہوتا ہے جب جنگ، جدال عالم میں بکثرت ہوتی ہے مزاج صفراوی ہے جوہر اس کا لوہا مزہ کڑوا ہے اور اعضاء میں سے سر اور معدہ اور قتل وغارت اور عورتوں سے تعلق ہے

مشتری مشتری کا دورہ گیارہ برس میں ہر برج میں گیارہ سال اور سرطان برج میں شرف ہے دن پنج شنبہ ہے مذکر معتدل روحانی بادی مزاج ہے اور سعد ہے خون سے اس کا تعلق ہے جوہر اس کا جست مزہ میٹھا رنگ سفید ساکن ہوا جدول میں ہوتی ہے اس کا یہ بادشاہ ہے اور بخششیں اور ریاست کا اسی سے تعلق ہے

زحل ۔ زحل ٢٩ اور برج میں ٣٠ ماہ اور میزان برج میں شرف ہے روز شنبہ ہے اور زہرہ سے قران ہو تو قحط سالی وگرانی نمایاں ہو اور جب زحل عطارد سے قران کرے تو کاتبوں محرر کا حال عروج پر ہو اور جب قمر سے قران کرے تو حکام سے ظلم سرزد ہوں اور جب مریخ سے قران کرے تو عالم میں حد درجہ کی سختیاں ظاہر ہوں اور مشتری سے ہو جب بھی یہی اثر ہو مزاج سرد خشک اور تاریکی اندھیرا ہے سوداوی مزاج جوہر جوہر اس کا سیسہ مزہ اس کا کڑوا رنگ سیاہ حرارت اور نفرت اور ظلم وقہر اسی سے متعلق ہیں ذکر عضو تناسل کا یہ بادشاہ ہے ساعت نحس ہے۔

سیاروں کی ساعت طلوع آفتاب جس روز ہوتا ہے ساعت ستارے کی شروع ہو جاتی ہے مثلاً ایک شنبہ اتوار اول ساعت آفتاب کی ہے اعمال محبت اور قبول بادشاہوں کے پاس جانے اور نئے کپڑے پہننے کے واسطے بہتر ہے وسعد دوسری ساعت زہرہ کی ہے اور نحس ہے کوئی کام شروع نہ کیا جائے تیسری ساعت عطارد کی ہے سفر کے واسطے اور تعویذات محبت کے لئے مفید ہے چوتھی ساعت ماہتاب کی ہے اس ساعت میں خرید کرنا منع ہے پانچویں ساعت زحل کی ہے بغض عداوت کے لئے ہے چھٹی ساعت مشتری کی ہے بادشاہوں امیروں سے طلب حاجت کے لئے ہے ساتویں مریخ کی ہے کچھ نہ کرنا چاہیئے نحس ہے آٹھویں ساعت آفتاب کی ہے سب کاموں کے لئے بہتر ہے نویں ساعت زہرہ کی ہے جب کے اعمال کے لئے۔ دسویں ساعت عطارد کی ہے جو حاجت ہو کیجئے سعد ہے۔

گیارہویں ساعت قمر کی ہے نحس ہے بارہویں ساعت زحل کی ہے عداوت کیلئے ہے۔ دوشنبہ پہلی ساعت ماہتاب کی ہے محبت زبان بندی جلب قلوب کے واسطے بہتر ہے دوسری ساعت زحل کی ہے سفر اور ہر کاموں کے لئے بہتر ہے تیسری ساعت مشتری کی ہے شادی نیک کام وختنہ کے لئے خوب ہے چوتھی ساعت مریخ کی ہے بغض کے لئے ہے پانچویں ساعت آفتاب کی ہے قضاء حاجت زبان بندی کے واسطے چھٹی ساعت زہرہ کی ہے اعمال طلسمات کے لئے ہے ساتویں ساعت عطارد کی ہے زبان بندی کے واسطے ۔ آٹھویں ساعت ماہتاب کی ہے شادی کرنا محفل سجانا بہتر ہے نویں ساعت زحل کی ہے انقلاب کرنا ایک جگہ دوسری جگہ جانا بہتر ہے دسویں ساعت مشتری کی ہے سعد ہے ہر کاموں کے لئے گیارہویں ساعت بہرام کی ہے عداوت بغض کیلئے ۔

بارہویں ساعت آفتاب کی ہے زبان بندی کیلئے ۔ سہ شنبہ اول ساعت بہرام کی ہے اعمال بغض عداوت کیلئے سحر کرنیوالوں کو ہلاک کرنا بہتر ہے دوسری ساعت شمس کی ہے بچے اس ساعت میں کوئی کام نہ کرے تیسری ساعت زہرہ کی ہے منگنی کرنا نکاح کیلئے بہتر چوتھی ساعت عطارد کی ہے بیع وشراء اور تجارت کے واسطے پانچویں ساعت ماہ کی ہے یہ منحوس ہے ۔ چھٹی ساعت زحل کی ہے معاملات کے کاغذات لکھنے اور امراض کے واسطے ساتویں ساعت مشتری کی ہے محبت وعطف کے جو اعمال چاہو کیجئے آٹھویں ساعت مریخ کی اس میں خون بہانے و دشمن ہلاک کرنے کیلئے نویں ساعت شمس کی ہے نکاح ومحبت کے واسطے عمدہ ہے دسویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے گیارہویں ساعت عطارد کی ہے تعطیل اسفار کے واسطے اور طلاق کے واسطے ۔ بارہویں ساعت قمر کی ہے اعمال بغض عداوت وطلاق وشرارت کیلئے چہارشنبہ اول ساعت عطارد کی ہے قبول ومحبت کے واسطے دوسری ساعت قمر کی ہے اس میں کچھ نہ کرے تیسری ساعت زحل کی ہے دشمن کو بیمار کرنے کے لئے۔

چوتھی ساعت مشتری کی ہے نیک کاموں کے لئے خوب سعد ہے پانچویں ساعت بہرام کی ہے اس میں جنگ و جدال کے لئے فساد سے تعلق ہے چھٹی ساعت مہر کی ہے خشکی وتری کے واسطے ۔ ساتویں ساعت زہرہ کی ہے خوب سعد ہے ہر کاموں کے لئے۔

آٹھویں ساعت عطارد کی ہے نظر بد وتعویذ بچوں کے لئے چہارشنبہ عطارد نویں ساعت قمر کی ہے فرقت بغض کے لئے دسویں ساعت زحل کی ہے بیمار کرنے کیلئے اور بادشاہوں سے ملنے کے لئے ۔ گیارہویں ساعت مشتری کی ہے تمام کام اچھا ہے بہت سعد نیک ہے بارہویں ساعت مریخ کی ہے شر ونحس کام کے لئے ۔

۔ پنجشنبہ پہلی ساعت مشتری کی ہے طلب رزق اور قبولیت اللہ تعالیٰ سے فجر کی نماز ادا کر کے ایک سو بار حلیم علی حبیب سو بار یا وہاب سو بار یا رزاق سو بار یا باسط پھر سو بار درود شریف اول ہر الفاظوں پر شروع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ پھر اپنی حاجت خداوند کریم سے طلب کریں روزانہ ایک ہی روز کے واسطے ہیں ۔

دوسری ساعت مریخ کی ہے سفر نہ کرنا چاہیئے تیسری ساعت شمس کی ہے اس ساعت میں بھی سفر نہ کریں اور قبول صاحب کی تعویذ لکھیں چوتھی ساعت زہرہ کی ہے شادی واعمال محبت کئے جاتے ہیں پانچویں ساعت عطارد کی ہے عورت ومرد عقد کرنے کیلئے ومتاع بھی غیر مذاہب کرتے ہیں اور ساعت سعد ہے چھٹی ساعت قمر کی ہے اعمال خیر سعد ہے راہ پیدل کشتی جہاز سفر نیک ہے ساتویں ساعت زحل کی ہے فیصلہ نہ کریں ۔ سردار

وجود ہری دہتو اسی ساعت میں بنجلیت ممنوع ہے ان لوگوں کے لئے نحس ہے اور اہل قلم سے مقابلہ کرنے کے لئے خوب ہے آٹھویں ساعت مشتری کی ہے تمام نیک کام کیلئے مبارک ہے۔ نویں ساعت مریخ کی ہے امرا و سلاطین سے ملاقات کرنا بہتر ہے دسویں ساعت آفتاب کی ہے اہل منصب وقاضی امراء و سرداران وزمیداران سے ملنا مبارک ہے۔ گیارہویں ساعت زہرہ کی ہے محبت کی تعویذ لکھنا عمل حب کے لئے سعد ہے بارہویں ساعت عطارد کی ہے کوئی کام نہ کیاجائے روز جمعہ اول ساعت زہرہ کی اس میں شادی و منگنی بیغام کے لئے مبارک ہے دوسری ساعت عطارد کی ہے اس میں طلسمات ہرقسم کے اعمال تیار کرنے چاہئیں تیسری ساعت قمر کی ہے بہت نحس ہے سحر کرنیوالوں کو پریشان کرنے کے لئے ہے۔

چوتھی ساعت زحل کی ہے کوئیں کھدوانے اور چشمے بنوا لئے ایسے کاموں کیلئے بہتر ہے پانچویں ساعت مشتری کی ہے اس میں عورتوں اور بڑے لوگوں کو تسخیر کرو چھٹی ساعت شمس کی ہے قضاحاجات کے واسطے ساتویں ساعت زہرہ کی ہے عورتوں کو بیغام نکاح اور شادی کرنے کے واسطے۔ آٹھویں ساعت عطارد کی ہے اس میں جو کام کروگے انجام ہوگا۔ نویں ساعت قمر کی ہے فرقت ونقل وحرکت کے واسطے زود اثر ہے دسویں ساعت زحل کی ہے بہت منحوس ہے ڈائن کو مارنے کے لئے گیارہویں ساعت مشتری کی ہے بہت سعد ہے ہرکام کیلئے بارہویں ساعت مریخ کی سفر اور کاموں کیلئے بہتر ہے۔ شنبہ اول ساعت زحل کی ہے اول نیک ہوتی ہے جو عمل کرو کام ہوجاوے اور ماہ کے اول ہفتہ میں دوسری ساعت مشتری کی ہے صلح کے واسطے بہتر جانئے اور حاجت روائی کے واسطے۔ تیسری ساعت مریخ کی ہے بغض وعداوت کیلئے چوتھی ساعت شمس کی ہے بادشاہوں کے پاس جانے حاجت روائی کے واسطے۔ پانچویں ساعت زہرہ کی ہے سعد چھٹی ساعت عطارد کی ہے شکار کے واسطے تعویذ لکھنا۔ ساتویں ساعت قمر کی ہے کچھ نہ کیاجائے۔

آٹھویں ساعت زحل کی ہے بیمار کرنے کے لئے نویں ساعت مشتری کی ہے نیک عمل کیلئے سعد ہے دسویں ساعت مریخ کی ہے شروفساد کیلئے گیارہویں ساعت شمس کی ہے میاں بیوی کی صلح کے واسطے رجب کے لئے بارہویں ساعت زہرہ کی ہے وزیر بادشاہ سے حاجات طلب کرنا۔

وقت سیارگان سعد ونحس

کلام الدین حفید شمس الدین منجم بنارسی

نیک اور بد ساعتوں کے اور کس کام کے واسطے کونسی ساعت مناسب ہے ایک شنبہ اول ساعت شمس کی ہے اعمال محبت اور قبول بادشاہوں کے پاس جانے اور نئے کپڑے پہننے کے واسطے اچھی ہے دوسری ساعت زہرہ کی ہے یہ خراب ہے اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے تیسری ساعت عطارد کی ہے سفر کے واسطے اور نقشیات تعویذیں محبت کیلئے مفید ہے چوتھی ساعت قمر کی ہے اس میں کچھ نہ خریدنا چاہیئے اور نہ فروخت کرنا اور کوئی کام شروع نہ کرنا چاہیئے پانچویں ساعت زحل کی ہے اس میں فرقت اور بغض وغیرہ کے اعمال کرنے کے لئے چھٹی ساعت مشتری کی ہے بادشاہوں اور امیروں سے طلب حاجت کے واسطے اچھی ساتویں ساعت بہرام کی ہے اور اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے آٹھویں ساعت آفتاب کی کل کام اس میں درست ہیں نویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں محبت اور جلب قلوب کے اعمال درست ہوتے ہیں دسویں ساعت عطارد کی ہے اس میں جو چاہو کرو یہ ساعت ہرکام کے لئے بہتر ہے۔ گیارہویں ساعت ماہتاب کی ہے یہ بہت نحس ہے اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے کسی ظالم کو ہلاک کرنا ہو تو کیجئے بارہویں ساعت زحل اسی کے مناسب عمل کرنا چاہیئے۔

دوشنبہ پہلی ساعت قمر کی ہے محبت و زبان بندی اور جلوب قلوب کے واسطے عمدہ ہے دوسری ساعت زحل کی ہے سفر اور ہرکام کے واسطے اچھی ہے تیسری ساعت مشتری کی ہے نکاح شادی کرنا خط وکتابت خوشی کا ہے فیصلہ کرنا مبارک ہے چوتھی ساعت مریخ کی ہے برائے اعمال بکھیر بہانے خراب عادت کے لئے اور پانچویں ساعت قمر کی ہے قضاو حاجت و زبان بندی کے واسطے چھٹی ساعت زہرہ کی ہے اعمال طلسمات کے واسطے ساتویں ساعت عطارد کی ہے قضا حاجت زبان بندی نویں ساعت زحل کی ہے فرقت وبغض اور کسی کو باہر کرانا جگہ دیگر جگہ مفید ہے دسویں ساعت مشتری کی ہے سب کاموں کے واسطے بہتر ہے گیارہویں ساعت مریخ کی ہے عداوت وبغض کیلئے بارہویں ساعت شمس کی ہے زبان بندی عطف قلوب کے واسطے

سہ شنبہ پہلی ساعت مریخ کی ہے یہ اعمال بغض وعداوت کے لئے اور خون ناحق دوسری ساعت آفتاب کی ہے اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے تیسری ساعت زہرہ کی ہے منگنی اور نیک کام کے واسطے چوتھی ساعت عطارد کی ہے بیع وشرو تجارت کے واسطے پانچویں ساعت ماہتاب کی۔ یہ بہت منحوس ہے اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے چھٹی ساعت زحل کی معاملات کاغذ لکھنے اور نذر چشم اور امراض کے واسطے۔ ساتویں ساعت مشتری کی ہے محبت اور عطف کے جو اعمال چاہو اسی میں کرو آٹھویں ساعت مریخ کی ہے اس میں خون بہانے اور دشمن کو ہلاک کرنے کے لئے اعمال کریں نویں ساعت آفتاب کی ہے نکاح کرنا اور محبت کے واسطے عمدہ ہے دسویں ساعت زہرہ کی ہے۔ اس میں کچھ نہ کچھ کرنا چاہیئے گیارہویں ساعت عطارد کی ہے تعطیل اسناد کے واسطے اور طلاق کے واسطے بارہویں ساعت قمر کی ہے اعمال بغض عداوت وطلاق وشرارت کے واسطے۔

چہارشنبہ اول ساعت منشی ملک کی قبول محبت کے واسطے دوسری ساعت قمر کی ہے اس ساعت میں کچھ نہیں تیسری ساعت زحل کی ہے بیمار کرنا اور خون جاری کرنا چوتھی ساعت مشتری کی ہے اس میں نیک کام کرنا چاہیئے سعد ہے پانچویں ساعت بہرام کی ہے اس میں جنگ وجدال کے کام آتے ہیں چھٹی ساعت شمس کی ہے خشکی اور تری کے سفر پر ایک کام کے واسطے بہتر ہے ساتویں ساعت زہرا کی ہے ہرکام کے لئے بہتر ہے نویں ساعت قمر کی ہے فرقت بغض کے واسطے دسویں ساعت زحل کی ہے بادشاہوں سے ملنے کے واسطے گیارہویں ساعت مشتری کی ہے اس میں ہرایک کام اچھا ہوتا ہے سعد ہے بارہویں ساعت مریخ کی ہے نفرو نحس کے واسطے۔

پنجشنبہ جمعرات اول پہلی ساعت مشتری کی ہے طلب رزق اور قبولیت کے واسطے دوسری ساعت مریخ کی ہے اس میں سفر کرنا منع ہے دشمن سے بدلہ لینے اور خون بہانے کے اعمال کرو تیسری ساعت مریخ کی ہے اس میں بھی سفر نہ کرو محبت کی تعویذ لکھو چوتھی ساعت زہرہ کی ہے اس میں محبت اور شادی وخوشی کے اعمال کئے جاتے ہیں پانچویں ساعت عطارد کی ہے عورت اور مرد کے عقد کرنے ہرکام کے لئے بہتر ہے چھٹی ساعت قمر کی ہے خشکی اور تری کے سفر اور ہرایک عمل کے لئے عمدہ ہے۔ اور ساتویں ساعت زحل کی ہے اس میں فیصلہ نہ کرنا چاہیئے اور اہل ظلم کے واسطے مقابلے کے لئے بہتر ہے آٹھویں ساعت مشتری کی ہے ہرایک نیک کام اسی میں کرسکتے ہیں نویں ساعت مریخ کی ہے امرا سلاطین اور حکام سے

ملاقات کرنا بہت بہتر ہے دسویں ساعت شمس کی ہے امراء اور اہلِ منصب سے ملاقات اور حاجت روائی کے واسطے۔ گیارہویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں حب کی تعویذ لکھو۔ بارہویں ساعت عطارد کی ہے اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔

روز جمعہ پہلی ساعت زہرہ کی ہے اس میں شادی منگنی ختنہ و محفل سجانا بہتر ہے دوسری ساعت عطارد کی ہے اس میں طلسمات ہر قسم کے اعمال تیار کئے جاتے ہیں۔ تیسری ساعت قمر کی ہے اس میں کبھی کچھ نہ کرنا چاہیئے نحس اکبر ہے چوتھی ساعت زحل کی ہے چاہ کھدوانا اور چشمے بنوانا سعد ہے اور ایسے کاموں کے واسطے سعد مخصوص ہے پانچویں ساعت مشتری کی ہے اس میں عورتوں اور بڑے لوگوں کو تسخیر کرو۔

چھٹی ساعت شمس کی ہے قضا حاجت کے واسطے ساتویں زہرہ کی ہے عورتوں کو پیغام نکاح و شادی مذہب شیعہ میں متاع کرنے کے واسطے آٹھویں ساعت عطارد کی ہے اس میں جو کام کروگے وہ بخوبی انجام کو پہنچے گا نویں ساعت قمر کی ہے فرقت نقل و حرکت کے واسطے بہت زود اثر ہے دسویں ساعت زحل کی ہے بہت منحوس ہے گیارہویں ساعت مشتری کی ہے بارہویں ساعت مریخ کی ہے سفر وغیرہ جو کام چاہو کرو سعد ہے شنبہ پہلی ساعت زحل ہر بھی نتنز و منتر کرو اور شنبہ کی پہلی ساعت زحل کے لئے بہتر ہے ورنہ کوئی ساعت زحل کی نہیں ہے دوسری ساعت مشتری کی ہے صلح کے واسطے بہتر ہے تیسری ساعت مریخ کی ہے بعض اعمال کے لئے چوتھی ساعت شمس کی ہے بادشاہوں حکاموں کے پاس جانے اور حاجت روائی کے واسطے بہتر ہے پانچویں ساعت زہرہ کی ہے سعد ہے محبت کیلئے چھٹی ساعت عطارد کی ہے اہلِ قلم کے لئے اور شکار کے لئے ہے ساتویں ساعت قمر ہے اس میں کوئی کام درست نہ ہوگا آٹھویں ساعت زحل ہے عداوت پریشانی کی ہے نویں ساعت مشتری کی ہے بہت سعد نیک کاموں کی ہے میاں بیوی و مرد باہم صلح قبول محبت بارہویں ساعت زہرہ بائی کی ہے۔ بادشاہوں وزیروں اور حکاموں سے نفع حاصل کرنے کے لئے بہتر ہے۔

معلوم ہو کہ جو شخص عمل پر ایک عمل کو وقت پر کریگا فیض ہوگا کیونکہ اس علم کا دروازہ ہے جو شخص اس علم میں داخل ہو اعمل کرنا آسان ہو جائے کامیابی حاصل ہو اور ایک جدول تیار کی ہے جسے تم برجوں کو معلوم کر سکتے ہو کہ یہ برج آتشی ہے اور یہ بادی اور یہ آبی ہے اور یہ خاکی ہے۔ آتشی حمل۔ اسد قوس خاکی ثور سنبلہ، جدی، بادی، جوزا، میزان، دلو، آبی۔ سرطان، عقرب، حوت، جس وقت برج میں قمر ہو اس کے موافق عمل کرنا چاہیئے۔ جب تمہارے پاس کوئی حاجت مند آئے تو اس کا نام اور اس کی ماں کا نام جو کچھ اس کا مطلب ہے ان تینوں کے حروف جدا جدا لکھ کر دیکھو کہ ان حروف میں کون سا عنصر غالب ہے مثلاً آتشی تو جب ماہتاب برج میں یعنی آتشی میں آئے تو عمل کرو کامیابی ہوگی ماہتاب کے برج معلوم کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ ماہ قمری کی جس قدر تاریخیں گزری ہوں اس پر پانچ زیادہ کرو پھر جس برج میں قمر ہے۔

اضمار ملائکہ حروف

جن کے بغیر عمل تمام نہیں ہو سکتا اور وہ یہ کہ جب تم نے کوئی عمل کرنا ہو تب تم طالب اور مطلوب اور اس روز کے حروف میں نظر کرو اور تین تین پر ان کو تقسیم کرو۔ پھر اگر تین سے کم باقی رہے تو آخر حرف بعینہ اس حرف کا اضمار ہے اور اصحاب اسماء کو اس کے بغیر معلوم کئے چارہ نہیں کیونکہ یہ اکثر اعمال میں کار آمد ہے اور اضمار موکلات یہ ہیں موکل حروف الف ظلہ طیائل اور اضمار اس کا ہے حیوب سمطیایا سخلق حروف یار کا اضمار قشیح طلیخ مریخ حرف جیم کے موکل کا اضمار ہلیح سلک بھلوہ حروف دال کا اضمار عظم تیک حرف یا کا اضمار کھطع حروف واو کا اضمار جہلوہ سلیمو نخ براخ حرف رے کا اضمار سعد لواہ طلطم جہیط حرف حا کا اضمار لیلا طلع طلع حرف ط کا اضمار شہط سلیح طمہ حرف یار کا اضمار لقنہ حکمعت مویدح حرف کاف کا اضمار سیعودہ نفطامدنخ حرف لام کا اضمار حفیظ طش ملوم حرف نون کا اضمار مدنخ کلیل حرف سین کا اضمار حمط مطلع حملط جسم حرف عین کا اضمار عظیم عن فوادر حرف عین کا اضمار کلیطم ددطش حفیظ ط حرف صاد کا اضمار سعود ہمیش حرف کاف کا اضمار عدعیقر طلحیایش حرف را کا اضمار سطیت لہیل وہیوم حرف شین علسطین ہہفاعل ہہعط حرف تا کا اضمار مبر میلو حفیط حرف ثا کا اضمار ہفط حرف خا کا اضمار حج ہلہیل حرف دال کا اضمار علمص محدرع سہلط حرف ضا کا اضمار علم مص محدرع شہلط حرف ظا کا اضمار توع زع احوش احوش اور معلوم ہو کہ حرف ضاد اور حرف کلات فرد ہے جس کا اضمار و اعظ ہے اور حرف عین کے موکل کا اضمار سلت کلکت اھیوز و نعمت ہے بس یہی کل اضمارات ہیں۔

ستاروں کے ساتوں آسمانوں کا دورہ

معلوم ہو کہ چاند انیس دن اور ایک دن کی لمبائی میں آسمانوں کا دورہ کرتا ہے اور عطارد اٹھائیس روز میں اور زہرہ دو سو چوبیس روز میں ایک دن کی چوتھائی میں اور آفتاب تین سو پینسٹھ روز میں فلک کو طے کرتا ہے اور مریخ چھ سو تیس میں اور مشتری گیارہ برس میں اور زحل انتیس برس میں طے کرتا ہے۔

مقامات بروج

معلوم ہو کہ قمر کا ہر برج میں دو دن تیس رات کا مقام ہے اور عطارد ہر برج میں پندرہ دن اور زہرہ کا مقام ہر برج میں پچیس روز کا ہے اور مشتری کا ہر برج میں مقام ایک سال کا ہے اور زحل کا تیس مہینے کا۔

شرف کوکب

قمر برج ثور اور عطارد سنبلہ میں اور زہرہ کا حوت میں اور آفتاب کا حمل میں اور مریخ کا جدی میں اور مشتری کا سرطان میں اور زحل

از جناب حکیم شمس الدین صاحب منجم رمال قلندری

جدول کیفیات سیّارگان

نام سیارگان	آفتاب	ماہتاب	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	راس	ذنب
سعد و نحس	نحس کمتر و سعد	سعد اصغر	نحس اصغر	نحس ممتزج	سعد اکبر	سعد اصغر	نحس اکبر	نحس	نحس
رنگت	سرخ سفید	سفید	سرخ سفید	سفید مائل و سبزی	آسمانی نیلم رنگ	گندمی سفید	سیاہ	سیاہ	سیاہ
طبع	صفرا	بلغم	صفرا دموی	ممتزج	گرم تر بلغمی	سرد تر بادی	بادی	بادی	بادی
تعلق دن	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ	×	×
ماہ ہندی	بھادوں	ساون	بیساکھ	کنوار	چیت دیوس	کارتک جیٹھ	ماگھ پھاگن	×	×
وقت قوت	دوپہر دن	رات	رات	ہر وقت	دن	دن	تیسرا پہر	×	×
دور اکبر	۶ سال	۱۰ سال	۷ سال	۱۸ سال	۱۶ سال	۲۰ سال	۱۹ سال	۱۸ سال	سات سال
مالک فلک	۴	۱	۵	۲	۶	۳	۷	×	×
تعلق بہ جواہرات	یاقوت عقیق	گوہر لولو	مرجان سرخ	فیروزہ	پکھراج زرد عقیق	الماس موتی	نیلم	×	×
نظر کامل	خانہ ۴ سے ۹ سے	خانہ ۵ سے ۹ سے	خانہ ۵ سے ۹ سے	خانہ ۵ سے ۹ سے	خانہ ۳ سے ۵ سے	خانہ ۴ سے ۸ سے	خانہ ۳ سے ۱۰ سے	×	×
نصف نظر	خانہ ۵ نو پر	خانہ ۵ دس پر	خانہ ۵ دس پر	خانہ ۳ دس پر	خانہ ۳ سات پر	خانہ ۳ دس پر	خانہ ۴ آٹھ پر	×	×
پونی نظر	خانہ ۴ آٹھ پر	خانہ ۵ نو پر	خانہ ۵ نو پر	خانہ ۵ نو پر	خانہ ۳ پانچ پر	خانہ ۴ آٹھ پر	سات پر	×	×
پاؤ نظر	خانہ ۳ دس پر	خانہ ۳ دس پر	خانہ ۵ سات پر	خانہ ۵ دس پر	خانہ ۴ آٹھ پر	خانہ ۳ دس پر	خانہ ۵ نو پر	×	×
مدت در برج	ایک ماہ	۲½ دن	۴۵ دن	۲۲ دن	۱۳ ماہ	۲۷ دن	۲½ سال	۱۸ ماہ	۱۸ ماہ
رفتار سیر	سیدھی	سیدھی	سیدھی الٹی	سیدھی الٹی	سیدھی الٹی	سیدھی الٹی	سیدھی الٹی	الٹی	الٹی
سالانہ دور	۳۶۵ یوم	۳۶۵ یوم	۶۸۶ یوم	۳۶۰ یوم	۳۶۵ یوم	۳۶۵ یوم	۳۰ سال	۱۸ سال	۱۸ سال

بارہ برجوں یعنی راشیوں کا ماہانہ ثمرہ نیک و بد حالات بابت ماہ محرم الحرام سنہ ۱۳۹۵ ہجری

حمل (۱) میکھ	ثور (۲) برکھ	جوزا (۳) متھن	سرطان (۴) کرک	اسد (۵) سنگھ	سنبلہ (۶) کنیا
